پہلے تمہیں مری تھے تمہیں دلربا بھی ہمن

جسکو [illegible]

بابو گنگا پرساد صاحب ورما نے ایک انگریزی
ناول مائی فرسٹ اینڈ لاسٹ لو مصنفہ
مسٹر گرے مشہور نامی گرامی ناول سے
اردو میں ترجمہ کیا



لکھنؤ

جی پی ورما و برادران پریس میں طبع ہوا

خلاصۂ ناول

سنہ غدر میں ایک پادری صاحب میرٹھ میں تھے ان کی دو خوبصورت اور حسین لڑکیاں اور ایک پرکالۂ آتش بھتیجی تھی۔ بڑی کا جسکا نام لینا تھا ولایت ہی میں سے ہو رہا تھا ایک کپتان سے منگنی ہو گئی تھی۔ مگر کورٹ شپ ہی میں کپتان صاحب ہندوستان چلے آ گئے۔ اور ایک دوسرے جوان رشید کرنل [illegible] کرنل پر نظر عنایت ہوئی۔ کرنل صاحب مشہور شخص تھے۔ اتفاق کی بات انکو ہندوستان آتے ہی ایک مالدار بیوہ مل گئی۔ لینا نے دہلی آتے ہی کچھ تو شرم اور کچھ کرنل کی بیوفائی کے باعث شادی سے بالکل انکار کر دیا۔

دوسری کا نام کیٹ تھا۔ یہ ایک لفٹنٹ فوج ملن پر عاشق تھی۔ تیسری سنہلے بالوں والی پولی ابھی الھڑ تھی۔ اور عاشقی اور معشوقی کے جھگڑے میں نہ پھنسی تھی۔ پادری صاحب کے دہلی آتے ہی کپتان ہرور بھی تبدیل ہو آیا۔ اور کرنل ڈکن کی بیوفائی کے باعث اپنی کامیابی میں پھر کوشش کر کے لینا پر پھر ڈورے ڈالنے شروع کئے۔ یہ فکر ہو رہی تھی کہ یکایک میں کرنل ڈکن کی نئی دولہن بغاوت کا پہلا نشانہ ہوئی۔ اور یہ دو ہی مہینے کے بعد دہلی میں آ دھمکی۔ لینا نے ایک سی تو اپنی بیوفائی اور دوسرے اوسکے دغا اور فریب کے باعث شادی سے انکار کر دیا۔ کیٹ بالکل ثابت قدم اور مستقل تھی۔

ادہر تو یہ کارروائی ہو رہی تھی دوسری جانب شاہ دہلی کے دو بیٹے ان تینوں لڑکیوں پر عاشق ہوئے۔ شاہزادہ مرزا مغل نے تو لینا کو اور شاہزادہ مرزا ابوبکر نے مس پولی اور کیٹ کو پسند کیا اور طرح طرح کی فکریں انکو محل شاہی میں داخل کرنے کی سوچنے لگے۔ ایک جانب یہ عشق کی گھاتیں ہو رہی تھیں دوسرے طرف مفسدہ پرداز باغی شاہ دہلی سے دیوانخانہ میں خفیہ سازشیں انگریزوں کے نکالنے کی کرتے تھے۔ کیٹ کی شادی ملن سے ٹھہر گئی اور جیسے ہی رسم شادی گرجا میں ادا ہو چکی کہ میرٹھ سے باغیوں نے آ کر غدر کر دیا۔ اوس وقت کی بے مددگی پریشانی مصیبت کا بیان تو ناول سے ملے گا غریب بیکس و حرکت انگریزوں کے ہاتھ مظلوم [illegible] سپاہیوں کی سازش انگریزوں کی گھبراہٹ شہر میں ان کے ساتھ بدسلوکیاں۔ نانا دہلی سنگھ [illegible] راے و حافظ غلام محی الدین و عظیم اللہ خان کی شرارت وغیرہ کا حال ناول کے پلاٹ بتلاتے وقت لکھنے کی حاجت نہیں۔ ہم صرف اپنے صاحب قصہ کا کچھ حال بیان کرینگے۔

منجملہ قتل اور انگریزوں کے پادری کے خاندان پر بھی آفت و تباہی آئی۔ پادری صاحب تو زخمی ہو کر باغ مغل ہی میں قید ہوئے۔ وہی سنہلے بالوں والی پولی مرزا ابوبکر کے محل میں داخل ہوئی۔ کیٹ اپنے چند ہی منٹ کے شوہر سے جدا ہو کر تمام شب قلعہ دہلی کی بازاروں میں گھومتی گھومتی ایک تاجر پارسی کے یہاں [illegible] جہاں سے ایک جاہل ہندو سپاہی کے ہاتھ پڑی۔ لینا نے اپنے بہادر ایماندار عاشق صادق ہرور کے ساتھ سرہند کے جنگل میں جان بچائی۔ مرزا مغل ہو [illegible] تک مایوس تھا انکا تعاقب کرتا رہا۔ پادری صاحب تو کڑھ کڑھ کر مر گئے۔ غریب پولی کی ضد نے کہ عیاش شاہزادہ مرزا ابوبکر کی خواہش پوری نہیں کی جان لی۔ لینا کی ہرور سے نینی تال میں شادی ہوئی۔ انگریزی فوج دہلی واپس آئی۔ اور یہاں بدلا لیا۔ اول حصہ میں تو انگریزی کورٹ شپ تیس سال ادہر جانب کی انگریزی طرز معاشرت دلیسیوں کی خفیہ سازش ٹھگوں کا حال اونکی بنا بیان کی گئی ہے۔ دوسرا حصہ بغاوت کا ہے۔ تمام حال بغاوت کا بیان کر دیا ہے۔

دیباچہ مترجم

ے کتاب مین کسی دیباچہ کی ضرورت نہ تھی - اب اگر مین یہ چند سطور لکھتا ہون تو اول -
ے یہ عرض کرنا ہے کہ مین نے جہان کہین میرے خیال مین ضرورت معلوم ہوئی ایسے
ے کے ترجمہ سے محنت بچائی کہ جسکا ترجمہ ہندوستانیون کے موافق مذاق نہوتا —
یہ موقعون پر صفحے کے صفحے چھوڑ دئے گئے ہین - دوسرے مجھکو مولوی عبدالحلیم صاحب شرر
یر رسالہ دلگداز کا شکریہ ادا کرنا ہے کہ جنھون نے کچھ حصہ کی قبل طبع ہونے
ے نظر ثانی کی تھی —

گنگا پرساد ورما —

دفتر اخبار ہندوستانی

۲۰ - دسمبر ۹۸ء

باب پہلا

جیک ہرور

"اُن۔ ٹِن تم یہ ہی کہتے ہو کہ اصل مین وہ رڈوکن کی چال مین مارڈالی گئی"

"جیک کرنل ابی گبی تیز بھگائے کنٹونمنٹ مین چلے جاتے تھے۔ پس اوسی وقت اون بدمعاشون نے گولی سے کام تمام کردیا۔ یہ واقعی حیرت کی بات ہی کہ کرنل بچ گئے اسلیئے کہ سپاہیون نے دونون طرف سے بندوقین سر کرنا شروع کردی تھین"

"افسوس بیچاری مینہ ہی بھر مین ایک لڑکے کی مان ہوتی حقیقت مین یہ بڑا دل دُکھانے والا واقعہ ہی"

"اسمین شک نہین کہ ان چربی کے کارتوسون سے جیسا کہ ان غلامون نے نام رکھا ہی بڑا خوفناک فساد ہوسکے معلوم ہوتا ہی۔ اور ابھی تو اس کمبخت واقعہ کی ابتدا ہی"

"ٹِن تم ٹھیک یوروپین ہو کہ شاہ دہلی سے لیکر کلکتہ کے ایک ادنی قلی تک سبکو غلام کہتے ہو"

گفتگو کرنے والے دو شخص تھے جان ٹرے ویلین ہرور عرف جیک ہرور سرکاری فوج پیدل کے کپتان اور اونکے مہمان رولی ٹامس مین بنگال نفرلیر کے لفٹننٹ تھے گرابہ دونون مشہور ہیں تاہم دہلی مین متعین تھے۔ اور دونون اسوقت برانڈی اور برف کے ذریعے مین بغاوت کے شروع ہونے کے آثار پر بحث کر رہے تھے۔ چرٹ کا ایک بکس بھی سامنے رکھا تھا اور پی کی گرم راتکے گھنٹے گذرتے جاتے تھے۔ اور کھڑکیون سے بنگلے کے چھوٹے باغ کی نارنگیون اور گلاب کی خوشبو ہوا کے جھونکون کے ساتھ آرہی تھی۔

دونون خوبصورت نوجوان انگریز اب کسیقدر ہندوستانی آب ہوا کے عادی ہوگئے تھے۔ اور عرصہ سے سخت گرمی برداشت کررہے تھے جو انگریزون کے خون کے حق مین نہایت مضر ہو۔ دونون سفید چھال کے کپڑے۔ ڈھیلے پاجامہ اور جیکٹ پہنے تھے۔ جسکو فقط بٹنون ہی سے ثابت ہوتا تھا کہ انکو فوج سے تعلق ہی۔

دونون پرانے دوست اور مدرسے کے یار تھے۔ بڑے گیند پھینکنے والے اور خوب کشتی کھیلنے والے ایٹن و کیمبرج کے تھے۔ لیکن جیک ہرور ہر دو مین دوسرے سے زیادہ اور قد مین لنبا اور مضبوط تھا۔ اوسکے چہرے پر مردانگی پائی جاتی تھی۔ اور اپنے دوست سے قوت مین زیادہ معلوم ہوتا تھا قد چھ فٹ کے قریب تھا۔ پیشانی سیاہ گتھے ہوئے گھونگروالے بال اور بدن سے سپاہیانہ خوبصورتی ظاہر ہوتی تھی۔

گھوڑے اور شراب کی خوب شناخت کرسکتا تھا۔ بلیرڈ کھیلنے مین نہایت زبردست تھا۔ شکار کے موقعون پر خوب مضبوط گھوڑے پر ایسا سیدھا سوار ہوتا تھا جسطرح شیر شکار پر جاتا ہی۔ ہودے پر سے شیر کو مار لیتا تھا۔ اور جنگلی سور کو بھالے مین چھید لیتا تھا۔ ان اوصاف کے اعتبار سے ہندوستان بھر مین بے مثل تھا۔ جہان جاتا ہر دل عزیز بنتا اس کام کے لیے ہمیشہ جیک ہی پسند کیا جاتا تھا۔ کہ شکار یا دعوت کی کوئی تجویز کرے۔ اول الذکر کو بس ایک عمدہ مرغ اور بس کھڑکیون کی صحبت کا شوق تھا۔ دسترخوان کا کام تولئے۔ رکابیون کا کام بھجو کے پتے کرسیون کا کام قفس اور گاڑی کے گدے دیتے تھے۔ اور سایہ دار مقام کوٹھی اور بنگلے کی جگہ پر تھے۔ غدر کہین چھو نہین گیا تھا۔ بنگال انگلسہر اور وہ سوسائٹی کا رکن تھا۔ چونکہ لیڈیون کا قحط تھا اسلیئے وہ اسقدر دلچسپی کا ذریعہ تھین۔ جہان تک کسی ایسے یوروپین کا خیال تک نہین پہنچ سکتا ہو جسے کبھی سیر و سیاحت کا اتفاق نہ ہوا ہو۔

جیک ہرور کا جسمین یہ خوبیان پائی جاتی تھین نام آرمی لسٹ مین پی ایس سی آر ہی حرفون کے ساتھ شائع ہوتا جسکا مطلب یہ ہوتا تھا کہ اوسنے فوجی امتحان

...ن گیا ہے۔ وہ اپنے چوڑے سینہ پر جنگ ستلج اور گجرات کے
...لٹکائے رہتا تھا۔ چونکہ تیس سال کا ہو چکا تھا اس سبب
...ہ کہ موسم کے مضر اثرون سے وہ بہت عرصہ تک بچ سکا
...اپنے تئین کسیقدر ڈھلا ہوا خیال کرتا تھا۔

...کا دوست ٹولی ٹامس ملن جیک سے کسیقدر زیادہ البیلا
...لمبے ہلکے اور تھوڑے گلچھے تھے۔ جو ہوا مین اڑا کرتے
...اوسوقت بھی جب پارہ تھرمامیٹر ایکسو درجہ چڑھ جاتا
...وہ اپنی مونچھین باندھا کرتا تھا۔ اور ہمیشہ کاگ کی
...ٹوپی دیتا تھا جسکے گرد نیلا کپڑا لپٹا ہوتا۔ ملن نے
...ڑی دیر خاموش رہکر جتنی دیر مین سیاہ فام خدمتگار
...گلاس کو سوڈا واٹر اور برانڈی سے بھر دیا کہا "یان
...ہی کی بجہ مجھے بہت جلد فساد نظر آئیگا مین دیکھتا ہون
...طرفون بے تمیزی برابر بڑھتا جاتا ہے اور سیاہ ہو رہا ہے"
...رو ہید کے کوچ پر لیٹ گیا اور دونون ٹانگین کرسی کے
...دونون پر رکھ کر کہا "ملن پھر تو کہو مین قسم کھا کر کہتا
...ن کہ ابھی اچھی طرح نہین سمجھا"

...یا"
...یہ ہے ہارڈکن اور اسکی بیوی کا واقعہ"

...واقعہ بارکپور مین ہوا جو کلکتہ سے ۱۴ میل ہے۔ اگلے
...ہفتہ کی ۲۹۔ تاریخ کو جیسا کہ کپتان ڈگلس جو جنل دلی کے
...رو مین متعین مین مجھ سے بیان کرتے تھے کہ ۳۴ ویں
...دیسی فوج پیدل کا ایک سپاہی جس کمبخت کا نام منگل پانڈے
...بھنگ کے نشہ مین جسمین دھتورا ملا ہوا تھا بدمست
...بندوق بھر کر لین کے سامنے پھرنے لگا بیہودہ بکتا
...اور باغیانہ آواز سے کہتا تھا۔ ایڈجوٹنٹ اور
...سرجن میجر نے کوشش کی کہ گرفتار کرلین اور اوس سے
...ہتھیار چھین لین مگر دونون سخت زخمی ہوئے۔ حالانکہ
...ساری رجمنٹ خاموش کھڑی دیکھا کی اور بیشک ان
...حرکتون کو ناپسند کرتی تھی۔

اودھ کی فوج کے کرنل ہارڈکن گاڑی پر اپنی بیوی کو
پہلو مین بٹھائے کنٹونمنٹ مین چلے جاتے تھے کہ کسی
پل کے نیچے سے گولی سرکی اور اونکی بیوی کا کام تمام
ہوگیا۔ یہ گولی منگل پانڈے نے ماری تھی جسکا نام غالباً
آپ بڑی بہادری کے ساتھ یاد کرتے ہین"

"میرا خدمتگار ۳۴ پلٹن والی سپاہی کا بھائی
ہے۔ اوسکا نام فرخ پانڈے ہے"

"تو مین فرخ پانڈے کو ابھی نکالے دیتا ہون"

"آئین! اوسکے بھائی کے جرم کی علت مین۔ نہین نہین
ملن یہ بالکل ناانصافی ہوگی۔ خیر آگے بیان کرو۔
ہان پھر کیا ہوا؟"

"ہان ۱۹ اور ۳۴ پلٹن ایک ہلکی و بڑی توپخانہ و
تین دیسی فوجون کے سامنے جو جمع کر میدان مین
تھے منگل پانڈے کو مع اوس ہندوستانی افسر کے
جو اوسوقت پہرہ پر تھا بغیر کسی زیادہ ترک و احتشام
کے پھانسی دی گئی۔ اور سب پلٹنون سے جو بارکپور
مین تھین ہتیار لے لیے گئے۔ اونکی وردیان چھین
لی گئین اور نکال دیے گئے۔ اب یہ لوگ اپنے تئین
آگ کے شعلہ کیطرح بلندی مین پھیلاتے پھرتے
ہین فرنگیون کو گالیان دیتے ہین کہ وہ چربی کے
کارتوس سے ہمارا دھرم لینا چاہتے ہین جہان پہونچتے
ہین تمام سپاہیون مین بغاوت کا مادہ پیدا کرتے
ہین۔ اون عجیب و غریب چپاتیون کے تقسیم ہونے
سے اور اور طرح کی علامات سے جو ہر مقام پر ملتے ہین
مجھے معلوم ہوتا ہے کہ ہم یورپین لوگون کے قدمون
کے نیچے ایک آتش فشان پہاڑ ہے"

جیک ہرود چونکہ ایک چرٹ دونون اونگلیون مین دبائے
بید کی آرام کرسی پر پڑا ہوا اوسی دھوئین کیطرف دیکھ رہا
تھا جو چکر کھا کر چھت کی طرف اوڑا جاتا تھا لہذا سنتے ہی

اوسنے کچھ جواب نہین دیا۔
تھوڑی دیر ٹھہر کر بولا "
"مین خیال کرتا ہون کہ رڈکن کی بیچاری بیوی مرگئی ہو
تو وہ پھر لیتا وسٹن کو شادی کا پیغام دیگا"
ملن نے کہا "میرے تو ذہن مین نہین آتا کہ اتنی بڑی گستاخی
اور بے شرمی کے بعد بھی وہ ایسا کرے۔ علاوہ اسکے
لیتا بھی اب اس امر کو پسند نکریگی"
رولی "اس بات کا زیادہ خیال نہ کرو مین بخوبی واقف
ہون کہ وہ رڈکن سے بہت زیادہ محبت کرتی تھی
ہر کسی شخص کا قول ہی کہ یہ انسانی خلقت کا خاصہ ہی
کہ انسان اپنی بدنصیبی کے باعث کبھی دانشمندی کے
ساتھ عشق مین نہین مبتلا ہوتا"
ملن "مین تو عقلمند نہین ہون۔ اور نہ کبھی عقلمند ہونیکا
مین نے دعوی کیا۔ کیا رولی یہ کسیقدر نامناسب
نہین ہی کہ ہم تم جو اسکول کے ساتھی اور پرانے دوست
ہین دونون دو بہنون پر جو پادری وسٹن کی لڑکیان
ہین عاشق ہون"
"پھر بھی غنیمت ہی کہ ہم دونون دو پر عاشق ہوے۔
ایک ہی پر دونون فریفتہ ہوتے تو کتنی بڑی خرابی ہوتی
جہان تک مجھکو علاقہ ہی مین کہے دیتا ہون اس معاملہ
کو مجھسے زیادہ تعلق ہوتا اگر میرے ساتھ
اوس برتاو سے اچھا ہوتا جو لیتا نے کیا ہے"
"اور جب اوسنے رڈکن کو پسند کیا اور اوسی شخص نے
اوسکے ساتھ کھوٹائی کی"
رولی "یہ بہت برا شرمناک ماجرا تھا۔ اور اون اگلے
دنون مین دالیہ مین رڈکن کا خاتمہ کر دیتا مگر لیتا کا
کوئی بھائی مدد دینے کو نہ تھا۔ اور باپ پادری ہو کر
یہ کر نہین سکتا تھا"
"ہر چند حقیقت مین یہ بالکل خلاف عقل کارروائی
ہوتی کہ تم اس بات پر ایک شخص سے لڑتے کہ اوس نے
اوس لڑکی سے نہین شادی کی جسکو تم چاہتے تھے
اور اسطرح سے اپنی ہر ایک امید کو خاک مین ملادیتے"
"امید!" جیک نے ایک گہرا کش سگرٹ کا کھینچا اور
کی طرف دھوان چھوڑ کر کہا "مجھکو کبھی امید نہ تھی۔
اور رولی۔ مین ہمیشہ تمھاری اوس کامیابی پر حسد
کرتا رہا جو تمنے کیٹ کے ساتھ حاصل کی۔ اور اتنا
کہونگا کہ مجھکو لیتا کے ساتھ عشق ہی۔ مگر کیٹ دونون
بہنون مین زیادہ خوبرو لڑکی ہے"
ملن نے آہستہ سے کہا۔ "ان معاملہ تو سب ٹھیک ہو گیا
ہی مگر بوڑھا پادری ہماری ایک نہین سنتا جب تک
رجمنٹ مین مجھے کوئی عہدہ نہ مل لے۔ یا جب تک میرے
چچا جو محکمہ افیون مین نوکر ہین مجھے کچھ روپیہ نہ دیدین
عرصہ ہوا اور تمھین معلوم ہو چکا ہی کہ وہ مثل پوستہ کے
پھول کے زرد ہو رہا ہی لیکن وہ بجاے اسکے کہ اپنے
بھتیجے کی شادی کو پسند کرین اپنا تحمل لپید کرتے ہین۔
اونکے مرنے پر البتہ مجھکو امید ہے ۳ ہزار سالانہ آمدنی
تو نوٹون اور دیگر امانتون سے ہی۔ خدانخواستہ تمھین
چاہتا کہ وہ مرجائین تاکہ مین کیٹ کو پاؤن"
اب دونون خاموش ہو گئے اونمین سے ایک نے گنگنانے لگا
اور نے کچھ سوچ کر کہا۔ "جب مین نے شروع مین لیتا
سے محبت بڑھانا شروع کی اور دلگی مذاق اور بےتکلفی
سے محبت زیادہ بڑھی۔ اور جب مین اوسکے ساتھ
ریشم اور سوئیون کے صندوق کو ترتیب دینے کی
کرون مین ہاتھ لگاتا مجھکو بہت کم شان و گمان تھا کہ
دنیا بھر کے مقامون کے بعد ہندوستان مین ان
تعلقات مین کمی ہوگی۔ یہان ایک نظر دن سے
گرے ہوے دیوانے عاشق کی طرح میرا خیال تھا
کہ وہ میری یا اوسکی بیوی ہوگی۔ حالانکہ وہ کسی کی

نہین ہوئی"
"جس زمانہ مین اوسنے تمھارے ساتھ شادی کرنے
سے انکار کیا - اور رڈگن کے ساتھ رہنا منظور
کی ہر کی اوس زمانہ مین کرنیل کو روپیہ کی سخت ضرورت
تھی - ایک کورٹ مارشل بھی ہونے والا تھا - اسوجہ
سے اوسنے ایک مالدار عورت صدر جج کی بیوہ سے شادی
کر لی - تاکہ اپنی تکلیفون سے بچ جاے - خود لیناؔ بھی
اس امر سے واقف تھی - اس سبب سے اوسنے بھی بعفو
معاف کر دیا"

پھر اوسنے کہا "اب وہ خوشی سے اوسکو پسند کرلیگا
اسلیئے کہ اب وہ دولتمند اور آزاد ہی - آزادی کہ ابر
خاوند پسند کرے - مگر دلی وہ سب سے پہلے
ہی میری معشوقہ تھی اور اب پچھلی ہوگی"

"جیک - زیادہ فضول بحث نکرو"

"ملن - مین تمھارے سر کی قسم کھا کر کہتا ہون"

ملن نے ایک بے اعتباری کے ساتھ کہا "پہلی ا
حقیقت مین"

"جیک - خوبصورت ہندو لڑکی کی جو داستان
بیان کی گئی ہی اوسکی کچھ حقیقت بھی ہی یا نہین"

"غارت ہو وہ قصہ اور اوسکا بیان کرنے والا
دونون - اوس قصہ اور رڈگن کی چالاکیون کی بدولت
میرے ہاتھ سے اچھی لیناؔ نکل گئی - اب جو کچھ ہونیوالا
ہی - اگر اوسکے بعد بھی وہ تھوڑی سی ذلیل ہوئی
ہی تو رڈگن کے ساتھ شادی کرے کیونکہ اب وہ
بے جورو کا ہی"

ملن نے سر ہر کا قطع کلام کرکے کہا "نہین وہ
ہرگز ایسا نہ کریگی - لیناؔ بڑی شریف اور نیک
عورت ہے"

"کوئی چوہا بھی اسقدر اندھا نہین ہوتا جسقدر عشق
مین عورت اندھی ہو جاتی ہی"

"کیون جیک اوسکے بعد تم کماندر والی سے
جا کر پھنسے"

"بالکل بیہودہ - ملن تمسے ایسی گفتگو کیونکر کیجاتی ہی
آنا ایکیا تم اونکی غیر حاضری مین اونکی بیوی کے پاس
جب خود کرنیل کورٹ مارشل مین پھنسے ہوئے تھے نہین
گئے تھے - حالانکہ تم سے اونکی بیوی سے بالکل راہ و رسم
نہ تھی"

"اچھا مین خود کیسدن اوس داستان کو بیان کرونگا
اسلیئے کہ معلوم ہوتا ہی اوسی داستان نے لیناؔ کی نظرون
سے مجھے اور بھی گرا دیا ہی"

ملن نے ہنس کر کہا "ہان یہ تمھاری خوش قسمتی ہی کہ ایسے
بچپن مین پھنسے ہوئے"

"رولی کبھی تھے - اب مین بالکل نیا آدمی ہو گیا ہون
مین لیناؔ کو بالکل بھول نہین گیا ہون - ہان اتنا ہی کہ
اب صبر کرنا سیکھ گیا ہون - کیونکہ ہنوز وہ بیوی
اور کی نہین ہونے پائی تھی کہ قسمت فوج کے ساتھ
مجھکو لکھنؤ سے یہان لے آئی اور اوس پرانے
زخم پر ایک اور تازیانہ اوسکی موجودگی ہی نہین بلکہ
اوسکی آواز سے ہو سکتا"

"کبھی کبھی وہ تمھارا ذکر کرتی ہی اور نہایت مہربانی سے"

"خدا اسکی عوض مین اوسکو برکت دے"

"ہان لیکن اب"

"کل مین شہر کو جاؤنگا اور اپنی قسمت کو ایکبار
اور آزماؤنگا - اور ہمیشہ کے لیے اس معاملہ کا خاتمہ
کر دونگا - ہان تم سے اپنی دوستی کا ہمیشہ سے
روز ملاقات ہوتی ہی - کہین اون سے نہ کہدینا

".. جسطرح تمہاری خوشی ہو۔ اب مجھکو جانا چاہیئے
ایک گھونٹ برانڈی پی کر راستہ کاٹ لون۔ انگلستان
امید کرتا ہے۔ کہ اوسکا ہر ایک باشندہ اپنا فرض ادا کریگا
میرا کام یہ ہے کہ کشمیری دروازہ پر ہو، مین پلٹن کے
کسی آدمی کے ساتھ پہرہ پر ہون۔ ہان جاتے وقت
کھانا میرے ہی ساتھ کھانا۔ احمد خدمتگار رستر کا بریان خوب
پکاتا ہے۔ مین اگر پہرہ صوبہ دار کے سپرد کر سکا تو کوشش
کرونگا کہ چاے پینے کے وقت وسٹن کے گھر پہنچ جاؤن
یہ کون چلا رہا ہے کیا سپاہی ہے؟"

"نہیں۔ ایک وحشی بوڑھا فقیر۔ حافظ فلاح الدین
اسے میرے احاطہ کے پھاٹک کے باہر آدھا دھڑ زمین مین
گاڑے مسلمانون اور فرنگیون دونون سے خیرات مانگے جاتا ہے
دیوے پستول اپنے ساتھ گاڑی پر رکھ لو اور ٹوپی
کی طرف ہر وقت خیال رکھنا۔"

"شکریہ برانڈی کا ایک جام اور اوڑایا اور بس چڑیا
کی طرح یہان سے اوڑ گیا۔"

چلتے وقت جو باتین دونون مین ہوئین وہ مختلف
تھین۔ کچھ سوا اوس سیاہ گھوڑی کی نسبت گفتگو ہوئی
جو سون پور کی گھوڑدوڑ مین دوڑی تھی۔ یہانتک
کہ فرخ پانڈے نے جسکی نسبت ابھی تک خیال تھا کہ اپنے
بھائی منگل پانڈے کی قسمت سے بالکل آگاہ نہین ہے
حالانکہ اسکو درویش کی زبانی سب حال معلوم
ہو چکا تھا۔ آکر نہایت ادب سے کہا کہ "لن صاحب
کی گھبی پھاٹک پر کھڑی ہے۔ اور اونکا چغہ بھی اوس پر
رکھا ہوا ہے۔ باہر اوس بہت گر رہی ہے۔"

ایک لمحہ بھر کے بعد رولی لن چلا گیا اور ہیرو نے سنا
کہ وہ گاتا ہوا جا رہا ہے۔

دوسرا باب

ڈھلتے ہوے سال

ہیرو کا بنگلہ کنٹونمنٹ کے اور بنگلون کے مثل تھا جیسکے
گرد اگرد ۳ ایکڑ تک ہری گھاس تھی۔ اور احاطہ ناگھی
جنگھاڑ کے پتون سے گھرا ہوا تھا جسمین سے اکثر سانپ
اور بچھو نکل آیا کرتے تھے۔ بنگلا اینٹون کا بنا ہوا تھا اور اوسپر
چونے کی سفیدی پھری ہوئی تھی۔ ایک منزلہ تھا کئی برس
سے ایک کپتان کے بعد دوسرے کپتان کے قبضہ میں رہا
اور اب بھی بہت کچھ گذری حالت مین تھا۔ جیسا کہ ہندوستان
کی کنٹونمنٹ کے ہر ایک بنگلے ہوا کرتے ہین۔ سامنے
ایک برآمدہ تھا جہان سے ایک غریب کمبخت بالکل ننگا
دبلا پتلا آدمی نظر آتا تھا جسکی کالی صورت سے ثابت ہوتا
تھا کہ کالے سے کالے شاہ بلوت کے درخت سے تراش کر
بنایا گیا ہے۔ یہ کالا آدمی پنکھے کی رسی پکڑے ہوئے جو ہیرو
کے سونے کے کمرے کی دیوار سے ایک سوراخ مین ہو کے
باہر نکلی تھی پنکھا کھینچ رہا تھا۔ ہیرو کے بیٹھنے کا کمرہ بالکل
خراب ہو رہا تھا۔ کہین کہین مکڑی کا جالا تھا جیسا کہ
عموماً فوجی بنگلون مین ہوتا ہے میز پر سواے اوس پتیلے
کے جسپر سوڈا واٹر کی خالی بوتلین پڑی ہوئی تھین اور
کچھ نہ تھا۔ ان بوتلون مین شراب کی فقط ایک بوتل
رکھی تھی۔ اور ایک کاپور کا بنا ہوا چرٹ کا بکس کبھی کبھی
آنے جانے والے کے لیئے رکھا رہتا۔ علاوہ اسکے تھوڑی
سی پھٹی پرانی ریلوے کتب خانہ کی کتابین پڑی ہوئی
تھین۔ حالانکہ اب تک کسی ریلوے گاڑی کے پہیے
کی آواز بھی ان شمالی صوبون مین سواے الہ آباد کے
چند میل تک نہین آتی تھی اور بستر کے کونے پر جیک کی
خاص کتابین جو جنگ کے متعلق تھین پڑی ہوئی تھین
ایک کونے پر دو مصنوعی تلوارین پڑی ہوئی تھین
دوسری طرف ایک دونالی بندوق اور ایک سوئر کے
مارنے کا بھالا۔ بھالا کرا [illegible] بخار سے مر گیا تھا

اوسکی چند روغنی تصویرین کیلون سے دیوار مین لٹکی ہوئی تھین۔ اور گو اونکا رنگ اوتر گیا تھا اور مکھیون نے خراب کر ڈالا تھا۔ مگر اسپر بھی اون تصویرون سے انگلستان یاد آجاتا تھا جو یہان سے ۵ہزار میل کے فاصلہ پر تھا۔

میز کے قریب فوٹو کی تصویرون کا ایک البم پڑا ہوا تھا جسمین انگلینڈ اور کالج کے ساتھیون کی تصویرین تھین اور اونکی بھی تصویرین تھین جو اس آفتاب کی زمین پر بالکل خراب ہو گئی تھین۔

جیک کی خاص البم مین پرانے معشوقون کھوے ہوے اور چھوٹے ہوے دوستون اور اون ملاقاتیون کی جو اب دنیا سے گذر چکے تھے اور جنکی نسبت وہ کہا کرتا تھا کہ ہر ایک شخص کے دیکھنے اور غور کرنے کے قابل ہی یادگارین تھین۔

یہ تھوڑا سا اسباب عام طور پر فوجی جلاوطنون کے ہان ہوا کرتا تھا اور اسی اسباب کے بکس مین جیک ہرور نے اپنی مان کی دی ہوئی اور داغ کا عطیہ یعنی بائبل کو بھی رکھ لیا تھا۔ جو ہرور کے باپ نے عاشق ہوتے وقت اونکی مان کو تحفہ کے طور پر دیا تھا۔

اب وہ دونون برابر برابر تصویرون مین ایک انگریزی گرجا کے سامنے لیٹے ہوے ہین۔ جیک ہرور ایک بے پروا آدمی تھا۔ لیکن اسپر بھی یہ پہاڑ کی چڑھائیون اور جنیا اور گنگا کے قریب جنگلون مین گھنے درختون کی طرف دیکھتا تھا۔ اور کبھی اپنی طرف دیکھ کر کہتا کہ وہ بہت بوڑھا اور بہت ہی ناتوان معلوم ہوتا ہی۔

ہرور نے ہندوستان مین کسیقدر زیادہ فوجی ملازمت کی تھی لارڈ ھارڈنج کے سکھون کے مقابلہ اور لڑائی مین ایک سے زیادہ مرتبہ تمغے حاصل کیئے۔ گو ایسا بہادر تھا مگر غصہ بالکل نہ تھا اور اب اپنے تئین پورا سپاہی اور دنیا کا آدمی خیال کرتا تھا تاہم وہ اپنی آرام کرسی پر اپنے دوست کے چلے جانے کے بعد سوچتا رہا اور کھڑکی سے اون باغون پر غور سے دیکھتا رہا جنکے درختون سے نیلا آسمان نظر آتا تھا۔ کبھی کھڑکی کیطرح خیالات جاتے اور پرانی باتین جوش جوانی و عشق کی کہانیان یاد آتین اوسکی امیدین دل مین اوٹھتی اور بجھتی جسطرح سے بہار کے بعد گرمی آتی ہی اور گرمی کے بعد سردی ہوتی ہی۔ اوسکی زندگی مین کیسے کیسے عجیب و غریب تبادلے ہوتے۔

تھیکری نے لکھا ہی "ہزارون خیال ایک انسان کے دل مین پیدا ہوتے ہین جوتا وقتیکہ وہ قلم لیکر لکھنے کو نہیں بیٹھتا اوسکو نہین معلوم ہوتے اسواسطے دل اوسی کے واسطے ایک راز کی جگہ ہی اور جو اوسی کے ساتھ ہوتی ہی"۔

جیک نے آہ کھینچی اگرچہ نیند معلوم ہوتی تھی۔ اور حقہ کی ایک کش اور پنکھے نے اور بھی غنودگی طاری کر دی تھی مگر اوسکے خیالات انگلستان تک پہونچ گئے۔

اوسنے غور کرکے کہا "یہ بات کسقدر غضبناک معلوم ہوتی ہی۔ جب گذشتہ سالون پر نظر کیجاتی ہی جو ہمیشہ کے لیے گذر گئے۔ جو دائمی قیام کے آگے سمندر مین ایک قطرہ کے مثل مین مگر جاسے جو کچھ ہو لکن کے ملاقات سے ان خیالات نے اور بھی زور پکڑا۔ بارکپور کے بلوہ کی اون خبرون اور عشق کی اون باتون نے جب وہ لینا پر عاشق تھا اوسکے دل کو مسوس ڈالا۔ اور جیک ہرور نہایت ہی بے چین ہو گیا۔ اوسی عالم خیال مین اپنے ابتدائی جوش عشق اور لینا کے مکان مین مہمانی کے عالم مین اوس عشق کی ترقی اور پرانے گرجا مین ملاقاتین باغون مین سرخیون کے بستر اور سیب کے درخت کے نیچے خوش خوش گھنٹہ گذرانے مین گذرا۔

اتنے مین وہ وقت آگیا جب رڈکن اوسکا رقیب ہوا۔ اوسکے بعد فوج کا یاد آتی درہ خیبر کی مصیبتین افغانستان کی جنگ سیل کی خوبیان اور اوسکی فتح کامیابی سب ایک دوسرے کے بعد

یاد آتی تھین۔
اسکے بعد وہ جھگڑا یاد آیا اور وہ بد مزگی جب اسکے مقابلہ مین اسکا رقیب پسند کیا گیا اور جس سبب سے اوسکو انگلستان سے ہندوستان آنا پڑا۔ یہان ایک خط سے اوسکو اطلاع ہوئی کہ مس وسٹن کو دھوکا دیا گیا جیسا ہم اوپر بیان کر چکے ہین اور اس واقعہ پر اوسکو غصہ آیا لینا کی بیدردی سے اوسکو یہ بات اپنی کامیابی کی تو نہین معلوم ہوئی لیکن اصل مین لینا پر افسوس معلوم ہوا۔
اوسکے بعد ایک مرتبہ کلکتہ کی راہ مین لینا سے ملنے کا اتفاق ہوا پھر بدقسمتی سے اوسکے باپ بوڑھے پادری صاحب انڈلی کو بوجہ چند تکلیفون کے اپنے دوست بشپ کلکتہ کی معرفت سے دہلی مین ایک جگہ قبول کرنا پڑی۔
اب یہ سب ہندوستان ہی مین تھے اور روڈگن ایک بالکل آزاد اکیلا رہ گیا تھا اور وہ خود غرضانہ اور مجبورانہ اسباب جنکی وجہ سے اوسکو ایک کسیقدر سن رسیدہ بیوہ سے شادی کرنا پڑی اور رہ گئے ہرورکو ابھی تک اسبات مین شک نہ تھا کہ کرنیل لینا سے محبت کرتا ہے اور شاید خیال ہو کہ ابھی تک لینا پھنسا لیجانیکے قابل ہے۔ اس خیال پر اوسکو ذرا غصہ آیا اور حقہ کی نہال نکالکر بڑبڑا کے کہنے لگا "اب جہانتک بن پڑیگا مین روڈگن کو دوسرا موقع نہ دونگا۔ مین کل سوار ہو کے جاؤنگا اور ملاقات کرونگا اور پھر دوبارہ پیغام دونگا اسکے سوا وہ کیا کر سکتی ہے۔ کہ پہلی دفعہ کیطرح سے اس مرتبہ بھی انکار کر دے"
بڑے اشتیاق کے ساتھ پرانی ملاقات کی باتین یاد کیتی تھین اور ہوشیاری کے ساتھ سب آثار نشان۔ اشارے الفاظ عزت محبت اور عشق کی باتین اسوقت یاد کی جاتین جن سے ظاہر ہو کہ ہرور اب بھی اوس سے محبت کرتا ہے۔
انڈلی کے مزے اور لطف کے دنون مین ایک زمانہ تھا کہ جب ہرور کو کسیقدر شبہہ ہوتا تھا لیکن یہ شبہہ اس خیال سے مٹ جاتا کہ لینا سے ایسی حرکت ہرگز نہین ہوگی۔ مگر جب روڈگن آیا تو اس امر کی پوری تصدیق ہو گئی کہ وہ مفتون مزاج ہے۔ شک یقین کے مرتبہ کو پہونچ گیا مگر ابھی تک لینا وسٹن پر عاشق تھا اوس کو کبھی کبھی یہ خیال ہوتا کہ یہ کتنی بڑی کسر شان کی بات ہے۔ لیکن دل مین پھر کہتا کہ شان اور عشق کا بہت ساتھ ہوتا ہے۔
تو پھر کل خدا کرے کہ مجھے پولی کے دق کرنے سے جیسا کہ مین انڈلی مین کیا کرتا تھا کچھ زیادہ نصیب ہو۔ پولی لینا کی چھوٹی بہن تھی۔ غریب جبکہ چھ سال اور انگلستان مین پولی کو اپنے گھٹنون پر چڑھا لیا کرتا اور جھولا یا کرتا اور اوسکی نرم اور خوبصورت اونگلیون کی تعریف کیا کرتا تھا۔ یہ وہ بھول ہی گیا کہ اب پولی کی عمر ۱۶ برس کی ہے۔ سنہلے بال اور نیلی آنکھین ہین جنکی اسٹیشن بھر کے سپاہی تعریف کرتے ہین واللہ اب تو مین بوڑھا ہوتا جاتا ہون اور پولی قریب قریب عورت کے ہے اب مجھے سونا چاہیے۔ دیکھو فرخ پانڈے گھوڑی لاؤ" اوسکے ایک خدمتگار نے جو سفید پگڑی باندھے اور اچکن اور پاجامہ پہنے ہوئے تھا آکر کہا " ہان صاحب گھوڑی اور بچھونا طیار ہے" فرخ نے اوس گھوڑی سے پانچ منٹ تک ایک ایک کرکے سب ہی سے چھڑ لگائے۔ اس ٹٹو اور پرانے بچھونے پر جو ایک برابر اون لوگون کے کام آتا تھا جو فوج کے ساتھ ان شمالی صوبون مین سفر کرتے تھے۔ جبکہ ہرور نے شب کا باقی ماندہ حصہ لینا کے خیال مین صرف کیا۔
وہ کبھی کبھی بیچ مین دو ایک منٹ کے لیئے جاگ پڑتا تھا کہ پنکھا قلی کو ڈانٹے یا ڈوری کھینچکر جگائے جو بہت عرصے کے ساتھ بیدار اور پنکھا کہ سب آفتون سے بچنے [illegible]

سر رکھکر سو جاتا تھا۔

ہیرور کے بچھونے کے پاس اوسکی تلوار و شکاری گھوڑا بندھا رہتا تھا اسلیئے کہ مشہور بغاوت کے پہلے کوئی یوروپین شاذ و نادر ہندوستان مین بغیر کسی ہتیار کے سوتا تھا۔ ہمیشہ کھٹکا و خوف رہتا۔ جو چور اپنے ننگے بدن پر تیل لگائے ہوتے تھے اونکا اور جنگلی سوروں شیروں اور چار چار فٹ کے لمبے سانپوں اور اور بلاؤن کا کھٹکا لگا رہتا تھا۔ اور گھر کیون کا کھلا رہنا کسیقدر تشویش کے پیدا کرنے کا باعث تھا۔

بہت سے غریب گورے اپنی بیویون اور بچون کے ساتھ اوس رات گہری نیند مین سو رہے تھے۔ سب اس سے بیخبر تھے کہ سیکڑون اور ہزارون پوشیدہ عہد و پیمان کی چپاتیان انکے ہاتھ تقسیم ہوتی ہیں۔ ہندو وشنو کا ذکر کرتے ہیں اور اپنے ساتپ ہندو مذہب و دیوتاؤن سے۔ اور مسلمان محمدؐ سے فرنگیون اور یورپین لوگون کے خون پینے کی دعائین مانگتے ہین۔ اونکو خبر نہ تھی کہ در بدر پھرنے والے فقیر چالاک ایلچی اور وہ سپاہی جن سے ہتیار چھین لیے گئے تھے یہ سب ہندوستان بھر مین چکر لگا رہے ہین۔ دیسی فوج کو بھڑکا رہے ہین۔ کہ بلوہ اور قتل عام کرے یہ معلوم ہی نہین کہ قریب کے سب بنگلون کی نسبت سوار گولہ انداز اور پیدل فوج کے سپاہی انمین کسی وحشت ناک معرکہ کی تجویز اور بندوبست اور مشورہ کر رہے ہین ہر ایک رجمنٹ کا ہر ایک سپاہی اپنے فرنگی افسر کو مار ڈالے۔ اور اوسکی بیویون اور لڑکیون کو مال غنیمت خیال کرے۔ او اسی کے ساتھ جیسا کہ وہ کہا کرتے ہین وے اپنے نمک کا حق ادا کرینگے۔"

تیسرا باب

کنٹونمنٹ

ہیرور نے ہمت باندھ کر اور کسرشان کے برچھیان کو دبا کر کے دل ٹھکانے کیا تا کہ صبح کو جسوقت مس ورسٹن سے ملاقات کا ارادہ تھا اوسکا ساتھ دنیا یہ سب خوشی نا امیدی اور آئندہ دبے لطفی ملاقات پر منحصر نہین۔ جو کچھ اسقدر عرصہ کے گذر جانے کے بعد اور جو اس درمیان مین ولایت سے رخصت ہونے کے بعد ہوا تھا اسپر اوسنے زیادہ غور نہین کیا تھا اسلیئے کہ اوسوقت وہ اوٹھکر غسلخانہ مین گیا جہان فرخ پانڈے نے گھڑون پانی ڈالنا شروع کیا کہ جسوقت مغربی دنیا کے لوگ معمولاً اپنے بچھونون پر جاتے ہین۔

فرخ کا پکایا ہوا مرغ کے گوشت کا ٹکڑا وہ کھا رہا تھا۔ کہ قریب کے بنگلون سے اوسکے لفٹنٹ سپاہی فرینک ٹمپیل اور ہیرک ڈویل اپنے اپنے قریب کے بنگلون سے نکل کے آئے کہ بارکپور والے کمبخت معاملہ پر کچھ گفتگو کرین۔ اور ان پانڈیون کے (یہ لفظ کل باغی سپاہیون کے واسطے انگریز استعمال کرتے تھے) مارنے کی قسم کھائین۔

ہیرور کے ساتھ شاید کم محبت یا زیادہ یقیناً بالکل محبت نہین لیکن ان لوگون نے فرخ پانڈے کے طیار کیے ہوسے کھانے پر خوب ہتہ مارے جسمین ادبالے ہوسے چاول۔ مکھن کچھ سبز ترکاریان مچھلی وغیرہ شامل تھی جبیک انکی نیاب نظر کرتا تو انکی بھوک پر خوامخواہ حسد کرتا تھا۔ یہ دونوں خوش مذاق اور جوان آدمی تھے۔ بہت خوبصورت اور پورے اس حال سے واقف۔

اگرچہ انکو معرکہ مین بہت بڑا حصہ لینا پڑا مگر انمین کوئی ایسی خاص بات نہ تھی۔ یہ دونون ہنس مکھ شریف اور بیسیوں افسرون کی طرح تھے جو ہماری فوج مین ہوا کرتے ہین۔

ڈویل نے کہا "کل رات تو بہت گرمی تھی"

ہیرور نے جواب دیا "لیکن ہندوستان مین تو یہ کوئی تعجب کی بات نہین ہے"

ٹمپیل "یہ مچھلی کیا جہاں سے آئی ہے۔ ؟"

"یہ مگمگ تمہارا زیادہ اور کہان سے آسکتی ہے ؟ - لیکن

کیون ؟"

ڈویل مزیدار خوب ہے -

ڈویل نے اس موقع پر آئرلینڈ کی ایک داستان چھیڑدی جسکو سبھون نے نہایت توجہ کے ساتھ سُنا -

ڈویل نے سرور سے پوچھا "کیا تمنے وسٹن کی بیٹیون کی نسبت کوئی آخری خبر سنی ہے ؟"

"خبر" چہرہ کی رنگت بدل گئی "نہین کوئی خبر نہین آئی "شاہزادہ ابوبکر کی نسبت جو شاہ دہلی کے بیٹے ہین"

"نہین - لیکن مین خیال کرتا ہون کہ انکا حال تو الف لیلی کے سوا اور کہین نپاؤ گے - آخر کہو تو کیا ماجرا ہے ؟"

"لوگ بیان کرتے ہین کہ انھون نے ایک کشمیری شال ایک بجڑاؤ طوق یہ نہین معلوم کہ کیون مگر پادری وسٹن کے بیٹی کے پاس بھیجا ہے"

کسیقدر نخوت کے ساتھ "تم تو اس خبر کے ایک مستند ... ہوگے"

"... اسلئے"

صاف صاف یہ جواب دیا گیا تھا -

"یہ خوب ہوئی مجھے پادری کی بھتیجیون خصوصاً ... لولی سے ... ساتھ محبت ہے"

کسیقدر ظریفانہ کہا "یہ دہلی مین مشہور ہے کہ شاہزادہ مرزا مغل اور ابوبکر جب سوار ہوکے نکلتے ہین تو پادری صاحب کی جانب گھور کر جاتے ہین"

سرور نے برہم ہو کر کہا "گستاخ غلامون کا ایک گروہ ہے"

"لیکن اس سے تو کچھ مطلب نہین نکل سکتا"

"... نہین ... ہو سکتا - وہ دونون

کون تھے جو گاڑی کے ساتھ تھے"

"مین خیال کرتا ہون شاہزادے تھے - اور بابو بلی سنگھ جنکے غضبناک چہرہ کا اوپر سایہ رہتا ہے"

"نہین وہ خوبصورت لیڈیان کابلی گھوڑونپر سوار تھین"

"وہ دونون اسکاچ لڑکیان تھین جو یہان اپنے چچا جیمز لسلی کے پاس آئی تھین"

"وہان کوئی اور آدمی اونکے ساتھ نہ تھا"

"وہان فقط ڈکی ریورس ویسی ہے وین فوج بنگال کا تھا"

سرور نے دل مین شکریہ ادا کیا کہ وہ بے چور و الا روکن پھر یہان نہین ہوسکا ہے کیونکہ حسد اور تشویش کے باعث اوسکو خوف تھا کہ بغیر وقت کا انتظار کئے روکن جلد دہلی مین نظر آویگا - گو خوش وضعی اور جماعت سپاہ کے قاعدے نے اوسکو مجبور کر رکھا تھا کہ اپنی بیوی کے وفات کے بعد اپنی جلد دوسری جماعت ہو -

ہمیل نے کہا "انھون نے ہماری طرف اشارہ کیا"

"کس نے ؟ اون اسکاچ لڑکیون نے ؟"

"وہ خیال کرتی ہین کہ لینا وسٹن کسیقدر ڈھل گئی ہے"

"بالکل گپ بالکل گپ"

ڈویل نے کہا "بہتر ہے کہ لینا وسٹن اپنے قدرتی حسن و جمال مین کوئی اضافات شامل کرین"

"ہندوستان کے مقامون مین اور خصوصاً دہلی کے ایسے مقام مین جہان اگست کے مہینے مین گرمی ۹۸ اور سو درجہ تک پہونچ جاتی ہے لڑکیون کے گال شگفتہ نہین ہوتے"

خدا خدا کرکے گرم ہندوستان کے گرمیون کا دن ختم ہوگیا اب صبح کی پریڈ کا ذکر ختم ہوا - سرور اپنے بنگلہ پر آمدے مین لیٹا کرتا اور پاجامہ پہنے کبھی حقہ پیتا اور کبھی ایک ناول جسکو وہ دیکھ رہا تھا علیحدہ رکھ دیتا

اور رخصت [illegible] گیا۔

آخر کار دن کے ختم ہونے کا وقت آگیا اور اسنے نہا کر جلد
ایک قریب کے مس مین کھانا کھایا۔ ہوشیاری سے
کپڑے پہنے۔ گھوڑے کی تیاری کا حکم دیا جس حکم نے
بہشتی۔ سائیس۔ گھسیارہ اور بہت سے آدمیون کو
مستعد بنا دیا۔ کیونکہ ہندوستان مین کوئی شخص
سوائے ایک خاص کام کے دوسرا کام نہین کرتا۔
لیکن جس طرح سے مکانون کا دھوان بتلا دیتا ہے
کہ کس طرف کی ہوا ہے ویسے ہی آنے والے طوفان کے
اشارے ہرور کے چہرے سے بنگلے مین اسوقت پائے
جاتے تھے۔ دیسی ملازم اسقدر خاموش بیٹھے
ہوئے تھے دوسرے کے بعد حقہ پی پی کر دیر لگائی کہ گھوڑا
حکم دینے کے گھنٹہ بھر بعد دروازے پر آیا۔

"مین قسم کھا کر کہتا ہون کہ اگر پھر مین حکم دونگا
تو تم لوگون کو کوڑے سے ہشیار کرونگا۔ دیکھو فرخ
اوس تلوار کی میان صاف کرو۔ بہت گرد جم گئی ہے"

"صاحب یہ میان چمڑے کا ہے اور شاید بیل کا چمڑا ہو"

"اگر ہو بھی تو کیا ہرج ہے"

"پاک جانور بے شک چھونے کے قابل نہین اور فرخ
پانڈے کی ذات بہت اچھی ہے۔"

"تیری ذات" جب کوئی سخت کلمہ زبان سے نکالنے والا
تھا کہ کچھ سمجھ کر رک گیا۔ اور میان خود اپنے رومال
سے صاف کر لیا۔

فرخ نے دبی زبان کہا "نیچ قوم ہے نہ"

آفتاب کی حدت سے بچنے کے لیے ہرور نے بڑی ٹوپی
دے لی جسکے کونون سے گلا اور کان ڈھک گئے۔
وہ عمدہ چست کپڑے پہنے اون عجیب غریب حالات
اور اشارات سے بالکل غیر آگاہ جو اوسکے تابعدار
ملازمین نے سوچ رکھے تھے جو ہر طرح سے قابل دیکھنے کے

پانڈے پیچھے تھے [illegible] بنگلے کے سفید پگڑی لیے چلا۔

ہرور کے احاطہ کے باہر ہی درویش حافظ فلاح الدین
ابھی تک موجود تھا۔ یہ اون چند پاگلون مگر ہوشیار مذہبی
فقیرون مین سے تھا کہ جو ہر حصہ ہندوستان مین پائے جاتے
ہین۔ نارنجی رنگ کی ایک میلی چادر اوسکی پوشاک تھی
اوسکے لمبے لمبے بال بالکل میلے اور پریشان تھے۔ چہرہ
اور ننگا سینہ زرد مٹی سے رنگا ہوا تھا۔ کمر کے گرد وہ معمولاً
ایک سانپ کمربند کیطرح لپیٹے رہتا تھا۔ اسوقت وہ
سانپ اوسکی گردن مین لپٹا ہوا تھا اور اس سانپ کی
آنکھیں اور منھ اوس فقیر کی داڑھی سے نظر آتا تھا
اپنا آدھا دھڑ زمین مین گاڑ کر وہ چند اون سست اور
ضعیف الاعتقاد آدمیون مین سے تھا۔ جو کسی بڑے
یا موضع کے قریب ایک ہفتہ رہا کرتے ہین اور اوسوقت
تک جانے سے انکار کرتے ہین جب تک کہ اونکو خوب اچھی
طرح سے روپیہ نہ ملجاے۔ اور یہ پیدا کرنے کے واسطے
خوف دلاتے ہین کہ اگر ہم مر گئے تو خون تم لوگون کی گردن
پر ہوگا۔ اس طریقہ سے یہ لوگ مسلمانون مین عزت اور
خوف پیدا کرتے تھے۔ لیکن بہت دن ہوے یہ معلوم ہوگیا
تھا کہ کنٹونمنٹ مین بھیک مانگنے کے علاوہ حافظ فلاح الدین
کی اور بھی کئی پوشیدہ اغراض ہین۔

ہرور کو آتے دیکھ کر اسنے بڑی زور سے کہا "صاحب
تاڑی اور بیئر شراب پلوا"

"مین نے تمکو اور سپاہیون کو ہر رات شور غل مچاتے
سنا ہے کسی وقت مین تمکو ٹھیک کرونگا"

"نہین صاحب تم نہین ٹھیک کر سکتے"

"بیشک اور ہم کیون نہین ٹھیک کر سکتے"

"کیونکہ زمانہ پر کوئی نہین قابض ہے۔ اور بخصوص تم
بہت ہی کم قابض ہو"

"اچھا تو پھر زمانہ کسکا ہے"

خدا کا اور اوسکے پیغمبر کا کیا یہ ہے جنھین قرآن مین لکھا ہے وہ پہنچین
اور اونھین کے نام پر مین تم سے بھیک مانگتا ہون"
"بڑا نا سمجھ بیوقوف پاگل ہے" یہ کہا اور ایک آنہ پیسے دیکر چپلنا
نظر آیا۔

جن لوگون کو دہلی مین متعین رہنے کا اتفاق ہوا ہو
اونکو یاد ہوگا کہ کنٹونمنٹ کسیقدر اونچی زمین پر شہر سے
تین چار میل فاصلہ پر ہے۔ شہر وہان سے نظر آتا تھا کہ
جیسے جمنا کے داہنے کنارے سے کیطرف دبا ہوا پھیلا ہو
اسکے گرد پختہ مضبوط دیوارین تھین اور مینار آسمان سے
باتین کرتی تھین۔ شاہجہان کی بڑی بھاری مسجد ایک
میل مربع مین بنی ہے۔ خاندان مغلیہ کا محل جسمین بہت سے
مینار ہین۔ پرانے شہر کی ٹوٹی پھوٹی عمارتین۔ ہمایون کا
مقبرہ قطب کا مینار جو ڈھائی سو فٹ اونچا ہے۔ یہ سب
غروب آفتاب کے وقت سنہرے رنگ کے نظر آرہے تھے۔

گھوڑا جیسے ہی کنٹونمنٹ کے باہر ہوا ہرور نے خیال کیا وہ
دیکھو لینیا کا مکان ہے۔ برانشہ ولایت کے مکان سے
کسقدر فرق ہے۔ اب زمانہ حالت وقت سب ہی چیزین
بدل گئین۔ کسی نے کیا خوب کہا ہے "اس زندگی کے حقائق
ناول کے حالات سے کہین بڑھکر ہین"

انگریزی سوسائٹی کے قواعد کے موافق ایک ناکامیاب
عاشق اپنی معشوقہ کے مکان پر خصوص کئی سال کے بعد
شاید ہی جائے۔ مگر یہان ایسے حالات پیدا ہوئے کہ بیٹن
اور ہرور کو ملنا پڑا۔ ہرور ہمیشہ لینیا وستن سے محبت
کرتا رہا۔ اور اب تو وہ شمالی صوبون مین متعین ہی تھا
حالت معاملہ بالکل جدا تھی۔ اب اوسکی خواہشین اور خیالات
پھر از سر نو لینیا کیجانب اسطرح سے متوجہ ہوئے جسطرح
ایک ہندو پاک دریائے گنگ۔ یا ایک مسلمان مکہ معظمہ
کی جانب نظر کرتا ہے۔

۲۸ ء ۳ ۴ ۵ ۳ ۲ دن دیسی فوج پیدل کے مکانات

دیکھنے کے قابل تھے۔ ان سپاہیون کے رہنے کے مکان
چھپر پڑے تھے۔ داہنے اور بائین جانب صوبہ دار اور
میجر وان اور دیسی افسرون کے بنگلے تھے۔ اور ہر ایک کے
ساتھ ہر ایک سپاہی کے لیئے ایک زنانہ مکان تھا جسکے اندر
نہ کوئی افسر نہ کوئی دوست جا سکتا تھا۔ ان لائینون
مین ہر ایک رجمنٹ کا بازار تھا جہان چاول بیچنے والے
صابون بیچنے والے حقہ تنباکو بیچنے والے۔ پتنگ فروش
بازیگر فقیر اور طرح طرح کے پیشہ والے اور خریدار
وغیرہ وغیرہ موجود تھے۔

برگیڈ اپنی شام کی قواعد کرکے واپس آئی تھی سپاہی
اپنے سرخ کوٹون اور پتلونون وغیرہ کو اتار رہے
تھے جنسے اونکو نفرت تھی۔ تاکہ کھانا پکانے وغیرہ
مین مصروف ہون۔

ہرور جو آگے بڑھتا گیا اوسکو نہایت دردناکی
سے یہ معلوم ہوا کہ لوگ حسب دستور جسطرح افسرونکو
سلام کیا کرتے ہین اوسطرح اوسکو سلام نہین کرتے ہین
جب یہ بالو کے میدان سے گذر رہا تھا کہ جو دہلی اور چھاونی
کے درمیان ہے تو اوسکو معلوم ہوا کہ بہت گرد اوڑ رہی
ہے اور بہت سی چکدار تلوارین نظر آرہی ہین۔ اوسکے
بعد معلوم ہوا کہ یہ دہلی کے بادشاہ کے بیٹے شاہزادہ
مرزا مغل اور انکے بھائی ابوبکر آرہے ہین اور اونکے
ساتھ بہت سے سوار ہین۔ یہ دونون ایک ولایتی گاڑی
پر سوار تھے۔ اور بہت قیمتی کپڑے پہنے ہوئے تھے
ہاتھون مین برچھے۔ تلوارین۔ بندوقین اور ڈھالین
تھین۔ اونکے گرد اور خصوصاً آگے دیسی اور نصف
ننگے بدن والے ہندوستانیون کا غول تھا۔ جو
دعائین دیتے اور گاڑی کے ساتھ ساتھ دوڑے
جاتے تھے۔ اس عجیب مجمع کے درمیان مین کپتان میکلسن
کمشنر کے ... سوچ رہے تھے وہ ایک سپاہی کے گھوڑے [illegible]

پہاڑ پر بوبی سنگ شاہ دہلی کے دیسی فوج کا کمانیر اور
جو ایک مسلمان بہت وحشی اور غضبناک صورت کا تھا
ہرور نے اپنے گھوڑے کی باگ روک لی اور شاہزادوں کو
سلام کیا۔ جسکے جواب میں اونھوں نے بھی خوب توجہ
سے سلام کیا۔ شاہزادوں کی آنکھیں سیاہ بدن کا
رنگ بالکل تانبا ایسا تھا۔ مونچھ موٹے چہرے کی چھوٹی
سی چھوٹی تھیں۔ تو بہاں کسیقدر گاڑھی تھیں جنپر
سفید مریے لگے ہوئے تھے قیمتی شالوں میں جواہرات ٹکے
ہوئے تھے اور بہت سے ہیرے اور اور قیمتی جواہرات اونکی
تلواروں اور بندوقوں کے کندوں پر جڑے تھے واونکی
پیشوں قیمت ڈھالیں لٹکتی تھیں۔
کپتان ڈگلس نے گھوڑے کو موڑ کر کہا۔ "ہرور کمان
[illegible]
دو ان پادری ڈسٹن کے پاس میں خیال کرتا ہوں کہ
تم اون سے واقف ہو گئے"
ڈگلس نے مسکرا کہا "دیکھو ہوشیار رہنا ہرور اون کی
بیٹیاں بڑی خوبصورت ہیں۔ اور یہاں ہندوستان
میں [illegible] گرمی وہ درجہ تک پہونچ جاتی ہے۔ جلد تو
شادی کر لینے میں کسیقدر گھبراتا ہوں"
"[illegible] نہیں کہ مجھکو ہندوستان میں کتنی [illegible] ہوئی
ہے۔ ہم سب ایک ساتھ فیروز شاہ اور ستلج میں رہے تھے
اور شمالی جنگ میں جو کچھ تجربہ مجھے ہوا ہے اوسکی بنا پر
میں کہہ سکتا ہوں کہ مرد ہمیشہ کامیاب رہتا ہی لیکن ہرور
ذرا سوچ سمجھ کے ورنہ تم پھنس جاؤ گے۔ جو شخص پادری
کی لڑکی کو دیکھتا ہی دام میں پھنس جاتا ہے"
"درحقیقت میں وہ ایسی ہی دلفریب اور دلربا ہیں کہ
اسیطرح وہ اکثر لوگوں سے انکار کر چکی ہے۔ تین سال
ہوئے جب سے وہ یہاں آئی ہیں۔ ہر درجہ کے فوجی
افسران اور سولین لوگوں کے پیغاموں کا کو کسی طرح خ
نہیں ہونے لگا آتا"
"بہت اچھا مجھے کچھ خوف نہیں میں نے سنا ہی کہ پادری
ڈسٹن کی لڑکیاں جب شام کو ہوا کھانے نکلتی ہیں تو
بالکل ایک تماشا ہو جاتا ہی۔ بہت سے سویلین سنی سرخ
کوٹ پہنے ہمراہ ہوتے ہیں۔ یہ تماشا تو ان دہلی کے
شاہزادوں کی سواری سے بھی کہیں بڑھ گیا۔ اچھا تسلیم
میں دیکھتا ہوں وہ حوصلہ مند سپاہی بابو بلی سنگھ صبر
ہو ہو کر تمہاری طرف دیکھتا جاتا ہی"
دونوں مسکرا کر رخصت ہوئے۔

چوتھا باب

پادری ڈسٹن کی لڑکیاں

"ہرور پیام پر پیام آنے کی خبر بالکل ایک فوجی آدمیوں کی
گپ ہی اور اگر سچ بھی ہو تو اس سے کیا مجھکو تو ناپسند
کیا تھا اور لڑکی نے دوسرے سے شادی کر لی"
ڈگلس جیسے ہی شاہزادگان دہلی کے پیچھے روانہ ہوا ہرور
دل میں کہنے لگا "یہ کیونکر اس راز سے واقف ہو سکتا ہی!"
ان خیالات نے اسقدر اوسکے دل کو گھیر لیا کہ کشمیری دروازے
پر وہ ملن سے ملنا بھی بھول گیا۔ اور جسطرح کوئی نیند
میں غافل ہو اسی طرح وہ شہر کی گلیوں اور آباد سڑکوں
سے گذرا اور چاندنی چوک ہوتا ہوا پادری ڈسٹن کے
مکان پر پہونچا جو ایک پرفضا اور فرحت افزا باغ میں
جمنا کنارے واقع تھا۔
ہرور مکان کو خوب اچھی طرح سے پہچانتا تھا۔ اگرچہ
اوسکو دہلی میں آئے ابھی بہت زمانہ نہیں گذرا تھا
مگر ہرور بلاناغہ سوار ہو کر اس امید میں کہ لیلا یا اوس
خاندان کے کسی آدمی کا دیدار نصیب ہو جائے سیر کرنے
جایا کرتا تھا۔
یہ مکان بالکل ایک بادشاہی محل معلوم ہوتا تھا۔

بہت سی بڑی بڑی کھڑکیاں تھیں دیواروں اور ستونوں پر
سفیدی پھری ہوئی تھی۔ ایک بڑا عالیشان برآمدہ تھا
اور اوسمین سبز چکین دھوپ کے روکنے کے لیے پڑی ہوئی
تھیں۔ کارنس کے قریب کھنبھوں میں بہت سی لوہے کی
سلاخیں لگی ہوئی تھیں کہ جنپر اسوقت چڑیاں بیٹھی تھیں۔
ہیرور نے اپنا کارڈ جس صاحبان کے حوالہ کیا تھا اوسنے کہا
"صاحب اور تینوں مس صاحبہ گھر ہی پر ہیں"
"میرے اس کارڈ کا کیا اثر ہوگا۔ !"

کپتان جان ٹی ہیرور

کارنس ہچ یادگان حضور ملکہ معظمہ

ہیرور نے اپنے تئین ایک عالی شان کمرے مین بیٹھا دیکھکر
دل مین سوچنا شروع کیا" دیکھوں لیبا کے والد
پہلے ملاقات کرتے ہین یا وہ خود آتی ہے تو یہ پسند
کرونگا کہ پادری صاحب آئین۔ کیونکہ بیچارہ بوڑھا
پادری اصل مین مجھسے محبت کرتا ہے"
انسان کے دل کی کچھ عجیب خاصیت ہے کہ جب بہت
تشویش کیحالت مین ہوتا ہے ذرہ ذرہ سی باتین یاد
آجاتی ہین۔ کاغذ۔ فرش۔ اور چیزون پر غور کرنے
لگتا ہے۔ یہ ایک عالیشان کمرہ تھا۔ دیوارون مین
تصویرین لگی ہوئی تھین۔ ان تصویرون کے بیچ
مین شیشہ کی بریکٹین تھین۔ جنپر پنکھے کی ہوا سے بجھنے
کی غرض سے لیمپ رکھے جاتے تھے۔ جو اوپر برابر کھنچتا
رہتا تھا۔ قالین تو نہ تھے مگر اول درجہ کی اور موجودہ
فیشن کی چٹائیان بچھی ہوئی تھین۔ سامنے کی سنگ مرمر
کی میزون پر چینی کے بہت سے کھلونے اور ہندو دیوتاؤن
کی مورتین رکھی ہوئی تھین۔ یہ ایسا مذاق تھا جو
مسلمان خدمتگار اور آیا کو سخت ناگوار تھا۔
ہیرور نے کارنس کو گھڑی کو دیکھا اور اس کھٹکے مین
غور سے دیکھنے لگا کہ کہین روٹکن کا نام نہ نکل آوے
لیکن تا پانہ لگا مینر پر چند ناولیں پڑی تھین جو خود
انگلستان مین وہی تھین اور جنین ابھی تک لہو سکا
لکھا ہوا تھا۔
ان ناولون کو لیبا نے احتیاط سے رکھا تھا۔ کیونکہ ایسی
کتابین مشکل سے ہاتھ آتی تھین۔
اگرچہ باوجود ان ایشیائی تکلفات کے لیبا کو کوئی
شبین ملتا تھا مگر پھر بھی ایک لیڈی کو ملاقات کی غرض
ایک کمرہ ضرور رکھنا ہوتا تھا جسمین وہ انگلستان
ہندوستان مین آئی ہوئی چیزین لوگون کو دکھلاتی
تھی وہ چیزین اسطرح شمالی ہند مین آتی تھین کہ کلکتہ
سے الہ آباد تک بذریعہ دخان کش اور الہ آباد سے ریل
یکایک ایک ریشمی پردہ جو دروازہ کا کام دیا کرتا تھا
کھلا۔ اور جیک ہیرور اور لیبا دونون کے چار آنکھیں
ہوئین۔ لیبا کے ایک ہاتھ مین کارڈ اور دوسرے مین
ریشمی رومال تھا۔
استیاز جیک کا کلیجہ ہونٹھوں کیطرح کھنچا چلا آ
مگر بڑے استقلال سے اوسنے دل کو سنبھالا اور لیبا ہی
کی طرح خود بھی خاموش رہا۔
ماڈلی لیبا وسٹن کے قد کی درازی خوب مناسبت
اعتدال کے ساتھ تھی۔ سر سے پاؤن تک سفید اطلس
پہنے ہوئے تھی۔ بدن مین کوئی زیور نہ تھا۔ جتنے
ہاتھوں مین ایک چھلا تک نہ تھا۔ یہ اطلس کی پوشاک
بہت قیمتی تھی اور لیبا کے خوبصورت شانون
اور بازوؤن کے پاس نہایت نزاکت کے ساتھ قطع
ہوئی معلوم ہوتی تھی۔ لیبا کا چہرہ زرد۔ بدن نازک
اور سیدھا آنکھیں اور پلکیں سیاہ تھین اور اون
بہت ہی نزاکت اور نرمی ظاہر ہوتی تھی۔ گھنے بال
جو قریب قریب بالکل کالے تھے۔ اور سکے پیارے پیارے
اور گورے گورے گالونکے نیچے تک لٹک رہے تھے۔

لینا کی ماں اُسکے بچپن ہی میں انتقال کرگئی تھیں اس
سبب سے مجبوراً اوسکو ان بڑی اور چھوٹی بہنوں کی خبرگیری
کرنا پڑتی تھی۔ چونکہ باپ کے اور نیز انتظام خانگی
لڑکپن ہی سے کرتی رہی تھی۔ اسلیئے اپنے سن کے اعتبار سے
دنیاداری کچھ زیادہ دیکھ لی تھی۔ اس لحاظ سے
سیتا اور [illegible] زمانہ کے جب ہرور کو وہ اپنی صحبت میں
[illegible] تھی اب زیادہ خاموش اور سنجیدہ تھی۔ اب
[illegible] کا اندر ہی اندر تھرانے والا دل کہتا تھا کہ اوسنے
انگلستان میں پانچ سال ہوئے اسکے ساتھ نہایت ہی
بُری کا برتاؤ کیا تھا۔ اور جسکی نسبت اوسکو ملن اور
دوریوں سے معلوم ہوگیا تھا کہ اب تک اوس سے
محبت کرتا ہے۔ لینا سامنے کھڑی تھی۔ لیکن اگر کوئی غور
[illegible] جیک ہرور سے اچھا تاڑ جانے والا اور بشرہ شناس
[illegible] تو فوراً سمجھ جاتا کہ اوسکی پیاری ہرن کی سی آنکھوں
سے کچھ ایسے آثار پائے جاتے ہیں جنسے پریشانی مہربانی
اور [illegible] مختلف طرح کی باتیں ظاہر ہوتی ہیں۔ لینا نے اپنے
دونوں ہاتھ بڑھا کر کہا۔
"کپتان ہرور آپنے بڑی مہربانی کی۔ ایسی مہربانی
آپ ہی کے لائق تھی۔ ہم لوگوں کو ڈھونڈھکر ملانا
[illegible] آپسے ملکر ہمکو بڑی خوشی نصیب ہوئی۔"
ہرور ذرا جھجکا اور چند معمولی جملے جواب میں زبان سے
ادا کیا۔ اور فقط تھوڑی دیر تک اوسکے ہاتھوں کو اپنے
ہاتھوں میں لیئے رہا۔ اوس زمانہ میں اور اس زمانہ
میں بہت فرق تھا۔
لینا پوچھنے لگی "آپکو دہلی میں آئے کتنا عرصہ ہوگیا"
"دو ہفتہ۔ ہم لوگ آگرہ سے ریل پر آئے ہیں"
"پورے دو ہفتہ ہوگئے"
"پھر ہی کیسی آج کل ہوا عمدہ سی چل رہی ہے۔ اس سبب سے
[illegible]

"اور روز شام کو بھی آپ اسیطرح ہوا عمدہ میں پھنسے رہے؟"
"ہاں! یہ مس ینگلے اور بلیرڈ بڑی دلفریب چیزیں ہیں"
"مگر نہیں معلوم آگرہ سے یہاں میں کیوں بھیجا گیا؟"
"شاید یہی ضرورت ہوگی کہ یہاں کی فوج کی طاقت اور زیادہ
ہو جاوے۔ خصوصاً جب فساد ہو۔ سب سے بڑا اسلحہ خانہ
یہیں ہے۔ مجھے آج شام کو آپ سے ملاقات کرنے کی
مہلت ملی۔"
دونوں مونڈھوں پر آمنے سامنے بیٹھے ہوئے تھے۔
تھوڑی دیر کے بعد لینا نے پنکھیا ہاتھ میں اوٹھائی اور
کہا "ہندوستان میں یہ بہت ہی اچھی رسم ہے کہ اجنبی اور
نئے مسافر خاص شہر والوں سے ملاقات کرتے ہیں۔
اگرچہ مجھے خوف ہے کہ ریل جاری ہوگئی تو یہ بات نہ رہیگی"
"مس ولسن میں اس سبب سے نہیں آیا ہوں کہ میں نے
اپنے تئیں اجنبی خیال کیا ہو۔ بلکہ ایک پُرانا دوست"
"اجنبی! نہیں میں ایسا نہیں خیال کرتا ہوں۔
عزیز از جان ہرور۔ اچھے اور میرے پُرانے اور محبتی
دوستکے بیٹے!" یہ خوشگوار آواز کسی اجنبی کی نہ تھی
بلکہ ایسے شخص کی آواز تھی جس سے ہرور مانوس تھا۔
اوس شخص نے اپنا ایک ہاتھ ہرور کے کندھے پر اور دوسرا
داہنے ہاتھ کی جانب بڑھایا۔ پلٹ کے دیکھا تو ڈاکٹر ولسن
تھے۔ یہ ایک شریف خوش مزاج اور سیدھے سادھے پادری
تھے۔ بے شک انکو انگلستان سے دہلی میں اس جگہ
آنے سے سخت تکلیف ہوئی تھی۔ اور جن انتظامات کو
وہ سوچے ہوئے تھے اونکا سارا سلسلہ جاتا رہا تھا۔
جس انتظام کی بدولت ٹائمز کی جگہ اونکو اب بنگال ہرکارا
اخبار دیکھنے کو ملتا تھا۔
اونکے بال برف کے مثل سفید تھے۔ مگر اونکی چمکتی ہوئی روشن
آنکھیں کیٹ اور ہولی کی آنکھوں کی طرح صاف تھیں

ان لڑکیون نے فوراً آکر ہیرور سے خیر مقدم کہا۔ دونون
بہت خوبصورت لڑکیان تھین۔
جیک نے کہا "پولی تم اسقدر بڑھ گئین ہا"
"ہیرور پیارے جیک ہیرور! جنسے انڈلی مین ہم لوگ
کسقدر محبت کرتے تھے! مین نے عرصہ سے تمکو نہین
دیکھا تھا! تم لینا کو کسقدر چاہتے تھے! لینا کیا ہی
خفا ہوئی تھین جب مین نے جھاڑی کے نیچے بوسہ لیتے
تمھین پکڑ لیا تھا!" پولی "پادری وسٹن صاحب نے
ڈانٹ بتلائی کیونکہ اس تذکرہ کو کسی نے بھی نہین پسند کیا"
پولی نے اوٹھکر ہیرور کے بوسہ لیا۔ اور کہا "پیارے
جیک ہیرور! کیسی خوشی حاصل ہوئی وہ دن مین کبھی
نہ بھولونگی جب گھر مین اور پیارے انگلستان مین بیٹھا کے
کندھون پر سوار ہوا کرتی تھی"
پولی اور بھی کچھ کہہ جاتی اگر چاے اور کافی کے طیار ہونیکی
اطلاع نہ دیجاتی اور یکایک اندھیرا نہ ہو جاتا خدمتگار
نے لیمپ روشن کئے اور پنکھا چلنے لگا۔
"کپتان ہیرور مین پھر تمھارے آنے کا شکریہ ادا کرتا ہون
خدا آپکو صحیح وسلامت رکھے! مجھکو اس بات سے یکایک
مسرت حاصل ہوئی کہ تمکو کپتان کہکے پکارتا ہون کیونکہ
جسوقت پہلے مجھکو تم سے ملاقات کی خوشی حاصل ہوئی تھی
اوسوقت تم فقط ایک سپاہی ہی تھے۔ یہ بے شک ایک
غیر مترقبہ خوشی ہے"
لینا نے اس خیال سے کہ اوسکو بھی کچھ کہنے کا موقع ملے
کہا "آپ ہندوستان کو کیسا پسند کرتے ہین؟"
ہیرور نے جواب دیا "آپ بھول گئین؟ مین ہندوستان کو
اوس زمانہ سے پہلے بھی بخوبی جانتا تھا جب مجھکو آپسے
ملنے کی مسرت حاصل ہوئی تھی"
کیٹ "تمھین یہ بھی یاد ہے کہ پہلے آتے وقت جیسے ہی
کلکتہ مین داخل ہوئے تھے تمھین دیکھا تھا"

اور یہان لمحہ ہی ہیرور کے واسطے۔ تو مین [illegible] سمجھے
یاد ہوگا اور ان دونون شخصون [illegible]
صبح کو توپ کے چھوٹتے ہی ہر شخص جاگ اوٹھتا ہے۔ اور
خواہ پا پیادہ یا گاڑی پر سوار ہوکر سیر کرنے کو نکلتا ہے
اور ایک دوسرے کو سلام کرتا جاتا ہے۔ یہ امر یورپین
لوگون کو عجیب وغریب معلوم ہوتا ہے"
پولی ایک خوبصورت اور شوخ لڑکی تھی۔ اوسکی
آنکھین نیلی اور بال سنہرے تھے۔ ہیرور اتبک
اوسکو وہی پولی خیال کرتا تھا۔ جو اوسکی جیب مین
کانٹے ڈال دیا کرتی۔ یا کوٹ مین البین لگا دیا کرتی
[illegible] اور لینا اور اوسکو دق کیا کرتی تھی۔
اوسکے نرم اور نازک گالون سے ہندوستان کے
آفتاب نے پھولون کی سی سرخی تو لی ہی لی تھی
مگر طرہ یہ کہ ایرش کی لڑکی ایسی زرد اور رنگت
مین ہوا ہوا ایسی معلوم ہوتی تھی جیسی کیٹ اور
لینا۔ کیٹ تو ۲۰ برس کی تھی۔ اور لینا جو عمر مین
پانچ برس اور زیادہ تھی۔ لیکن پولی کے بچپن اور الھڑپن
کی حرکتون سے اوسکے باپ کو بڑی خوشی حاصل ہوتی
اور وہ اوس سے محبت بھی بہت کرتے تھے۔
پولی نے ہیرور کا ہاتھ اپنے دونون ہاتھون مین آہستہ سے
دبا کر کہا "مین تمکو اپنے مکان مین دیکھکر بہت خوش
ہوئی اسلئے کہ تم ملین کے دوست ہو۔ اور تمہارا [illegible]
کی باتون سے تو بڑی خوشی ہوئی"
ہیرور جب بات کرتا تھا اوسکا دل دھڑکنے لگتا تھا
اور چاہتا تھا کہ کیٹ کو گلے سے لگائے۔
اوس تلخی اور پریشانی کا صدمہ جو اوس زمانہ مین
ہیرور کے دل مین ہوا تھا جب پہلی مرتبہ لینا نے اوسکے
ساتھ بیوفائی کی تھی۔ اور اوسکے مقابلہ مین رقیب کو
پسند کیا تھا اوسے اوسوقت شاید اوسکے دل مین

زیادہ تشویش پیدا کر دی تھی لیکن اُسپر بھی وہ لینا کی
حالت پر افسوس کرتا۔ اور اوس شخص سے دو چند نفرت
کرتا جس نے لینا کو رنج پہونچایا۔
اور اب اس کمرے مین خوب روشنی ہو گئی تھی۔ اگرچہ
لینا ہررور کے بغل ہی مین بیٹھی ہوئی تھی۔ اور یہ
اوسکی طرف غور سے دیکھ رہا تھا۔ مگر معمولی باتون
کے وقت بھی اپنے اون خیالون کو جو لینا کی صحبت
کے اگلے زمانہ کی طرف کھچے جاتے تھے نہ روک سکا۔
کیا یہ وہ ہی سیاہ بال ہین۔ یہ ہی چھوٹی گوری نازک
اونگلیان ہین جنسے محبت کرتا تھا؟ - یہ وہ ہی ہونٹھ
ہین جنپر وہ جوش سرور سے بوسے دیتا تھا؟ - کیا یہ
وہ ہی آنکھین ہین جو رقیب کے گذر ہونے سے پہلے گھنٹون
اوسی کیطرف ٹکٹکی لگائے رہتی تھین؟ -
[illegible] دل مین اپنے رقیب کو وہ کسقدر گالیان دیتا تھا! -
[illegible] دونون بہادر یہ پہلو بیٹھے [illegible] خالی رہے ہین اور [illegible]
ممیجے ساتھ کے متعلق کہ جسکی نسبت کوئی شخص نہ تھا کہ جو ذکر نہ
کرتا ہو گفتگو کر رہے تھے ہوشیار خدمتگار خاموشی کے ساتھ ایک پیالہ ہاتھ مین لکڑی کا [illegible]
لیے اودھر اودھر آتا جاتا تھا۔
لینا اپنی حالت سے خوب واقف تھی اسوجہ سے مجبورا
چپکی بیٹھی تھی۔ مگر اسکے زیادہ چپ رہنے سے ہررور نے
دل مین خیال کیا کہ فقط پادری وسٹن۔ کیٹ۔ پولی
اور ڈولی ہی نے دل سے اوسکا خیر مقدم کیا۔ ڈولی ایک
یتیم لڑکی تھی۔ لینا کی چچیری بہن تھی۔ گھر بھر مین
وہی ایک بچہ اور سب سے چھوٹی عمر
چھ برس کی تھی۔ اور ہمیشہ اپنی دائی سے اسبات پر
خفا رہتی کہ وہ زبردستی سر شام ہی اوسکو
سولا رکھتی ہے۔
اثنائے کلام مین کرنل ڈوکن کا بالکل ذکر نہین آیا اور
خصوصا اوسوقت مین جب اونکا نام ہر ایک شخص کی زبان
پر جاری تھا۔ اور اونکا ذکر ہونا ابھی نہیں مناسب
خیال کیا جاتا تھا۔ کشمیری دروازہ سے رولی بلین
آگیا۔ اور اوسکے ساتھ ڈوکی ریورس بھی جو بنگال
رسالہ مین متعین تھا اور اون دنون رخصت پر
دہلی آیا تھا۔ وہ پولی کا چچیرا بھائی۔ اور بہت
حسین اور شکیل لڑکا تھا۔ وہ اپنے تئین اورون سے
زیادہ تجربہ کار خیال کرتا۔ اپنے سرخ کوٹ پر بہت ہی
نازان تھا۔ اوس کوٹ کے ذریعہ سے وہ پہلی مرتبہ
کلکتہ کی سوسائٹی مین داخل ہوا تھا۔ اور وہ خوبصورت
اور خوش جمال مسین بھی آگئین جو ابھی حال مین [illegible]
پی۔ او کمپنی کے جہاز سے بمبئی مین داخل ہوئی تھین۔
جو ملین کے تھمنے کے موافق شوہرون کی تلاش مین
وہین آگئی تھین محل سے کھانا فقط کرنل ڈگلس آرہے گئے۔
[illegible] اسلیے کہ اونکے آنے
کے باعث باتین ختم ہونے لگین۔ ہررور وہ دل
ڈلی کہو تمہارا کیا حال ہے [illegible] کیا خوب! [illegible]

پانچوان باب
کیونکر شام گذری

ضعیف العمر پادری وسٹن کو ہررور کے ساتھ خاص
محبت تھی۔ اور اونھون نے دوستانہ طور پر اوسکے
معاملات کی طرف دل سے متوجہ ہوکر پوچھا۔
"تم اپنے وقت کو کیونکر صرف کرتے ہو؟ کہان کہان
ملازمت کا تعلق رہا؟ - اور جب اگلی دفعہ عزیزون
کی طرح ہم تم ملے تھے۔ جس سے دونون دل مین سمجھ
گئے کہ اوس زمانہ سے مطلب ہی جب لینا نے اوسکی
رقابت مین ڈوکن کو پسند کیا تھا۔ اونکے بعد کہان کہان

تعلق رہا ہو"

لیکن ان دونون سے کسقدر الگ رہی اور
اپنے تئین دوسرے مہمانون کیطرف متوجہ کرتی تھی
مگر شریر جان گیا اور نیتا کی آستین پکڑ کر کھینچنے لگا
کہ ذرا لیٹا جاؤ اون سے باتین کرو – یہ تو بڑی خراب بات
ہے کہ [illegible] تم ایسا برتاؤ کرتی ہو [illegible]
[illegible] ہو جاؤ [illegible] اگر مجھے [illegible] اس لئے
[illegible] شادی سے [illegible] ہو گئی ہو"
[illegible] جھلا کر جواب دیا "ڈکی رہو [illegible] چپ رہو
تم ان الفاظ کے ساتھ مجھسے کیونکر خطاب کرنے کی
جرات کرتے ہو"

ادھر ہربرٹ اس مشکل مین تھا کہ اپنی مرضی کے خلاف
دونون اسکاچ لڑکیون کے ساتھ ورق گردانی کرتا تھا
جنھون نے انگریزی اور اسکاچ گیتون کے سوا فرینچ
اور جرمن کے گیت بھی شروع کئے مگر سب سے صاف
معلوم ہوتا تھا کہ اونھون نے یہ گیت اپنی دائیون
سے سیکھ رکھے تھے۔

پادری صاحب ایک من چلے فیاض اور شریف مزاج
آدمی تھے۔ اور بلحاظ اپنی خیرات کے تمام [illegible]
انڈلی بھر مین مشہور تھے – ہر صبح کو جب اونکے کھانیکا
وقت آتا تھا اوسوقت اونکی میز پر تھوڑا سا روپیہ
رکھدیا جاتا تھا۔ تاکہ شہر کی گلیون مین سیر کرتے وقت
اوس روپیہ کو اپنے ہاتھ سے وہ خیرات کرین۔ اور
جو روپیہ بچ جاتا تھا اوسکو وہ غربا کے اوس صندوق
مین جو گرجا گھر مین تھا ڈالدیا کرتے تھے"

پادری صاحب کے دل مین چونکہ نہایت ہی جالی جو سلگی
تھی اور چونکہ وہ بڑے ہی فراخ دل فیاض شخص تھے
اسلیئے اونکو اس بات مین کچھ عیب نہین معلوم ہوتا تھا
کہ بقر عید مین بٹنے کی دو بھیڑان دہلی کے شریر اور مفسد
مسلمانون کو تحفہ کے طور پر دیا کرین تاکہ وہ لوگ اون سے
راضی رہین۔ گو اوسکے قرب و جوار کے بہت سے واعظ
پادری اور لوگ پادری صاحب کی اس فیاضی کے
سخت مخالف تھے۔

کسی بارے مین گفتگو چھڑ گئی تھی۔ ہربرٹ نے اس غرض سے
کہ وہ گفتگو تمام ہو پوچھا "ہان صاحب کیا آپ کا
خیال ہو کہ [illegible] مین ہندوستان مین [illegible] والا
[illegible] سلسلہ شروع ہوا ہوگا"

پادری صاحب نے اپنی سونے کی عینک ہوشیاری سے اوتار
اور ایک آرام کرسی پر بیٹھ گئے اور سفید داڑھی کو ہلا کر
مجھے تو ایسا ہی خوف ہے۔ خالص انگریز ہمیشہ اوس بات سے
نفرت کرتے ہین جس سے وہ واقف نہین ہوتے۔
یہان تو یہ حال ہے کہ مذہب رسوم تاریخ اور فی الحال
ہندو مسلمان اور مرہٹے بھی یہ سب عمدہ شکار بنا لیے گئے
ہین۔ یہ بڑی خوفناک غلطی ہے کہ انکے ساتھ حقارت کا برتاؤ
کیا جاتا ہے۔ اور جیسا کہ ہمارے اہل ملک کا خیال ہے کہ یہانکے
سپاہی اور فوج پانون سے روندی جاتی ہے۔ اب وہ
لوگ اپنی طاقت کو بخوبی سمجھنے لگے۔ اور اون کے دلمین
یہ بات جم گئی ہے کہ ہم لوگ بالکل بچے ہین۔ ایک ذرہ
کپڑا آنک بدلا لیتا ہے۔ [illegible] مغرور [illegible] اور جاہل اوجڈ
سپاہی ہے۔ ولایت مین خالی دلیلین اور حقارت آمیز
قہقہے اس سبب سے خلاف سمجھی جاتی ہین کہ وہان ایک باسلیقہ
اور باقاعدہ پولس متعین ہے۔ مگر یہان وہ باتین خوفناک
ہین اسلیئے کہ یہ ہندوستانی لوگ ہین۔ جہان ان کے
خون کو یکبیک جوش آگیا تو سمجھ لو کہ جنگلی جانورون
اور بھیڑیون وغیرہ کیطرح ہرگز تمیز نہین رکھنے والے ہین"
ڈکی نے پوچھا "مگر یہ ذات کا بکھیڑا کیونکر پیدا ہو گیا؟
وہ مجھکو اپنی زندگی بھر مین ابھی تک معلوم ہی نہین ہوا
لیکن اب جانتا ہون کہ جہان کسی نے چمڑے کی چیز [illegible]

اپنی کمر مین باندھی فوراً اپنی ذات سے جاتا رہتا ہوگا۔
تاہم اس بات کا وہ کبھی خیال بھی نہین کرتے۔"
پادری صاحب نے کہا "شروع سال مین چھوٹی ذات کے
ایک شخص نے جو شاید بے دھرم تھا ایک گولہ انداز برہمن
سے پانی پینے کے لئے اوسکا لوٹا مانگا برہمن نے حقارت
سے جواب دیا" تمہین مین ہرگز نہ دونگا"
مزدور نے کہا کیون نہین۔ اور خصوصاً جب مجھے پیاس
لگی ہے"
برہمن نے جواب دیا" صرف اس سبب سے کہ تمہارے
چھونے سے لوٹا خراب ہو جاویگا۔ اور میرے کام کا
نرہیگا"
مزدور نے کہا" دیکھو ہم لوگ آجکل اپنی ذات کی کسقدر احتیاط
کرتے ہین اگرچہ ولایت کے بنے ہوئے کارتوسونکو
جنکو ولایت کی رانی اپنے سورون اور بھینسون
اور ناپاک جانورون کی چربی سے بناتی ہین دانتون
سے کاٹنے مین کچھ عذر نہین کرتے"
"اصید رکلین برہمنون کو غلہ اور ترکاریون کے
سوا کوئی چیز نہ کھانا چاہیے۔ جس چیز مین کبھی جان
رہ چکی ہو اوسمین ہاتھ اور زبان نہ لگانا چاہیے
وہ شخص غصہ اور شرم کے مارے پسینہ پسینہ اور اون
خیالات سے پریشان ہوکر جو اوسکے دل مین بھرے ہوئے
تھے اوس اسلحہ خانہ مین گیا جو دمدمہ کی چھاونی مین
کلکتہ سے ۸ میل پر ہے اور سارے برہمنون سے کہ جو
برہماجی کے سچے بیٹے ہین کہتا جاتا تھا کہ نئی بندوقونکو
کام مین نہ لاؤ ان کارتوسونکو پھینکدو جنپر ہندو
مسلمانون کے مذہب خراب کرنے کے لیئے ناپاک
جانورون کی چربی لگائی گئی ہے۔
اس خوفناک بہتان پر لوگون نے فوراً یقین کر لیا اور
ہر ایک رجمنٹ کے مفسدہ پرداز فقیر اور ملا جو چھاونیونکے

بازارون مین رہا کرتے تھے اپنی اپنی طرف سے پرانی پیشینگوئی
بیان کرنے لگے جسمین بیان کیا گیا تھا کہ جنگ پلاسی
کے ایکسو برس بعد انگریزی راج کا خاتمہ ہو جائیگا۔
اور کہنے لگے وہ زمانہ اب قریب آگیا۔ اور یہ کہکر فساد
برپا کرنے لگے۔ چربی لگے کارتوسون کی یہ خاص تاریخ
ہے۔ ویسی شاہزادے اور معزول راجا اپنی خودغرضانہ
اغراض کے پوری کرنے کے لئے اس موقع کو مناسب
سمجھتے تھے اور پنشن خوار شاہ دہلی نے حکم دیا کہ اوسکے
لوگ مسجدون اور عبادت گاہون مین اوس غم اور
صدمہ کے ظاہر کرنے کے لئے جو مذہب اسلام کے نقصان
سے اونکو پہونچا ہے ایک گیت گائین۔
ایک تو یہ اور دوسرے ٹکیون کے تقسیم ہونے کے
معاملہ کا خیال کرکے میرے دل مین وہ خوف پیدا ہو جاتا
ہے جسکو مین نے بہرر پر ظاہر کیا کہ "وہ مصیبتین جو
ہم لوگون پر ہندوستان مین نازل ہونیوالی ہین وہ اب
شروع ہوا چاہتی ہین"
"شاہزادگان دہلی کے تعلقات تو دوستانہ ہین۔
افواہ ہے کہ مرزا مغل یا ابوبکر نے مس وسٹن کے لئے
کچھ عمدہ تحفہ بھیجے ہین"
اتنا سنا تھا کہ لینا کے چہرہ کا رنگ اڑ گیا۔ "ہان حقیقت
مین وہ طوق بہت ہی خوبصورت ہے۔ اگرچہ وہ تحفہ
شاہ دہلی نے بھیجا ہے مگر اوسکا قبول کرنا مناسب
نہ تھا۔ لیکن قبول کرنے سے انکار کیا جاتا تو وہ بہت
رنجیدہ ہو جاتے اور اس سبب سے یہ گپ مشہور ہوگی"
ریورس بولا" میری سمجھ مین نہین آیا کہ ان شیطانون
مین سے کسکی آنکھ میری مس بہن پر لگی ہوئی ہے۔
وہ جب آتے ہین تو علی بابا کیطرح چالیس ٹھگ
اونکے ساتھ ہوتے ہین اوسوقت اونکی گاڑی تک
کوئی نہین پہونچ سکتا۔ اوس روز گھنٹہ بھر وہ

گھوڑون پر سوار ہے۔ مگر واقعی اوس ناچ سے کے
مقابلہ مین یہ کچھ بھی نہین ہی۔ جب یہ گرکیان کا پنجرہ
گئی تھین وہان ٹھور کا نانا صاحب اپنے ہاتھی وغیرہ
یون ہی حاضر کیا کرتا تھا۔ اور پولی کے سنبھلون ہاتھون
کے واسطے تو اوسنے پولی کو ایک خوبصورت انگوٹھی
دی تھی "

پولی میٹھی شکستیا اچھل رہی تھی۔ یہ سُنکر بولی " ڈکی
اگرچہ تم اسقدر بیہودہ ہو۔ مگر اسپر بھی مین تم سے
محبت کرتی ہون "

اس جملے پر سب حاضرین نے قہقہہ لگایا۔ اور ڈکی
بھی خوش ہوگیا۔ دہلی کے شاہزادون کی نسبت
اوسنے جو کچھ کہا اوسپر بھی سب لوگ ہنس رہے تھے۔
کیٹ بولی " دیکھو تو اس لڑکی کی زبان کیسی چلتی ہی "
ہرور بول اوٹھا " اسکی زبان کو یونھین چلنے دو۔
اصل تو یون ہی کہ کم سِنی کا زمانہ خوشی کا زمانہ ہوتا ہی "
کیٹ " کپتان ہرور کیون تم ابھی بوڑھے نہین ہوے ہو "
" پہلے کی بہ نسبت تو بوڑھا ہون۔ پیاری کیٹ اوس
زمانہ مین ۲۰ برس کا تھا اور اب ۳۰ برس کا ہون "
پادری وسٹن نے کہا " ڈکی کو اپنی کتابون کی طرف توجہ
کرنا چاہیے اور ابھی انھین بہت کچھ پڑھنا باقی ہی "
ڈکی " مین خیال کرتا ہون کہ اصل مین یہ میری طرف
خطاب ہی۔ لیکن سپاہی آدمی کو اپنی پلٹن کے قواعد
کے سوا اور کیا سیکھنا چاہیے "

لینا نے بات کاٹ کر کہا " کیون ڈکی یہ کیون ؟ ۔
تمھاری تو اوس فرانسیسی افسر کی مثل ہو گئی جو کہتا تھا
کہ نہ تو فوجی اخبار کے سوا کسی اخبار کو جاری ہونا
چاہیے۔ اور نہ فوجی افسرون کی فہرست کے سوا کسی
فہرست کو دنیا مین چھپنا چاہیے "

فرانسیسی افسر بیشک عقلمند تھا۔ کتابین اوسوقت تک

ہین جبتک تم خوش ہو کتابون کی مین بھی بہت دنون
تک سیر کرتا رہا ہون مجھے سپاہی کاغذ اور قلم کی کیا ضرورت
ہی؟ عشقیہ خطوط لکھنے یا رعورتون کے رقعون کا جواب
دینے یا گارڈ کی رپورٹ لکھنے کے سوا مجھے کاغذ اور قلم
کی کیا ضرورت ؟ ۔

پادری وسٹن " تم شاہجہان کے حال سے واقف ہو؟ "
ڈکی " شاہجہان ! نہین جی وہ کون شیطان تھا؟ "
ڈاکٹر وسٹن نے تعجب سے اپنا ہاتھ اوٹھایا۔ اور بولی
کہنے لگی " ڈکی ریو... اس بیہودہ گفتگو پر تمکو شرمانا
چاہیے۔ اوسنے ہی دہلی اوسوقت آباد کی تھی جس زمانہ
مین چارلس اول انگلستان کا بادشاہ تھا "

" ہان ہان ! تم ابھی نئی نئی اسکول سے آئی ہو
تمھین تو معلوم ہوا ہی چاہیے "

پادری وسٹن " بلکہ زیادہ تر تمھارے مطلب کی بات
یہ ہی کہ تاریخ مین لکھا ہی کسی سپاہی کو ایک خوبصورت
لڑکی ملی جو کوئی شاہزادی تھی۔ یہ خبر رفتہ رفتہ بادشاہ
کے کانون تک پہونچی۔ لیکن دشواری یہ تھی کہ شاہزادی
اوس سپاہی ہی کو پسند کرتی تھی "

" کیون پولی ؟ کیا اوس شاہزادی کی پسند اچھی
نہ تھی ؟ "

" اگرچہ مقدمہ دائر ہوگیا۔ مگر اس بات کا ثبوت
نہ تھا کہ وہ لڑکی شاہزادی ہی۔ آخر بادشاہ کو مقدمہ
ملتوی کرنا پڑا اور فیصلہ دوسری تاریخ پر اوٹھا رکھا گیا۔
اوسوقت اتفاقاً بادشاہ کو روشنائی کی ضرورت ہوئی
بادشاہ نے قلمدان اوس لڑکی کے حوالہ کیا۔ لڑکی نے
عقلمندی سے بڑی خوبی اور عمدگی کے ساتھ روشنائی
بنا دی۔ یہ دیکھکر شاہجہان کو اوس لڑکی پر بڑا غصہ آیا
اور کہا تمنے مجھکو دھوکا دیا۔ مجھے یقین ہو گیا تم ضرور
کسی بادشاہ کی بیٹی ہو اسلیے کہ سپاہیون اور غلامون کو

روشنائی سے کیا تعلق"
رات زیادہ آگئی تھی شیمپین اور سوڈا واٹر کو برف
وغیرہ مین ٹھنڈا کر کے سب نے پیا۔ اب وقت آگیا کہ ہرور
اپنے گھوڑے کے کسے جانے کا حکم دے۔ ملن نے کہا مین
تھوڑی دور تک تمھارے ساتھ کنٹونمنٹ کیطرف جاؤنگا"
آسمان صاف تھا۔ اوس بڑے پنکھے کے علاوہ جو سرون پر
چل رہا تھا۔ آشم علی خدمتگار نے فرنگی لیمون سیرپ اور
پیرس کی دوکان کا [illegible] لاکر کمرے مین چھڑک دیا تھا۔
جس سے اور بھی خنکی پیدا ہوگئی تھی۔ ہرور جیسے ہی روانہ
ہونے کیلئے اوٹھا اوسکا دل دھڑکنے لگا۔ اوسنے لینا سے
پیار آنکھیں کر کے ولیمن کہا "یہ مناسب نہین ہے کہ
اسوقت یہان اگلے تعلقات کا ذکر کیا جاوے اسلیے
جسطرح بن پڑے تھوڑی مدت تک کے لیے وہ تجویز
ابھی ملتوی رہے تو اچھا ہے"
ہرور اپنی ٹوپی ہاتھ مین لئے مس وسٹن کے پاس گیا
اور کہا "تمھارے پاپا نے ازراہ شفقت مجھسے فرمایا ہے
کہ جب فرصت ہوا کرے اونکی ملاقات کے لیے یہان
حاضر ہوا کرون"
لینا نے اپنی نظر ایک چینی کے کھلونے کیطرف پھیر کر جواب
دیا۔ "کپتان ہرور تمھاری ملاقات سے ہم سب خوش ہونگے
میرے پاس ایک عجیب نقشہ ہے جسکا شاید عجیب غریب تمہین بھی اچھا لگیگا"
"نقشہ ہے؟"
"ہان مس وسٹن نقشہ! اگر تم اوسکو پسند کرو"
"تمھارے عطیہ کا شکریہ۔ اوس سے مین بہت خوش
ہونگی۔ لیکن۔ وہ نقشہ ہے کاہے کا ہے"
"وہی چھوٹا نقشہ جو مین نے تھروپ انڈیمی مین بنایا
تھا۔ تمھین تو یاد ہوگا"
"خوب"
اس گفتگو کے ساتھ لینا کے چہرہ کا رنگ اوڑا جاتا تھا
لیکن اوسکی باتون مین ذرا بھی لکنت نہین محسوس ہوتی تھی
حالانکہ جیک کے منھ سے رُک رُک کر آواز نکلتی تھی۔
"اب جب مجھکو تمھاری ملاقات نصیب ہوگی تو اوس تصویر
کو کل لیتا آؤن گا"
"شکریہ"
"اچھا خدا حافظ"
"کپتان ہرور خدا حافظ۔ سلام"
ہرور نے فقط لینا کے ہاتھ چھوئے۔ یہ اوسکو یاد نہین رہا
کہ وہ پادری صاحب اور اونکی دونون لڑکیون سے بولی اور
وسٹن سے کیونکر بولا۔ مگر اپنی عادت کے موافق وہ اپنے
گھوڑے کی [illegible] اور زمین کی طرف نگاہ دوڑانے لگا۔
اتنے مین دیکھا کہ آپورس اور ملن اپنے اپنے گھوڑون
کے پاس کھڑے ہین۔
جیسے ہی کہ یہ سب گھوڑون پر سوار ہوے۔ یہ آہٹ کی
کھڑکی کھلی اور وہان سے چاندنی مین چمکتے سنہرے
بال دکھائی دیے اور ان سبکو دیکھکر اپنے ہاتھ چومنے
لگی۔ اور سب کو سلام کیا۔

چھٹا باب

لینا تنہائی مین

ہرور کی اتفاقیہ اور ایسی ملاقات کے باعث جسکی
ذرا بھی امید نہ تھی۔ لینا اور کیٹ مین بہت گفتگو ہوئی
اور رات کے وقت پادری صاحب کو بھی اس امر پر غور
کرنے کا موقع ملا۔
نیک پادری صاحب یہ بات دیکھکر خوش ہوئے کہ
کپتان ہرور کے خیالات اوسکے خاندان اور شاید
خاصتہ لینا کیطرف اب بھی ویسے ہی ہین جیسے وہ چاہتے
تھے۔ اسلیے کہ جیک اونکے ایک بہت پرانے دوست کا
بیٹا تھا۔ اسوجہ سے پادری صاحب دل وجان سے سمجھتے

کہ کارنش سپیل فوج کا کپتان اونکا داماد بنے۔

معاملات شادی مین کبھی اونھون نے لینا پر دباو نہین ڈالا جسکے سبب سے وہ افسوس ہی کرتے تھے۔ وہ لینا کی راے کو عجیب اور خود اوسکو کسیقدر متلون مزاج خیال کرتے تھے وہ جانتے تھے کہ لینا جب سے ہندوستان مین آئی ہے۔ اوسوقت سے بہت اچھے اچھے پیغامون کو نامنظور کر چکی ہے۔ لیکن لینا نے نامنظور کرتے وقت کبھی پادری صاحب سے دریافت نہین کیا۔ اسلئے کہ اس قسم کے معاملات مین اونھون نے اپنی لڑکیون کو خود مختار بنا دیا تھا لڑکیون کے چال چلن پر اونکو پورا اعتبار تھا مگر کرنل کے قریب ہی سے شک نے اونکو صدمہ پہونچایا تھا۔

اور یہ صدمہ بھی بہت کچھ لوگون کو ہوا تھا۔ یہ بات خوب اچھی طرح رواج پا گئی تھی کہ کرنل کا نام شہر بھر مین ایک ایسا لفظ تھا جسکا زبان پر لانا ہر ایک کو ممنوع تھا۔ پادری صاحب اور مینڈ کیٹ نے تجربہ کر لیا تھا کہ اگر کبھی کرنل کا نام کسی کی زبان سے نکل گیا تو گویا لینا کے دل کو ٹھیس لگی۔

بارہ بج گئے تھے۔ آدھی رات ہو چکی تھی۔ اور ہر یورپین مقیم دہلی گہری نیند مین تھا۔ کیونکہ ایسی گرمی۔ حبس۔ تھکن۔ اور روتے دھوتے والے بچے شور کرنے والے گیدڑون نے اونکو سونے کی اجازت دی تھی۔

ہربرٹ اور ملن کے چلے جانے کے بعد لینا دیر تک اپنے کمرے مین اکیلی بیٹھی رہی۔ رات کی طرف آنکھین جاتی تھین اور خیالات مین غرق۔ اوسکے عاشق کی اوسوقت کی آواز اور آنکھون نے تمام پچھلی باتین یاد دلا دین۔ اسطرح کہ گویا اب وہ باتین بالکل نظر سے دور تھین۔ ایک کھلی ہوئی کھڑکی سے وہ چاندنی کی عجیب غریب خوبصورتی کو دیکھتی کہ جہان سے فاصلہ پر جمنا کے کنارے کے گنبد مقبرے ہمایون کا مقبرہ۔ اور قطب کا لمبا مینار جسکو ایک بادشاہ نے چھ سو سال اوسطرف اپنے عہد حکومت مین طیار کرایا تھا نظر پڑا۔ گنبدون اور کھنڈر میناروں کا سایہ عجیب لطف پیدا کر رہا تھا۔ ایکطرف تو گویا سر تا پا چاندنی سے منڈھا روشن اور دوسری طرف بالکل گہرے تاریک معلوم ہوتے تھے یہ سمان نہایت ہی موثر تھا۔

جگنو ادھر اودھر اوڑتے تھے۔ گلاب اور لیمون کی خوشبو اوس کھڑکی تک جہان وہ بیٹھی ہوئی تھی پہونچتی تھی کیونکہ اوس کھڑکی کے نیچے کسی شاہزادی کا ایک خوبصورت باغ تھا۔

اس باغ مین ولایت کے باغون کے خلاف کسی کسی وقت شاہ بلوط اور پیپل کے درختون سے جو جمنا کے کنارے واقع تھے گیدڑون کی آواز آ جاتی تھی نیچے کے چبوترے پر کچھ سفید چڑیان بیٹھی تھین جنکی برہمن بہت عزت کرتے ہین۔ یہ چڑیان چھوٹے سانپون اور بچھوؤن کے خوف سے پریشان ہو کر اپنا سر پرون مین دابے تھین۔ لینا کو نظر آئی دیا کہ پاؤ میل تک چاندنی مین کنٹونمنٹ مین جا بجا یون ہی سی ہلکی ہلکی روشنی ہو رہی ہے۔ اور دیکھا کہ اون عالیشان محلون مین بھی روشنی ہے جہان اوس زمانہ سے مشہور خاندان مغلیہ تیموریہ کے موجودہ رکن بظاہر اسباب بالکل سنسان تاریکی مین رہنا پسند کرتے تھے۔ جب سے کہ لارڈ ولزلی نے سندھیا کی طاقت توڑ کر دہلی شاہ عالم کے رہنے کے لیے دے دی تھی۔ لینا کو معلوم تھا کہ انھی روشنیون اور خیمون کیطرف کپتان ہربرٹ چلا جاتا ہے۔ یہ تو اوسے معلوم تھا کہ جیک پھر آئیگا۔ مگر اس بات کا البتہ خیال کرتی تھی کہ جلدی آئیگا کہ نہین۔

اسوجہ سے نہین کہ جیک کے جلد ہی آنیکی وہ آرزومند
تھی۔ تاہم اسمین شک نہین کہ اسمین کسیقدر بیکلی تھی
اگرچہ گذشتہ ہفتون کو سوائے اوسکے اور رڈکن کے
کوئی نہین جانتا تھا کہ وہ اوسکی ملاقات کے لیے آئے
رڈکن کے نسبت تو یہ خیال تھا کہ کم سے کم وہ آ
سوسائٹی مین کبھی اون باتون کا ذکر بھی نہین کر سکتا
یا تو جیک کی دوستی کی وجہ سے یا اسوجہ سے کہ وہ
اوسکے صاف مردانہ اور فیاضی چال چلن کی قدر
کرتی تھی۔ اور نیز اس خیال سے کہ وہ ابھی تک اوسے
چاہتا ہے۔ لینا نے دل مین کہا۔ شاید ایسا ہو کہ
اب دوبارہ وہ ملاقات کرنے کو نہ آئے۔ لیکن اگر ہرور
اوس سے ملنے کے بعد بھی دلی سے اپنی فوج کے خاص
قیام کو چلا جاتا تو ضرور لینا کو ناامیدی ہوتی۔
اوسنے خود بخود کہا۔ "وہ ابھی تک مجھسے محبت کرتا ہے
غریب! ابھی تک غریب قید ہے"
یہ ممکن نہ تھا کہ اس خیال سے وہ خوش نہوتی۔ مگر
اسکے ساتھ ہی یہ بھی تھا کہ اوسنے اپنے تئین شرمسار
بھی خیال کیا کیونکہ ہرور کے ساتھ بڑی بے شرمی کا
برتاؤ ہوا تھا۔ اور بخصوص یہ امر اوسوقت اور بھی
زیادہ سخت معلوم ہوا۔ جب رڈکن کی وہ حرکت
یاد آئی کہ لینا سے ہرور کے ساتھ وعدہ خلافی کرا کر
خود کسی اور عورت سے فقط دولت کے لالچ مین شادی
کر لی۔
اوسنے چمکتے ہوے موتی کے سے چھوٹے چھوٹے دانت دکھا کر
دلمین کہا۔ "رڈکن! اب وہ نہین جانتا کہ جس شخص کے
ساتھ اب اوسے نفرت ہے۔ کسی زمانہ مین اوسی کے ساتھ
بمقابلہ اس نفرت کے زیادہ محبت کرتی تھی۔ اور یقین ہے
کہ اس بات کو اگر ہرور سنتا تو ہرگز خوش نہوتا"
"اگر عشق نے میرے دل مین پھر جوش کیا تو اپنی
اور اوسکی دونون کی کسرشان سمجھ کر اوسکے ساتھ شادی
نہ کرونگی۔ اسلیئے یہی مناسب ہوگا کہ وہ یہان نہ آئے"
لینا نے یہ جملہ ہزارون بار اپنے دلمین کہا اور ارادہ
کیا کہ ہرور کی کمپنی جبتک دلی مین ہے اوسوقت تک
ہر طرح مین کوشش کرونگی کہ ہرور سے ملاقات نہو
راستہ مین فقط ایکبار پچھلے سال کلکتہ مین ملاقات کا
اتفاق ہوا تھا اور وہ بھی بہت سے اجنبی لوگونکے سامنے
لیکن وہ بخوبی جانتی تھی کہ ہرور خواہ مخواہ آویگا اوسکا
دل اوس سے یہی کہتا تھا۔ اوسنے تھرو سپانڈ کے
گرجے وگانون اور پھاٹک کا نقشہ دینے کا وعدہ
کیا ہے جہان دھوپ گھڑی لگی ہے۔ اور یہ دونون
ملا کرتے تھے۔ وہ واقف تھی کہ اس تحفہ سے ہرور کا کیا مطلب
ہے یا تو اگلی باتون کا یاد دلانا یا اون باتون پر شرم دلانا
غور کرنے سے یہ بات اوسے عجیب معلوم ہوئی کہ اگر رڈکن
اوسکے بیچ مین پھاندیرا ہوتا تو اس کو پانچ برس ہوئے
ہوتے کہ وہ جیک ہرور کی بیاہتا بیوی ہوئی ہوتی۔ اب اوسنے
اپنے خیالات کو تولنا شروع کیا۔ اوسکو جیک کے
ساتھ عشق بے شک تھا اور جس جوش و خروش کے
ساتھ جوان لڑکیان لوگون سے محبت کیا کرتی ہین
اوسی طرح یہ رڈکن کے آنے سے پہلے محبت کرتی تھی۔
مگر رڈکن نے اپنے امیرانہ اور دنیاداری اور چال کی ملائمت
سے جس سبب سے کہ لوگ اورون کے عشق پر کامیاب
ہوجایا کرتے ہین اوسکو اپنی طرف متوجہ کر لیا تھا۔ اب
اوسکو ایک فرانسیسی کے خیالات کا ایک سلسلہ یاد آیا
جسکو رڈکن اکثر بیان کیا کرتا تھا۔ "ہم محبت کرین
اور خیال کرین کہ ہم سچے طور پر محبت کرتے ہین۔ مگر
اسپر بھی دوسرے کو دیکھین جس پر پوری طاقت
کے ساتھ محبت کرتے ہین گویا دونون کی ضرورت
ہے کہ عمدہ اور اعلی درجہ کی محبت ہو جاسے"

اس امر کا تذکرہ کرکے وہ چاہتی تھی کہ ہربرٹ کے دل کو
پاش پاش کرے۔ گویا ابھی تک اوسکا دل ٹوٹ نہین
چکا تھا۔ کیونکہ یہ رڈکن کو بھی معلوم تھا کہ ہربرٹ ابھی
تک لینا کے ساتھ محبت کرتا ہے۔

اب لینا کو یقین ہو گیا کہ مین نے بہت ہی بدسلوکی
کی تھی۔ اور اوس بدسلوکی کی واجبی سزا بھی مجھے ملگئی
اور اب مین ہرگز ایسے لائق اور مستقل مزاج عاشق کے
قابل نہین ہون۔ اور عاشق بھی کون جسنے باوجود جدائی
امتداد زمانہ کے ابھی تک اپنے عشق کو کم نہین کیا۔
لیکن یہ یقین بالکل بیکار تھا۔ اسلیے کہ اب جیک کے
ساتھ ہرگز شادی نہ کرونگی۔ چاہے ہربرٹ سو بار درخواست
کرے۔

اتفاقاً اوسکے دل مین اپنی ذلت کا یہ خیال گذرا کیسا ہو
اگر معلوم ہو جاے کہ ہربرٹ کا محبت کرنا اب بالکل ایک
خیال ہی خیال ہے اور بالکل ایک گمان ہے۔ کیسا ہو اگر
اوسکو یقین ہو چکی ہون کہ میری محبت کا خیال اوسکے
دل سے نکل گیا ہو اور کوئی اور معشوقہ اوسکو مل گئی ہو
کیسا ہو اگر اوسکے دل اور آنکھون سے میری صورت
مٹ گئی ہو اور اوسنے کسی اور عورت سے شادی کا
وعدہ کر لیا ہو۔ اگر ایسا ہے تو یہ خیالات سواے
اسکے کہ مثل پانی مین چاند کے عکس ہونے کے اور
کیا وقعت رکھین گے۔؟

ہربرٹ نے بے شک آج بہت سی چیزین ایسی دیکھین
جنکا ذکر نہین مناسب ہے۔ لیکن آج کوئی ضروری
بات نہین کہی۔ کیا رڈکن پھر ہم لوگون سے ملنے کو
آئیگا۔؟ ولسن کہا امید ہے کہ شاید اب وہ ملاقات
کی جرأت بھی نہین کر سکتا۔ اور اگر پھر بھی وہ ولسن ورڈی
کہ رڈکن یہان ہوا تو اوسکا اثر میرے اوپر بہت ہوگا
اور شاید مین پھر اوسکے اوپر فریفتہ کر دی جاؤن اور
محبت رکھنے پر مجبور ہو جاؤن۔ اسکے بعد اس ...
خیالی کے سبب سے وہ رونے لگی اور تھوڑی دیر ...
بعد اپنی آیا صفیا کو بلایا کہ سونے کے قبل وہ اوسکے
بال درست کر دے۔

ساتوان باب

چاندنی رات

باوجود تمام بے نصیبیون اور خرابیون کے ...
دل مین کہنے لگا جب سے مین ہندوستان آیا
ہون یہ رات سب راتون سے زیادہ لطف اور مزے
کی تھی اس رات کی یاد کو مین کسے چمکتے ہوے نشان کی طرح
زندگی بھر اپنے دل مین رکھونگا۔ اور گھوڑے کی لگام
ڈھیلی کرکے یہی اوسنے ملن سے بھی کہا اوس مقام ...
یہ سب آہستہ آہستہ چاندنی رات مین کنٹونمنٹ کیجانب
چلے جہان سے ڈکی یہ کہکر اوس سے رخصت ہوا۔ کہ
مین چاندنی چوک کے ایک ہوٹل مین ٹھہرا ہون
اور بہت ہی خوش ہونگا اگر کسی روز شام کو اوس
ہوٹل مین کوئی میری ملاقات کو آوے۔"

ملن "ڈکی سلام خدا حافظ۔ کل صبح مین پادری
صاحب کی لڑکیون کے ساتھ ہی کھانا کھاؤنگا۔ تم کچھ
کھوگے؟" ڈکی نے جو اوس وقت شامپین کے نشہ
مین مست ہو رہا تھا۔ جواب دیا "ملن تم بڑے خوش قسمت
ہو لیکن دیکھو مجھے پولی کا نام لیکر چھیڑا نہ کرو۔ جب وہ لوگ
مین اسکول مین پڑھتا تھا اون دنون ناسٹروان او...
پروفیسرون سے چھپکر مین ایک ناول دیکھا کرتا تھا
اوس ناول مین لکھا تھا "جب کوئی شخص چاہے اپنی
چچیری بہن کے بوسے لے اسمین کچھ مضائقہ نہین ہے
کسی غیر کی بہن کا بوسہ لینے سے یہ کہین اچھا ہے۔ اور
اوسکے علاوہ اور چھوٹے چھوٹے افعال جیسے چچیری بہن کا

کمر مین یا کندھے پر ہاتھ ڈالنا اور اوسکے ساتھ کھیل کے
دل خوش کرنا یہ سب باتین بوسہ لینے سے کم درجہ
کی ہین"

ہیرورنے ہنس کر کہا "تو تو کی یقین ہے کہ اپنے پرانے
محبت کو فقط میولینا ہی کے ساتھ محدود رکھوگے"

"جبکہ میرا اور تیرا منشا نہین ہے۔ اور اگر تم کل
باد [illegible] کی طرف کیون ست خطرات کیا جاتے ہو تو کسی
زبردست گھوڑے پر سوار ہو کر آنا"

"کیون"

"اسلیئے کہ اونکے ساتھ سولہین لوگون کا ایک
مجمع رہتا ہے۔ اور خاک جو اڑا کرتی ہے اوسمین وردی
بالکل خراب ہو جاتی ہے۔ اچھا یہ چاندنی چوک آگیا
رخصت سلام"

ملن لعد ہیرورنے خدا خدا کرکے لڑکی کی بکواس سے
نجات پائی۔

اوس رات کو ہیرو ر لینا کی بغل مین بایرن کی کتاب
کی ورق گردانی کو ٹھہرا ہوا تھا۔ اوسکی نگاہ اپنی
پیاری کے سر پر پڑی تھی۔

ور نازک اور چھوٹے کانون سفید اونٹھون اور گال ودوم
شانون کیطرف اوسنے اوسی طرح سے دیکھا تھا جسطرح
وہ اگلے زمانہ مین دیکھا کرتا تھا۔ اسکے بعد اسنے
وہ دل گداز آواز سنی تھی۔

جبکہ ہیرورنے شام کو گویا اپنے گذشتہ عشق
ور محبت کے زمانہ مین زندگی بسر کی تھی آخر آپ ہی آپ
ما "لیکن پھر یہ سب ہین کس کام کی" ملن نے
وچھا "آج تم کشمیری دروازے پر نہایت ٹھہرے
لیا کوئی جام زیادہ تو نہین پی گئے؟"

"نہین اوسکا تو مجھے بالکل خیال نہین رہا"

"بالکل لینا کے خیال مین غرق رہے ہوگے"

"ہان یہ صحیح ہے۔ لینا کے خوش کرنے کے واسطے مین
ہر کام کرنے کو طیار ہون۔ صبح سے کنارہ کشی کر سکتا ہون
بلکہ [illegible] تک کر [illegible] ہون [illegible]
سب پچھلی باتین یاد آگئین"

"کیونکہ تمہیں لینا کو وہ باتین یاد آ گئین ہین"

خواب اوسوقت اچھے معلوم ہوتے ہین جب عشق کا نشہ
ہوتا ہے جسطرح کوئی جوان آدمی پہلے [illegible]
اور [illegible] یہ خیال [illegible]
کی ہوی اوسکے ساتھ محبت کرلی [illegible]
صاف گو شخص کی اسی طرح جو کسی ایسی چھچھوری پر عاشق
ہو۔ لڑکی کے ایسے ور منگو اور چالاک آدمی کے ساتھ
محبت کرتی ہے۔ خواہ وہ اوس سے وفا کرے یا نکرے"

ملن نے ہنس کر جواب دیا "تمہارے ساتھ چاہے وہ
محبت نہ کرے لیکن مجھکو خیال ہے کہ اوسنے لڑکپن کا ہر ایک
خیال دل سے مٹا دیا ہے"

"خدا کرے میرا بھی یہی خیال ہو جاوے"

"تم کوشش کرو اور بہت مضبوط رکھو مین جانتا ہون
کہ کیٹ اور سب گھر بھر تمہاری طرف ہے۔ جبکہ شاید اب
ہم تم خرلعت ہو سکین گے"

"کام کاجی آدمی کو ہمیشہ سوسائٹی نہین اچھی معلوم
ہوتی ہے۔ لیکن ملن لینا کے ساتھ اپنے تعلقات دیکھنے
کے بعد مجھے دیکھکر خوش ہوتا ہون کہ کیٹ تم سے محبت
اور مہربانی ہی کے ساتھ پیش آتی ہے"

"کیٹ کے ساتھ تو میری شادی اب تک کب کی
ہو گئی ہوتی۔ لیکن مجھکو ایک بنک کے قرضون کا
ادا کرنا ہے۔ اور اوسکے سوا تین ہزار روپیہ آگرہ
مین دینا ہے" "اگر تمکو سونپور کے بازی مین کامیابی
نہوئی تو؟"

"تو مجھکو اون چند بدمعاش پارسیون سے معاملہ کرنا پڑے گا"

سو برس کے بعد بھی وہی ہوگا جواب ہی اور جیسا ریورنڈ
بیان کرتا ہی کہ جس وقت تم خوش ہوا او سو قت تک
کوئی مشکل نہین - میرا ارادہ تھا کہ کسی مالدار یوریشین کے
ساتھ اپنی شادی کر لون - یہ بات میری مالی حالت کے
مناسب بھی تھی مگر جیسے ہی کہ کیٹ سے چار آنکھین ہوئین
مجھے معلوم ہوا کہ کہین دنیا کا خاتمہ ہی نہین گو مجھکو اپنے
چچا کرنل شنک کی بدولت جو محکمہ افیون مین ملازم ہین -
گری آباد کی کلکٹری کا عہدہ ملتا تھا مگر مین نے بیوقوفی کر کے
خود اوسکے قبول کرنے سے انکار کر دیا "

"ابھی تو تمھین ترقی کے لیے مدت تک انتظار کرنا پڑیگا "

"مجھکو امید ہی کہ میری اور کیٹ کی شاید قسمت ہی نہین "

"مجھکو ایک کمپنی ۲۰ برس کی عمر مین مل گئی معمولی
قیمت سے ۳ سو پونڈ زیادہ دینے پڑے - اب ہم لوگ
ملتان مین کمان کرنے والے ہین " "یہ تو میرے
پسند نہین "

ملن اب رخصت ہوا کہ اپنے پہرے کشمیری دروازہ
پر جاوے اسلیے کہ اوسکے دوست کرنل ریلی کے روند
کرنیکا بھی وقت تھا ہیرور اپنے خیالات مین ڈوبا ہوا
آگے بڑھا - اور کسی قسم کے خوف کے دل مین خیال
کیا کہ ہر چہار طرف فساد کی افواہین اوڑ رہی ہین
اور بہت کم ایسے بشر ہین جو بغیر پستول کے گھر سے
باہر نکلتے ہون -

دہلی کی عملداری مین ابھی تک کوئی حرکت ایسی
نہین ہوئی تھی اور دہلی کی سڑکین قریب قریب
لندن کی سڑکون کیطرح سے محفوظ و مامون ہتی
ہین - اگرچہ پرانے لوگ جو زندہ ہین وہ اس شہر
کی نسبت کہتے ہین کہ اسمین بھیڑیے ٹھگ ڈاکو اور ٹھگی
کرنے والے مرد اور عورتین بھرے ہوئے تھے - جو
مسافرون کے گلون مین پھندا ڈالکر پکڑ لیتے تھے -
اور اکثر حسین اور خوبصورت عورتون کو سڑکون پر
بٹھا دیتے جو اونپر ڈال گھوڑے ہوسکے روتی چلتی تھین
ناوان مسافر جو رحمدلی سے کچھ حسن و جمال پر
فریفتہ ہوکر اون عورتون کو گھوڑون پر بٹھا لیا کرتے
تھے اور جیسے ہی کہ اونکو سوار کرا کے آگے بڑھتے
عورتین گلے مین پھندا ڈالدیتی تھین مرد کے واسطے
اور لوگ ادہر اودہر ہر وقت مستعد رہا کرتے تھے
ان سڑکون کا اگلے زمانہ مین یہ حال تھا جسکو سپاہی
لوگ اب رویا کرتے تھے -

کئی افسرون نے بڑھ کر گورنمنٹ کے پھاٹک پر پہرہ
کو روکا جہان ایک جمعدار کی ماتحتی مین ایک گارڈ
متعین تھا -

ایک افسر نے جسے ہیرور پہچان گیا تھا کہ کرنل ریلی ہین
ہیرور سے کہا "کل آپ ہمارے ہی ساتھ کھانا کھائیگا "
"مین بہت خوشی کے ساتھ حاضر ہونگا - لیکن لینا
سے دوبارہ ملاقات کرنیکا خیال آگیا -

"لیکن دیکن کچھ نہین آپکو آنا چاہیئے - کوئی بھی آدمی
ہرگز خیال نہین کرسکتا کہ اوسکو تنہا اپنے بنگلہ مین
کھانا کھانا چاہیئے - کل میرے یہان مہمانون کی ہی
معمولی دعوت ہی جو مین ہفتہ وار کیا کرتا ہون -
مس ٹمپل ریورنڈ اور بھی اکثر لوگ آئینگے مین
آپکا نام بھی خانسامان سے بتا دونگا - بس جیسے ہی
نقارہ کی آواز سنئیے چلے آئیے " "آپکی دعوت کا شکریہ
ادا کرتا ہون - مگر ہان کرنل صاحب آپ مجھے معاف فرمائیگا
اگر مین زیادہ دیر تک ٹھہر نہ سکون "

"مین خود زیادہ نہ ٹھہرونگا - مجھے بھی ۵ بجے صبح بریگیڈ کو
جانا ہی - اور کل ولایت کو ڈاک جاویگی "

جیسے ہی ہیرور بنگلہ مین داخل ہوا - اوسکو تعجب معلوم
ہوا کہ سب اندھیرا پڑا ہی - اور کوئی شخص بھی نہین ہی

شمع روشن کرنے کے واسطے آدمی کو آواز دی - لیکن
کسی نے بھی جواب نہین دیا۔ "کوئی ہے کوئی ہے"
کسی طرف سے جواب نہ ملا - دیاسلائی کھینچکر روشنی کی
تو معلوم ہوا کہ اگر مین حقہ پیتا چاہونگا تو خود چلم بھرنی
ہوگی اور اگر سونا چاہونگا تو مجھے خود ہی چوری بانٹنا
پڑیگی - کیونکہ مختی فرخ پانڈے کا اسوقت کہین پتا
نہ تھا - نہ کسی طرف سائیس نظر آتا ہے - اور نہ بہشتی
دکھائی دیتا ہے - یہ تو ظاہر ہی تھا کہ سب نوکر بے اجازت
اور رخصت لئے غائب تھے - مگر دیکھا تو پنکھا قلی صاحب
بھی ندارد - - یہ ایک عجیب ماجرا تھا -
سرور نے خود بخود اپنے دل مین کہا "یہ عجیب بات ہے
یہ کمبخت کیسے کیسے کرنے والے ہین - اگرچہ یہ نہین معلوم
ہوسکتا کہ کیا کر سکتے ہین"
اور تو اور غل مچانے والا حافظ فلاح الدین بھی
پھاٹک پر نہ تھا سوائے اون گرگون کے جنہین
وہ اپنا میان دفن کئے رہتا تھا اوسکا کوئی نشان
نہین معلوم ہوتا تھا آگے چلا ہم بتا دینگے کہ رات کو یہ
سب لوگ کہان گئے ہوئے تھے -
خدا کی قسم یہ کمبخت کالے شیطان جسوقت آوینگے
اوسوقت مین اونکو خوب ناچ نچاؤنگا - اب سونے سے
کیا فائدہ دو ہی گھنٹے بعد مجھے پریڈ پر جانا ہوگا"

آٹھوان باب

۵۵ وین فوج پیدل کا کھانا

لائق سرور کی یہ دھمکی کہ "اون کالے شیطانونکی
سانٹے سے خبر لونگا" صبح تک بالکل ذہن سے اوتر
گئی - خدمتگار نے صبح کو اوسے میز پر پاؤن پھیلائے
اور بیدکی آرام کرسی پر پڑا ہوا پایا - اگرچہ صبح کی نوبت
بج چکی تھی و انتون مین ایک چرٹ دبا ہوا اور چائے کی
پیالی پاس اور دوسری میز پر آگرے کی ایک سنگی طشتری
مین چرٹ کا ایک بنڈل پڑا ہوا تھا -
جھٹ پٹ آنکھین ملتا اور کہنیون کو کھجلاتا ہوا اوٹھا اور
کہا کہ یہ تو بڑے غضب کی نوکری ہے توپ دغے اوٹھو
۸ بجے شام کو پھر پریڈ پر جاؤ بعد اوسکے دیکھو کمپنیون
مین فساد - عدالتین دیکھو - ہسپتال معائنہ کرو
اور شام دنیا بھر کی چیزین دیکھو - خدا خدا کرکے
شام ہوئی - اور سرور کے ارادون نے کئی دفعہ پلٹا
کھایا کہ آیا مجھے خود بھی پادری صاحب کے مکان پر جانا
چاہئے یا دعوت کا انتظار کرنا مناسب ہے - یا پادری
صاحب ہی کو یہان آنے دینا چاہئے - کرنل ایلی کی
دعوت نے بیشک اوسے وہان جانے سے روکا اور اوسنے
خیال کیا کہ دوسرے روز بھی مین نہین جاسکتا
اسلئے کہ کل مجھے بلیئرڈ کھیلنا ہے - دعوت کا وقت
سرور کی نظرون کے سامنے سے بالکل خواب کی طرح
گذر گیا - اگر لینا کے ساتھ نصیب ہوتا تو وہ اپنے
بنگلہ پر تنہا ہی کھانا پسند کرتا - کیونکہ ایک شخص جب
کسی کی محبت مین مبتلا ہو خصوصاً جب وہ نا امیدی
کی حالت مین ہو وہ بہت ہی کم لوگون کا ساتھ
دینے کے قابل ہے - اور سوسائٹی مین زیادہ شریک
ہونے کے قابل تو کسی طرح نہین ہے - مگر یلین کے
سوا اور کسی شخص کو اوسکا شبہہ بھی نہین ہوسکتا تھا -
دعوت مین ایک بہت بڑی جماعت موجود تھی کرنل
ریلی میر مجلس تھے - اور ریورس ملن ڈوائل اور کپتان
ڈگلس اور ولنگٹن وغیرہ شریک تھے - اس صحبت
مین اون پوشیدہ قول و قرار والی چپاتیون کا بھی تذکرہ
ذکر آیا - یہ ایک قسم کے اشارے کا کام دیتی تھین جنکو
انگریز اور اسکاچ سپاہی بغاوت کی ایک علامت
خیال کرتے تھے حاضرین مین اکثر لوگ ایسے تھے جو زور زور سے

باتین کرتے تھے خصوصًا وہ آدمیون کو سپاہیون کی
وفاداری پر بالکل اعتماد تھا اونکو یقین تھا کہ دیسی کی
فوج ہرگز بغاوت نہ کریگی۔ اور مقامات مین چاہے
جو کچھ ہو۔ یہ باتین ہر دو اور یورپین لوگون کو بیشک
پسند تھین۔ اس روز ملکہ معظمہ کی سالگرہ تھی اور دنیا
کے کسی حصہ مین ملکہ معظمہ کی رعایا اوس سے زیادہ وفادار
نہین ہے جسقدر ہندوستان کی رعایا ہے۔ کرنل صاحب نے
جام تندرستی تجویز کیا تھا۔ اور ہر ایک شخص نے ہر ایک
قسم کی شراب شامپین سے لیکر گھروٹی بیر تک پی ڈالی
تھی۔ اسلئے کہ ہندوستان مین مہمانون کے مذاق اور
اونکی طبیعتین جداگانہ ہونے کے باعث اور نیز موسم
اور آب وہوا کے لحاظ سے میز پر کئی قسمون کی شراب رکھی
ہوتی ہے برآمدے مین بلیٹ نغمہ سرائی کر رہا تھا اور کمرہ
کے اندر بہت ہی زیادہ گرمی تھی کھڑکیون پٹکے پردے
اوٹھاوے تھے اسلئے کہ گرمی زیادہ تھی اور چپراسی
برابر اندر رہتے تھے۔ کسی تھیٹر کسی ناچ یا کسی ٹورنمنٹ
کی خبر بھی نہ تھی کہ اوسکے متعلق حاضرین جلسہ بحث
کرتے۔ اوس صحبت مین فقط مقامی گھوڑدوڑ شیر و سور کا شکار
اور اسی قسم کی اور بہت سی باتین ہوتی تھین۔ سب
یہی تذکرے ہو رہے تھے۔ کچھ کچھ گپ بھی اوڑ رہی تھی
باتین ہوتی تھین کہ دیکھو گورنر جنرل کے ناچ مین
کیٹ کسطرح ملن کے ساتھ ناچی تھی اور اسی طرح
اپنی ہونیوالی شادی کو عام طور پر ظاہر کیا تھا اسلئے
کہ اوس زمانہ مین جب ہندوستان مین زیادہ رخصت
نہین ملتی تھی یہ دستور ہو گیا تھا کہ لیڈی ایک
شام کو ایکبار سے زیادہ کسی مرد کے ساتھ نہین ناچتی
تھی سواے اوس حالت کے جب معلوم ہو گیا ہو کہ
باہم دونون کی شادی ہونے والی ہے۔ غالبًا یہ
دستور اس سبب سے مروج ہو گیا ہوگا کہ شاید مشرق مین
انگلش لیڈیون کا قحط تھا۔

ہرورت نے کہا "یہ تو کلکتہ کی گپ سی معلوم ہوتی ہے جسکو
اکثر لوگ اوڑایا کرتے ہین"۔
دنیا اور بھی جیک چینتھم کا حال ہے۔ ہان رسالہ کے
اوس بوڑھے کمانیر کا حال تو بیان کرو"۔
قبل اسکے کہ ہرورت ڈویل کو اوس چھپی ہوئی چوٹ کا
جواب دے کرنل صاحب نے مس کیتھی وسٹن کا جام
صحت تجویز کیا جسکے جواب مین ملن کو کسیقدر پریشانی ہوئی
ڈویل نے کہا "کیون ملن تم وہان جانے والے ہو۔
شاعر فلانہ یہ لکھتا ہے "انسان آگ ہے اور عورت
پرال۔ اور شیطان ان دونون کو ملا دیتا ہے"۔ اسپر
سبنے قہقہہ لگایا۔ اور ملن نے اس قہقہہ مین ایک
جام پیا"۔

ڈویل نے بڑی خوش آوازی کے ساتھ کہا "ہندوستان
روے زمین پر سب ملکون سے عمدہ ملک ہے۔ غریب کے
لئے نہایت ہی عمدہ ہے۔ دنیا بھر مین سب سے اچھا ہے
مین خوب واقف ہون کہ یہان بہت سے لوگ بادشاہون
کیطرح زندگی بسر کرتے ہین۔ اور سوا
خنکی کے کم ہونے کے یہان زندگی کے سب لطف
اوٹھاتے ہین اور وہ بھی اوس تنخواہ اور بھتے پر
جسپر انگلستان مین بھوکون مرین"۔
کرنل ریلی نے کہا "بعض حالات کے لحاظ سے یہ
سچ ہے۔ مگر مسٹر ڈویل اس ملک مین خرابیان بھی
ہین۔ وہ بہت ٹھیک ہے جو ایک شریف بیان کرتا
ہے کہ ہندوستان انگلستان سے اتنے فاصلہ پر ہے
کہ کسی شخص کو یہ بھی خیال نہین ہوتا کہ وہان کیا
ہو رہا ہے۔ سواے اون لوگون کے جنکو کوئی مالی
تعلق ہے۔ اور اونکو بھی اوس وقت تک پروا نہین
رہ سکتی جب تک کہ سود برابر پائے جائین"۔

ا مر بغیر کسی قسم کے تعلق خاطر اور بے صبری کے
تھا کہ ان زور و شور کے نعرہ ہائے خوشی کو برابر
سنتا رہا اس لیئے کہ کھانے کی میز پر ایک ذرا قہقہہ
بھی بہت بُرا معلوم ہوتا ہے۔ اور جب کسی کو سوائے
شی اور ہنسی کے کچھ سوجھتا ہی نہین۔ ان قہقہون کی
وازین قریب کے بنگلون مین وہ لوگ بھی سُن رہے تھے
بکو بخار آتا تھا۔ وبیمار بہین بھر رہے تھے۔ اسلیئے کہ ہندوستان
بن زندگی بھر ہمیشہ بخار ہی رہتا ہے۔ اور وہ موت
یادہ دور نہین ہوتی۔ بعض اوقات ہرور کو یہ سب گپ
ت بُری معلوم ہوتی تھی۔ جو کسی اور وقت شاید
پ ہوتی وہ اسقدر از خود رفتہ تھا کہ کرنل
پی نے اوسکے ہاتھ سے ٹکٹ لے لی اور آدھی رات تک
تہ پایئے اور حضرت کو خبر تک نہ ہوئی۔
ہرور خاموشی سے اوسوقت جو اُنکا جیب اوس نے
یہان ڈگلس کرنل سے یہ کہتے سُنا۔ "چونکہ اودھ کی
وج کے کرنل پرٹکٹ کو اوس حادثہ کی وجہ سے بارکپور
چھا نہین معلوم ہوتا لہذا وہ شمالی حصہ ملک مین
بھیجے جانے والے ہین یا تو الہ آباد بھیجے جاینگے
دہلی کو۔ لیکن زیادہ یقین دہلی ہی مین بھیجے جانیکا
ے۔ اسلیئے کہ خود کرنل صاحب کو یہان آنیکی خواہش بھی ہے"
اس افواہ نے ہرور کو ہوشیار کر دیا۔ اوسنے
یک گلاس شامپین پی جسمین فرخ پانڈے نے
ھوڑی سی برف بھی ڈالدی تھی اور پھر ذرا ہوش
حواس درست کر۔ اور آدمی بنکے اپنی عادت کے
وافق لوگون کی صحبت مین ہونے کا ارادہ کیا۔
ہ ہ وین پلٹن کے ایک سپاہی نے کہا "یہان ایک
ال ہونا چاہیئے" یہ حضرت اچھے گانے والے تھے
ور اس سبب سے بینڈ باجے کا انتظام ہمیشہ انھین کے
سپرد رہا کرتا تھا۔

ریورس نے کہا" ہان ضرور ہو اور اوسمین پادری صاحب
کی لڑکیون اور اونکی دونون نئی نئی ساتھ والی لڑکیاں
لڑکیون کو بھی بلوایئے" ریورس نے جو ۳۴ وین
پلٹن کا افسر اور ایک سیدھا سادھا بے زبان
آدمی تھا۔ اور رات بھر بالکل خاموش رہا کرتا تھا
کہا" کہ یہ کون لڑکیان ہین ؟ حسین ہین کہ اسحاب
چو رنگی کے حسین شوہرون کی تلاش مین آئی ہونگی"
ڈائل نے فوراً تیزی کے ساتھ کہا" تم بالکل غلط
کہتے ہو یہ لیڈیان فقط دیکھنے کے قابل ہین اسلیئے
نہین ہین کہ تم سے آدمی کی وہ زیادہ قدر کرین
اونکا چچا جو جج ہے اون دونون کو دو لاکھ روپیہ
بنگال بنک اور گریٹ انڈیا پنینشلا ریلوے کے
حصون سے دے سکتا ہے"
ہرور کی رجمنٹ کے ٹیمپل نے متعجب ہو کر کہا "
دو ہزار پونڈ ہر ایک کو ! گو مین اسقدر ارزان
جانا ہے"
ڈائل نے قطع کلام کر کے کہا" ایک کے لئے تو
تم ہی بندوبست کیئے ہوئے ہو"
"ٹیمپل اون پر یہ تمھاری بڑی عنایت ہے لیکن
جو کچھ ہو لڑکیان ہین بڑی خوبصورت"
ریورس نے جواب دیا" ہان اپنے دوستون پر
اور خود اپنے اوپر انکو بہت غرور ہوگا۔ اسکاچ
لڑکیون کا یہی حال ہے"
ملن نے کہا" ہرور ذرا ہوشیار ہو ہم اسوقت
تمھارے زبانی وہی چند تمھارے والا معاملہ سنا چاہتے
ہین جسکے متفرق حالات ہمنے سُنے ہین۔ ہرور یہان اور
کوئی نہین ہے۔ اور نہ مین کسی سے کہنے دوڑا جاؤنگا۔
یہان سب مستقل مزاج لوگ ہین"
ہان کیا"

جب کبھی کوئی بدقسمت شخص رات کو زیادہ عرصہ تک مسٹرس اوڈوبائی کے ساتھ ناچتا یا اوسکو زیادہ ترجیح دیتا یا کھانے کے کمرہ مین اوسی کی طرف نگاہ اوٹھاتا یا اوسکے گورے کندھے پر شال یا پنجہ سنبھال کر ڈالدیتا یا نگاہ ہی پڑ جاتا تو ضرور تھا۔ کہ دوسرے روز اوس شخص کی خبر لیجاتی اور اگر اوس بٹالین سے اوس شخص کو علاقہ ہوا اور وہ شخص کہین باہر بھیجا وسے تو اوسکو شکریہ ادا کرنا چاہئے کرنل صاحب کو ناچ تماشہ اور عورتون سے نفرت تھی لیکن مجبوراً اپنی بیوی کے نگہبانی کی ضرورت سے جانا پڑتا تھا۔ ان سب باتون کا یہ نتیجہ تھا کہ لیڈی بالکل نخرہ باز ہو گئی تھی۔ کرنل صاحب کا حکم تھا کہ اونکی بیوی کہین ناچ رنگ مین نہ شریک ہوا ور جب تک وہ خود موجود رہتے تھے اونکی بیوی نہ ناچ سکتی تھی لیکن ادھر یہ کسی اپنی ایسے بوڑھے جنٹلمین کے ساتھ مست ہوئے یا کہین باہر گئے ادھر اونکی بیوی نے اپنا کام شروع کیا۔ اونکی بیوی ایک اول درجہ کی ناز نخرہ کی عورت ہو گئی اور اوسکے جتنے خیالات تھے سب اسی جانب متوجہ ہو گئے اوسنے اپنے طور پر علامات اور نشانون کا ایک قانون اور دستور العمل بنا لیا تھا۔ پردہ کا اوٹھانا کھانے پر ہونا مطلب کی باتین کرنا۔ غرضکہ اپنے پوشیدہ دوستون کے لیے ہر ایک قسم کے علامات قرار دے لئے تھے۔

اسیطرح بہت سے لوگ پھنس چکے تھے۔ خیر اب یہ میری باری تھی۔ مین نے کئی بار متفرق مقامون پر اوسے دیکھا اور قریب تھا کہ اوسکے آشنا بلو بیرڈ کا مین نصیب بن جاؤن۔ ایک مرتبہ راستہ مین اونکا گھوڑا بگڑ گیا اور قریب تھا کہ وہ میم صاحبہ کو پھینک دے کہ مین نے جان بچائی۔ کئی مقامون پر مجھے یہ عزت بھی حاصل ہوئی کہ میرے اوسکے چار آنکھین ہو گئین۔ لیکن نہ مجھے بات کرنے کی جرأت پڑی اور نہ اوسے جرأت ہوتی۔

خیر مین لاین کو واپس آرہا تھا مجھے اپنے کمرے مین میرے عہدہ کے موافق ایک ہی شخص ملا۔ مین نے فرنیک ٹمپل کو دیکھا کہ میری میز کے قریب ایک کارڈ لیے بیٹھے ہین۔ یہ کارڈ نہایت ہی عمدہ کٹے ہوئے کنارہ کا تھا اور اسپر مسٹرس اوڈوبائی ولارا چر لکھا ہوا تھا۔ فرنیک نے مجھسے کہا "دیکھو جیک یہ عجیب بات ہی کہ کرنل کی بیوی اسطرف آئی تھین!۔ ابھی ابھی خاص بیان ہی! تمھارے ہی کمرے مین!"

مین نے فوراً جواب دیا "نہین یہ ممکن ہی نہین ہے" "چاہے جسطرح ہو مگر یہ بات غیر ممکن نہین معلوم ہوتی" مین نے کہا "یہ کسی کی دل لگی معلوم ہوتی ہے۔ کوئی تعجب نہین کہ یہ تمھارا ہی کام ہو"

ٹمپل نے عاجزی سے کہا "نہین یہ دل لگی نہین ہے ہر وہ مین اپنی عزت کی قسم کھاتا ہون کہ اس کارڈ کو مین نے میز پر پڑا پایا۔ اور دیکھو اسپر یہ مسٹرس اوڈوبائی کا نشان بنا ہوا ہے۔ اس تاج کو دیکھا"

"یہ کیسا راز ہے"

"خدا اسکے سوا اور کوئی کیا جانے۔ یہ تخت ہے دو پریان اوٹھائے ہوئے ہین"

"فرنیک اس مذاق کو علحدہ رکھو اور مجھے سچ سچ بتا دو کہ یہ کارڈ تمھین کہان ملا"

"اسی کتاب کے پاس اسی میز پر پڑا ملا"

"تو کیا یہ کتاب بھی وہ چھوڑ گئی ہے۔ ؟"

"نہین آج صبح پریڈ کے بعد اسنے ایک آدمی کو قلعہ کے کتب خانہ مین بھیجکر یہ کتاب منگوائی ہے"

"لوح پرانی ہے اسمین ہے کیا ؟"

"اسمین ٹیلسن کا حال بیان کیا گیا ہے"

ٹمپل نے مجھ سے سنجیدگی کے ساتھ کہا "دیکھو جیک ہوشیار رہو ورنہ تمھین مسٹرس اوڈوبائی سے ایک معرکہ

کرنا پڑیگا۔" مین نے جواب دیا۔" اب تو یہ بہت آسان معلوم ہوتا ہی۔"

فرینک "ان معاملات کا انجام کبھی اچھا نہوگا۔" لمن۔ حقیقت مین یہ مناسب نہ تھا کہ اسطرح وہ میرے پاس چلی آئے۔"

"ہرگز نہین خصوص اس واقعہ کے بعد کہ تمنے ایک دفعہ اوسکی جان بچائی۔"

"لیکن وہ تو معلوم ہوتی ہی کہ اس واقعہ کے قبل یہان آئی ہی۔"

"اگر ایسا ہی تب تو یہ مرغون کی ایسی لڑائی معلوم ہوتی ہی۔"

"لیکن خدا کے لئے کسی سے اسکا ذکر نہ کرنا۔"

مین نے فرینک سے یہ قسم کھلائی کہ اس ماجرے کا حال وہ کسی سے نہ بیان کریگا۔ اور اپنے خدمتگار کا انتظام کیا مگر یہ انتظار فضول تھا اسلئے کہ مسٹر ہیڈ دو تین روز کی رخصت لے گئے تھے۔ اور اس سبب سے اونکے ذریعہ سے مجھکو کچھ بھی نہ معلوم ہو سکا۔ سنتری جو دروازہ پر پہرہ دیتا تھا اوسنے بیان کیا کہ مین نے کسی شخص کو اندر آتے نہین دیکھا تھا۔ اگرچہ اسکا مین خیال کرکے بیشک پریشان ہوا کہ کرنل کی بوبی مجھے کیون ملنے آئی تھی۔ مگر دوسرے روز خود مین نے اوس سے ملنے کا ارادہ کیا۔ خصوص اوس سبب سے اور بھی جلدی کی کہ آرڈر بک سے معلوم ہوا کہ ہمارا غضبناک کرنل اول درجہ کے ایک لوٹیا رشل ہین گسنکر نے گیا ہی اور شام تک واپس نہین آیگا۔

اب آپ لوگون کو بالکل اس امر سے آگاہ کر دینے کے لیے مین یہ بھی بیان کیے دیتا ہون کہ یہ کارڈ کسطرح آیا تھا۔ مسٹرس اوڈبائی اوسی ناول کو دیکھ رہین تھین جو فرینک نے منگوائی تھی غلطی سے کسی صفحہ مین وہ اپنا کارڈ رکھکر بھول گئی جسکو بطور نشانی کے اکثر جگہ وہ رکھ دیا کرتی تھین یہ کارڈ کتاب سے گر پڑا اور میرے لائق خدمتگار نے اور نوکرون سے حیلہ کرکے اوسکو رکھا اور چل دیا۔ اس حال سے تو مین ناواقف تھا اور یہ فکر دامنگیر تھی کہ جلد اوس سے ضرور ملاقات کرون جسکی نسبت مجھے گمان تھا کہ میری اچھی صورت وغیرہ پوشاک نے اپنے اوپر فریفتہ کر لیا ہی۔ جب صبح کی ختم ہوئی مین نے خیال کیا کہ سیہر کبھی تو آویگا۔ آہستہ آہستہ وہ بھی آگیا۔ اور مین نے عمدگی اور سے کپڑے پہنے اور میڈو سے پر جا پہونچا۔

مین نے بالکل سیدھے طور پر آدمی سے دریافت کہ "کیا کرنل صاحب مکان پر ہین۔"

ایک اردلی نے دروازہ کھولکر کہا۔ "جناب کرنل صاحب آج کو ڈیوٹی پر گئے ہین مگر ان مسٹرس اوڈبائی موجود مہربانی کرکے میرا کارڈ لے آو مجھے۔"

اوسنے مجھے سلام کیا۔ اور میرے سامنے جھکر کھا ڈرائنگ روم کے زینہ پر چڑھا جہان مجھکو بھی مین نے اپنے تئین اطلس کے پردون سنگ مرمر کی میز اور بڑے بڑے ستون مین گھرا ہوا پایا۔ مجھے معلوم ہوتا تھا کہ اوسمین کسیقدر بھید ضرور ہے۔ اور پورے اعتبار سے مجھکو کوئی شخص اس مشکل سے نہین نکال سکتا تھا۔ کھڑکیون سے مین شہر کے دیکھ سکتا تھا۔ اوس بڑے چشمہ کا خوبصورت لندن کے سفید مینار گرجا مچھلی پکڑنے والون کا مین گھسنا یہ سب تماشے نظر آتے تھے۔

نرم کپڑون کی دلفریب آواز اور ریشمی پوشاک کی خوشبو میری مسٹرس اوڈبائی سے چار آنکھین کرائین جو مین مجھ سے چھ سال بڑی تھی اور جسکا سامنا ہوتے وہ سب عمدہ خیالات چلے اور فقرے جنکے کہنے کا

کرتا تھا۔ بالکل دل سے محو ہو گئے۔ اونکی حرکتوں سے تعجب
کی علامتیں نظر آ رہی تھیں جنھوں نے مجھکو پریشان کر دیا
اور خصوصاً اوس وقت جب اوسنے اپنے آنے کا بالکل ذکر نہیں
کیا تو مجھے اور اضطراب ہوا۔ آخر مین نے ہی اول گفتگو
کرنے کی جرأت کی اور کہا "آپ آج بارکون کیطرف تشریف
لیگئی تھیں" جواب دیا "ایک ہفتہ سے تو مین بارکون کیطرف
سے ہو کر نہیں گذری"۔
مین نے تعجب سے پریشان ہو کر پوچھا "ایک ہفتہ سے؟"
کم سے کم اسی کے قریب ہوا ہوگا۔ خیر مجھکو یہ دوسرا موقع
حاصل ہوا کہ مین اپنی جان بچنے کے متعلق آپ کا شکریہ ادا
کرون۔ آپ وہی بزرگوار ہین نہ جو"
مین نہایت پریشان تھا۔ ایت یہ میرے مکان پر نہیں گئی
یہ دوگلی کر رہی ہے۔ ہان شاید ایسا ہی ہوا ہو کل کے ماجرے
سے مین اوسکی ملاقات کے لیے صحت اور تندرستی کے دریافت
کرنے کا بہانہ کر سکتا تھا۔ لیکن اون دونوں اس قسم کی
فقرہ بازیوں کے اعتبار سے مین بالکل بچہ تھا۔
اوس نے مجھ سے ہنسکر کہا "آپ شاید کرنل اوڈبائی سے
ملاقات کرنے آئے ہونگے۔ وہ آجکی رات کی ریلوے ٹرین
مین اپنی ڈیوٹی پر اولوچ کو گئے ہین۔ آپ لوگ کب تک
ہندوستان جاوینگے"
"مین ابھی اس سے نہین واقف ہون اور شاید مجھے کرنل
صاحب سے اس بارہ مین کچھ دریافت ہو سکے"
"آپ مطمئن رہیے وہ وقت قریب آنے والا ہے جب جہنم کے
ناچ تھیٹر اور صدہا قسم کے تماشون کے جگہ جہاز اور سمندر
اور سخت طوفان نظر آینگے۔ مصیبتون کا برداشت کرنا مشکل
اوس موقع پر یہ سارے تماشے اور ناز و نخرے رکھے
رہین گے۔"
"مین" "میری تو یہ عادت نہین"
"کیون مسٹر مسٹر"

"پیارا ہے دو نام ہے"
"صحیح ہے آپکا کارڈ میرے ہاتھ سے گر گیا تھا"
"مجھے خود نہین معلوم کہ کیونکر گر گیا"
یہ سنکر وہ بہت ہنسی اور کہا "تو اس امر سے آپ بالکل ناواقف
ہین۔ اچھا آئیے اس درمیان مین آپ کو اسکے سبق دون
لیکن گفتگو کے عمدہ طریقہ اور عاشقانہ نظر بازی اور سلام
اور محبت اور پیار کے مراسم آپ کو ناولون سے سیکھنے چاہیے
ہین۔ رومیو کا حال ضرور پڑھیے" یہ کہتے وقت میرے
ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھدیا جس سے ایک قسم کی دردناک کیفیت
میرے دل مین پیدا ہوئی۔
اب مین نے کہا "مسز اوڈبائی اب شام کی پریڈ کا
وقت قریب آگیا۔ مجھے جانا چاہیے۔" اوسنے ہنسکر میرا ہاتھ
اپنے ہاتھ مین لیے ہی لیے کہا "اچھا جاؤ لیکن یاد رکھو کہ
کل تھیٹر مین جولیٹ نے چلتے وقت رومیو سے کیا کہا تھا"
مین نے خیال کیا "واللہ اب تو ضرور ہی کہ یقیناً یہی کارڈ
چھوڑ آئی ہوگی۔ اور ہاتھ پر بڑی گرمجوشی اور محبت سے
بوسہ دیا جیسے ہی مین نے اپنا سر اوٹھایا کیا دیکھتا ہون
کہ پست قد کرنل اوڈبائی نیلی پوشاک پہنے کھڑا ہوا ہے
اور سے چار آنکھین ہوتے ہی مین سناٹے مین آگیا۔
بیوی نے مسکرا کر مجھ سے اوس سے ملاقات کرائی اور کہا
"مسٹر سرور جو کارنش لائٹ انفنٹری مین ہین وہ آپ ہی
ہین" کرنل نے ترشروئی اور سرد مہری سے کہا "میری بھی
بدقسمتی ہے کہ مین اس نوجوان کو جانتا ہون۔ لیکن اب
مجھے انکو نہ روکنا چاہیے۔ پریڈ کا وقت آگیا ہے گھڑی
مین دیکھلو بس پندرہ منٹ کے بعد لوگ وہان جمع
ہونا شروع ہو جاوینگے"
مین نے خیال کیا کہ مین عجیب مشکل مین پڑ گیا ہون اور
پریشان دلی کے ساتھ بارکون کے پچھواڑے ہو کر نکل گیا
کہ ایڈجوٹنٹ کو میرے وعدہ کا اعتبار ہے اس لیے

کرنل صاحب کے گھر مین ایک عجیب واقعہ پیش آیا۔
مسز او ڈبائی نے آئینہ مین اپنے بال درست کرکے جسمین
کرنل کی صورت بھی نظر آرہی تھی کہا "میرے پیارے
تم بالکل یکایک آگئے"
اوسنے غضبناک ہوکر کہا "ہان اچانک اور بیوی تمکو
میری آنے کی امید بھی نہوگی"
اوسوقت ہمارے ملاقاتی سے تم نے نہایت سرد مہری
اور بڑی سخت بداطواری کے ساتھ برتاؤ کیا۔ کرنل مین
خیال کرتی ہون کہ یہ نوجوان تمہارا دوست تھا"
"میرا دوست کیون ہے"
"وہ تمہارا دوست نہوتا تو یہان کیون آتا ہے"
"میرا خیال ہے کہ وہ کمبخت جو اپنا تمہارا دوست بنا رہا ہے
ہے۔ اگر ایسا نہوتا تو ہرگز یہان آنے کی جرأت نہ کرتا"
"جرأت!"
"ہان جرأت خصوصًا جس صورت مین قلعہ کے حکام نے
اوسکو بخوبی مطلع کردیا ہوگا۔ کہ مین یہان نہین موجود
ہون۔ ہان میڈم اوسکو معلوم ہوگا کہ مین نہین ہونگا
آج مجھکو اول وہان جانا تھا۔ میڈم یہ سب تماشہ ہے
بالکل واہیات تماشہ" اور نہایت ہی غصہ اور حسد کے
ساتھ جو چہرہ سے صاف ظاہر تھا۔ کہنے لگا۔ "میڈم مجھے
روز بروز اسکا ثبوت ملتا جاتا ہے کہ مجھسے ہٹ کر تمہارا
دل کہان کہان بھٹکتا پھرتا ہے"
"کرنل وڈبائی تمہارا یہ خیال بالکل غلط ہے۔ لیکن اگر ٹھیک
ہو بھی تو کیا تم خیال کرسکتے ہو۔ کہ برا یہ ظلم کینہ۔ تنگ
غضبناک گالی گلوج اور واہیات افترا پردازیان ہاتھ سے
دلکو پھر واپس بلا سکین گی ہے"
یہ عورت اگر تھیٹر مین ہوتی تو بڑے تماشے کرتی۔ لیکن
اس امر مین بالکل بے قصور تھی۔ میرے دوست لنگلیا
ڈرائنگ روم سے یہ معاملات دیکھ رہے تھے اونھون نے
یہ سب باتین اپنی آنکھ سے دیکھین اور مجھسے بیان کیا۔
اوسنے اپنی بھوری آنکھون سے ترچھی نظر ڈالی اور
سے چلدی۔
"کوئی ایک منٹ کے بعد غصہ ور کرنل اپنے غصہ کو
غصہ کی تاب نہ لاسکا۔ اور تنبیہ پھیر کر اوسنے میرے پیچھے
گھوڑا دوڑایا۔ وہ سیدھا میرے مکان پر آیا اور
زینون پر اپنے بڑے بڑے جوتون سے زور سے دھمکا کر
چلاکے کہا "مسٹر سرور آپ مجھے صاف صاف بتائین کہ آپنے
کیونکر میرے وہان جانے کی جرأت کی۔ اور میرے گھر کے ایک
دستور کو توڑا کہ میری غیر حاضری مین بے بلائے میرے گھر
گئے! بے بلائے!"
قبل اسکے کہ مین جواب دے سکون غصہ ور کرنل کی نظر
اپنی بیوی کے کارڈ پر جا پڑی جسکو میرے بیوقوف نوکر نے
نے بالکل سامنے کھلی ہوئی جگہ پر رکھدیا تھا۔ کرنل نے
نہایت ہی غصہ سے اوس کارڈ کو اوٹھا لیا اور بغیر
پاکر سیدھا اپنی بیوی کے پاس گیا۔ کیونکہ پہلا پہر
مین وہ میرے پاس آئی تھی اور اوسکے بعد شدید
ایک غضبناک جھگڑا شروع ہوا۔
اوسنے ارادہ کیا کہ اس معاملہ کی بدولت مجھکو تکلیف ہو
اوسنے رات بھر کورٹ مارشل کے قواعد دیکھے اور کوشش
کرتا رہا کہ کسی جرم مین مجھکو پھنسا دے۔ خیر ایک ہی
ہوگا کہ ہم لوگون کو ۴۸ ہی گھنٹہ پیشتر سکی اطلاع دی کہ
بعد ہندوستان جانا ہوگا۔ وہان سے یہان کا رستہ
لینا پڑا۔
جب تک سرور کی داستان ختم ہو معلوم ہوا کہ وڈبائی گھری
نیند مین ہے۔ نیکھا قلی بھی سوگیا ہے اور جیمس بھی اس
خیال سے کہ صاحب لوگ رات کو دن کی ہوتے ہین کھسک چلدیا
۹۵ وین پلٹن کے ایک افسر نے کہا "صاحب جواب لیجئے
اور شراب کی میز پر دوسرے کمرے مین ہین جو صاحب

جس چیز کو پسند کرین آپ تشریف لیجائین"

"ہرو نے کہا" نہین مجھکو ضرورت نہین - آپ کی عنایت کا شکریہ
ادا کرتا ہون - مین بالکل تھک گیا ہون - مین کچھ نہین
کھا سکتا - علاوہ اسکے یہ ضرور ہے کہ پیرڈ ہیل پر سولین
لوگ سمجھ جاوینگے جنکو سوائے اتیوان کے پرستش اور
ناچ گانے تماشے اور رسم شراب کے کسی بارہ مین گفتگو کرنا
نہین آتی ہے"

"نہین ہے اور کچھ مین پوچھتا تو مراہی سہی - مجھکو امید تھا کہ تو ڈھونڈ
نکالی ہوئی سے اپنے متعلق بیماریون کی فہرست مین شامل
کرون" ہرو اور ڈویل جیسے ہی اپنے بنگلون کیطرف
چلے - معلوم ہوا کہ چاندنی خوب نکھری اور صاف پھیل گئی تھی
فرق بس تنگلینڈ سے بہت کم تھا - اس سبب سے ابھی تک
یہان ناچ گانے کی آواز چلی آتی تھی -

دسوان باب

تھروپ انڈلی کا نقشہ

دوسرے دن صبح کو پیرڈ پر جانے کی تیاری کے وقت جب
ہرو کپڑے پہن رہا تھا اوسکی نظر دو کارڈون پر جا پڑی
جسکو فرح پانڈے پچھلی شام کو پھاٹک احاطہ پر ڈال آیا
تھا - یہ دونون پادری وسٹن اور پولی کے کارڈ تھے -
پادری صاحب اور پولی کنٹونمنٹ سے اوسی وقت گذرے
تھے کہ جسوقت ہرو رسٹ ہاؤس کیطرف گیا تھا - اوسنے
دل مین کہا" صدر جا حقیقت مین یہ ہم میرے
ہو جانے کا ڈھانے والا ہے - اسقدر جلد میری بازدید کی
ملاقات! خدا بوڑھے پادری اور پیاری کم عمر پولی کو
صحیح و سالم رکھے"

اسکے علاوہ یہ اور بھی خوشی کی بات تھی کہ اسکے کارڈ کی
پشت پر پادری وسٹن کے ہاتھ کا پنسل سے لکھا تھا کہ
جس شام کو یہ کارڈ دیا گیا تھا اوسکی تیسری شام کو
ہرو کی دعوت ہے" یہ امر بسہولت خیال مین آسکتا ہے کہ
اس دعوت سے ہرو بہت خوش ہوا - اور ساتھ ہی خیالات
دل سے محو ہونا شروع ہوگئے - یہی دعوت خصوصی اوس
رات جو بالکل تنہا کو شراب اور باتون مین صرف ہوئی
اچھی نہین معلوم ہوئی - اگرچہ اس قصہ کا ہیرو ہرو
(صاحب قصہ) اورون کیطرح بالکل جوان تھا - اور
اس باعث انسانی کمزوریون سے بری نہ تھا - لیکن
اسقدر اوسکو یقین تھا کہ اوسنے باتین بہت کی ہین
اور مسٹرس اوڈیائی کو اوسنے عام طور پر بیفائدہ بدنام
کیا - مگر اوسکو اپنے اطمینان کے لئے یہ خیال کافی تھا
کہ مسٹرس اوڈیائی ایک ستار کیطرح مشہور ہے -

ان کارڈون کی وجہ سے وسٹن کی نسبت خیالات
پیدا ہو گئے - اور اوسنے دلمین ارادہ کیا کہ بذات خود
جاکر اس دعوت کا شکریہ ادا کرے - اور جیسے ہی کہ
پیرڈ ہو چکے سیدھے وہان چلا جاوے -

اوسکے دلمین امید تھی کہ مین تھروپ انڈلی کے
اس نقشہ کے ذریعہ سے لیتا کے دل کو بہت نرم کرسکونگا
تھروپ انڈلی کی بہت سی باتین ایسی ہین کہ دونون
کو کبھی نہ بھولین گی -

یہ اوس پرانے در مین لگا ہوا تھا جہان مین نے
پہلے پہل لیتا وسٹن پر عشق جتایا تھا اور اوسنے بھی
مجھکو پسند کیا تھا -

ملن نے جواب دیا" سچ ایک ناول ہے جسمین لکھا
ہے کہ عشق کا پہلا بوسہ بہت ہی مزیدار ہوتا ہے -
لیکن یہ بڑی خرابی ہے - تم اوس مسرت مین اپنے
دوستون کو نہین شریک کرسکتے"

ہرو بار بار اوس نقشہ کو چھوتا تھا - اپنے ہاتھ مین
پنسل لی اور پھر سرے سے چھونا شروع کیا - یہ سچ
ہے یہ حقیقی ہے - انھین سے ہر ایک چیز تھین کہ لیتا کو

یاد ہوگی جو جہاز پر [illegible] تھی کہ [illegible] خوشبو [illegible]
اس یادگار کو اوسنے رکھ چھوڑا تھا۔ جو شاید لینا کو پہلے
دنون کی یاد دلائے۔ یہ افواہ جو اوسنے سنی تھی کہ رجمنٹ
کی تبدیلی بارکپور سے دہلی کو یا شاید الہ آباد کو ہوگی غالب
دہلی سے سو میل کے فاصلہ پر ہوگی [illegible] یہ خبر بار بار
اوسکو پریشان کرتی تھی۔ شاید اوسکے یہان ہونے سے
میرا اثر رفتہ رفتہ کم ہو جائے۔ اور یہ نئی امیدین میری
خاک مین نہ ملجائین۔

نہ تو اوسکو اب وقت اور مقام کی خبر تھی۔ صرف اوس
پیارے چہرے کی یاد تھی جسکو وہ دل سے چاہتا تھا۔
سہ پہر کے وقت کہ جو ایسا وقت ہوتا ہے کہ ہندوستان
مین کوئی انگریز سیر کو باہر نہین نکلتا۔ جس وقت کی نسبت
کسی لکھنے والے نے لکھا ہے کہ کوئی لیڈی مشکل سے
اسبات کے سوا کوئی کام کرتی ہوگی کہ اپنے کمرے مین بیٹھکر
گردن اور گالون پر پوڈر ملتی ہو اور اپنی آیا کو جھڑکتی ہو
اوسوقت ہیرور شہر دہلی کیطرف چلا۔

جب ہیرور پادری صاحب کے مکان پر پہونچا دربان نے
سر جھکایا۔ اور ہاتھ جوڑکر عرض کیا۔ حضور یہان پھاٹک
بند ہے جسکا یہ مطلب تھا کہ گھر مین کوئی نہین ہے۔ اب اس
امر کا یقین کرکے مین نے غلطی کی اور تکلیف اوٹھائی۔ خوب مین
کنٹونمنٹ کی طرف بغیر چھیڑی کے جانا پڑا اور اسوجہ سے
جب مکان پہونچا تو بالکل تھک گیا تھا اور ناامیدی [illegible]
اور ماندگی کے سبب سے ایک آرام کرسی پر دیر تک پڑا رہا
خدا خدا کرکے دعوت کا روز آیا اور ہیرور نے جس نقشہ کا
وعدہ کیا تھا اور جسکی نسبت اوسکو امید تھی کہ تنہائی مین دونگا
نہین دیا وہ تنہائی مین نہین بلکہ سبکے سامنے دیا۔
اوس نقشہ کے کنارے پر پنسل سے جو تاریخ لکھی ہوئی
تھی ہیرور نے یقین کیا کہ اوسکو دیکھکر لینا کو کوئی زمانہ یاد
آگیا ہوگا۔ مگر لینا کے چہرہ نے اس قسم کی کوئی بات بالکل
نہین ظاہر ہوتی تھی لینا نے نہایت [illegible] ساتھ نقشہ
دیکھا کہ کس جگہ تعریف کی [illegible] اور شکریہ ادا [illegible]
اور [illegible] ہاتھ [illegible] چھوڑ [illegible] تاکہ وہ [illegible] کمرے [illegible]
رکھنے کے لیے اپنے کمرے مین چلی گئی۔ مہمانون کی کثرت ہیرور کو
ناپسند تھی اسلیے کہ اوسکی تو یہ آرزو تھی کہ اکیلی [illegible]
سامنے سنگ مرمر کی ایک میز تھی جسپر [illegible]
لکڑی لگی ہوئی تھی۔ منجملہ اور بہت سی چیزون کے اوسپر
یولی کا ایک البم تصویرون کے رکھنے کی کتاب [illegible]
تھا جسکی نسبت یولی نے خواہش کی کہ ہیرور اوسپر کچھ [illegible]
چاہیے اوسکا نام ہی کیون نہو۔ اوسنے مین لینا نے [illegible] مگر
سب مہمانون سے کھانے کے کمرے مین چلنے کو کہا۔ [illegible]
لینا ہیرور کے سامنے بیٹھی تھی۔ بہت سی [illegible]
میوہ جات وغیرہ کے باعث کسیقدر یون ہی [illegible]
نصیب ہوتا تھا۔ اور ڈرائنگ روم کا یہ وقت بالکل [illegible]
گذرا۔ بغیر اسکے کہ ادن معمولی باتون کے سوا جو پہلے بھی
ہوچکی تھین ہیرور کو لینا کے ساتھ اور کسی قسم کی باتین
کرنے کا موقع ملے۔ غرض وہ وقت جسپر [illegible]
آرزون کا دارومدار تھا یون ہی گذر گیا۔ اوسنے نقشہ
بطور نذر دیا اور وہ قبول بھی ہوا۔ مگر اوس سے کچھ
مطلب نکلا اور نہ کبھی نکلے گا۔ اوس رات ہیرور [illegible]
کے ساتھ اپنے بنگلہ کو واپس گیا اور لیٹ رہا۔ [illegible]
تھا کہ اگر دہلی کے معاملات کی نوبت [illegible] تو
مین ڈاکٹر کا سارٹیفکیٹ لیکر ضرور انگلستان چلا جاتا۔
اب وہ مقرر وقت پر پادری صاحب کی لڑکیون سے ملاقات
کرنے لگا۔ اکثر صبح کو ٹھنڈک کے وقت وہان جاتا۔
اوسکو معلوم تھا کہ اسوقت پادری صاحب کی بیٹیان باہر
ہوا کھانے جایا کرتی ہین اور لائق پادری صاحب [illegible]
کے لوگون کو خدا کی باتین بتاتے ہین اور انکے ساتھ
لوگ وعظ کرتے ہین۔ لیکن بیچارا [illegible]

اور اتفاقاً کبھی لینا تنہا بھی نظر آجاتی۔ لینا اپنے تئین ہرور سے اسطرح بچاتی کہ ہرور کو معلوم نہو۔ اور اوسکے دل مین یہ شبہہ نہ گذرے کہ جان بوجھ کر نہین ملتی۔ مگر ہرور ہر وقت موقع کا منتظر رہا۔ اب اوسکو وہ وقت کیون یاد رہنے لگا جب موقع ہی موقع تھے۔ جب وہ اور لینا تنہائیون مین ہوا کرتے تھے جب دونون کا ہاتھ ایک دوسرے کی کمر مین ہوتا تھا ایک کا بازو دوسرے کے بازو مین دہا اوسکی جانب جھکی ہوئی ہوتی تھی جب دونون باتین کبھی ختم ہی ہونے کو نہین آتی تھین کیا وہ زمانہ پھر بھی کبھی آئیگا ؟

ہان اوسکو یہان یاد آگیا اسلیے کہ ہندوستان کے دروازے اور کھڑکیان ہمیشہ کھلی رہتی ہین۔ نوکرون کا جم غفیر سیاہ اور چالاک آنکھین اور شک سے بھرے ہوئے دلون کے ساتھ ادھر اودھر گھومتا تھا کبھی نہ جدا ہونے والا پنکھا قلی ہر وقت اپنی جگہ پر رہتا اور بمقابلہ یورپ کے ہندوستان مین عورتون پر ڈورے ڈالنے کے بہت کم سامان تھے خصوصاً بمقابلہ یورپ انڈلی کے سبزہ زار روشون اور میدانون کے بہت ہی کم۔

لینا جانتی تھی کہ اب مجھکو بہت کام کرنا ہو اسلئے کہ اب وہ گھر بھر کی ملک تھی جسمین تانبے کے رنگ کے چہرہ والی آیائین تھین جو سفید کپڑے پہنے رہتین۔ اور بہت سی کالی کالی صورتون کے خدمتگار تھے جو پگڑیان باندھے اور پیٹیان کسے رہتے جنکو بہت ہی کم مقدار کی تنخواہین دی جاتی تھین۔ اسلئے کہ یہ لوگ چٹائیون پر سویا کرتے اور کبھی برآمدے کی سیڑھیون پر پڑے رہتے اور عموماً چاول کھایا کرتے تھے۔ لیکن ہر ایک خدمتگار کے ساتھ دو تین اور بھی رہا کرتے جو مس لینا میم صاحبہ کے احکام کی تعمیل انھین کے ذریعہ سے کراتا۔ ان سب نوکرون نے اور شان وشوکت کے سامانون نے جنکو یورپین لوگون نے ہندوستان مین رہنے کے لئے اختیار کیا ہے انگلستان کے طرز معاشرت سے بہت بڑا فرق کر دیا تھا۔

ہندوستان کی آب وہوا لینا کے موافق نہ تھی۔ اگرچہ وہ اب بھی خوبصورت تھی۔ لیکن چہرہ بالکل زرد پڑگیا تھا۔ اور بعض اوقات اوسکو فکرمند اور پریشان دیکھکر جیک افسوس کے ساتھ دلمین کہنے لگتا۔ کہ اب لینا سن سے اوترتی جاتی ہی۔ اگرچہ مجھکو لینا کے ساتھ عشق ویسا ہی ہی مگر ۲۴ برس مین جسم سے ڈھلنا شروع ہوگئی ورنہ پارٹی مین تو وہ اور بھی زیادہ خوبصورت معلوم ہوئی۔ بالکل سفید کپڑے پہنے تھی کانون مین موتیون کے بُندے تھے اور وہ سونے کے عمدہ زیور بھی پہنے تھی جو شاہزادگان دہلی نے بھیجے تھے۔

ہرور کامیاب و بامراد عاشق تھا اسوجہ سے اکثر صدمہ پہونچانے والے اندیشے اور شک اوسکے دل مین بھرے رہتے تھے۔ اور ان خیالات ہی مین رات دن گذرتے جنکو وہ بعض اوقات جھٹک دیتا۔ بعض وقت خیال کرکے وہ غصہ سے کانپنے لگتا کہ کہین رڈکن نے لینا کو لکھا ہو مگر یہ امید تھی کہ لینا اوسکے خط کا ہرگز جواب نہ دیگی۔ لیکن باوجود اسکے دلمین ڈرتا تھا کہ وہی طاقت ورزور جو ایک دفعہ مجھے ناکامیاب کر چکا ہو کہین پھر اثر نکرے علاوہ اسکے اوسکو خود اپنی باتون کا اعتبار نہین رہا تھا اور کبھی کبھی اوسوقت کو گالیان دیتا جسنے اوسے دنیا مین بھیجا

ہرور ہر روز چاہتا تھا کہ لینا سے اپنے معاملہ کا ذکر کرے۔ مگر ملاقاتیون یا اور کسی سبب سے ناکامیاب رہتا اور یہ بات اوسنے دل مین ٹھان لی تھی کہ تحریر کے ذریعہ سے اپنا منشاء ظاہر کرنا مناسب نہین ہی۔ ایکروز ایسا اتفاق ہوا کہ ایک سانپ کیٹ کے پلنگ پر پڑا ملا اور گھر کے سب نوکر لاٹھیان اور چھڑیان لئے ہوئے اوسکے مارنے مین مشغول رہے۔ اور موقعون پر کبھی تو نوکر کا وقت آجاتا تھا یا کسی گرفتار شدہ سیاہ کا

کورٹ مارشل ہوتا تھا۔ کبھی ولایت کی ڈاک کے آنے جانے
مین وقت صرف ہوتا۔ اب کشتیون کی جگہ ریلوے قریب قریب
آنے لگی تھی۔ اس سے پیشتر ڈاک کشتیون کے ذریعہ سے
آیا جایا کرتی تھی۔ مگر اب ڈاک والے سے اوسکو کچھ شوق
نہ تھا۔ اور اوسکے انتظار مین وہ کچھ خوشی نہین ظاہر کرتا
تھا۔ ڈاک والا کبھی کسی افسر کے پاس الہ آباد۔ بارکپور یا
کلکتہ سے یا کسی مہاجن کے تقاضے کا خط لاتا۔
چند رجمنٹون کے دوستون کے سوا۔ اب ہرور کے دل مین
جو کچھ خیال تھا وہ ان لڑکیون ہی کے نسبت تھا۔
ہرور نے ملن سے کہا "ملن زمانہ گذرتا جاتا ہے۔ مین آپ
اگرچہ پادری کی لڑکیون کے پاس نہین جاتا۔ لیکن جب جاتا ہون
خاطر ہوتی ہے"
"جبتک مجھکو بھی اسکا یقین ہے"
"مین روزان لڑکیون کی گاڑی کے قریب قریب چلتا ہوا چاندنی
چوک کی دوکانون مین دیکھنے کے لئے ٹھہر رہتا ہون۔
لیکن لینا جو میرے دل کے راز سے واقف ہے۔ کبھی مجھے اس
بات کا موقع نہین دیتی کہ مجھکو ایک گھڑی بھر کے لئے تنہائی
نصیب ہو کہ کچھ اوس سے کہون۔ بھلا تم ہی دیکھو کہ میرا
وقت فضول صرف ہوتا ہے یا نہین"
"ابھی میرے پرانے دوست تم ذرا صبر تو کرو"
"نہین وہ مجھے کبھی موقع نہ دیگی کہ اوس بارے مین
اوس سے کچھ گفتگو کرون جسکی آرزو ہر وقت میرے دل مین
رہتی ہے"
"ہر حال مین بہتری ہی کی امید ہے۔ تمھارا یہ خیال اور برتاو
عمدہ انعام کے قابل ہے"
"ہان ملن امید تو ہے کہ مین انعام پاؤنگا۔ مین خیال کرتا ہون
اور مجھے اسکا یقین ہے کہ انعام حاصل کرنے سے پہلے مجھے اتنی
مصیبتین برداشت کرنا ہونگی جسقدر کہ پہلے کر چکا ہون
[illegible]

ورنہ خفا ہون۔ اور نہ مین نے کبھی کسی اور سے محبت کی
مجھکو امید اور انتظار کے سوا اور کچھ نہین کرنا ہے"
پولی نے ہرور کو سلیپر کا ایک عمدہ جوڑا بھیجا۔ لیکن ہرور نے
اوس جوڑے کو جب شکریہ کے ساتھ واپس کرنا چاہا تو
پولی کہنے لگی "اس سلیپر مین میرا حصہ بہت کم ہے مین نے
فقط دو پھول ٹانک دیئے ہین باقی یہ بالکل لینا کے
ہاتھ کا طیار کیا ہوا ہے جسمین وہ اوس زمانہ سے مشغول
تھی جب اول مرتبہ تم سے ملاقات ہوئی تھی"
یہ سنکر لینا کو پولی پر بہت غصہ آیا اور کوشش کی کہ ہرور کی
نظر سے علیحدہ رہے۔ جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ تین بار ہرور
گیا۔ اور لینا سے ایک مرتبہ بھی ملاقات نہین نصیب ہوئی
ملن نے کہا "جبتک تم اسکی کچھ پرواہ نہ کرو قاعدہ ہے
کہ عورتین ہمیشہ متلون مزاج ہوا کرتی ہین۔ یہ سلیپر کا
تحفہ بےشک کچھ امید دلانے والا ہے"
ہرور نے کہا "معلوم ہوتا ہے کہ اوس پنسل کے نقشہ کا
یہ معاوضہ ہے جسکو مین جانتا ہون کہ وہ میز کے کسی
کونے مین ڈالکر بھول گئی"
"چند روز مین معلوم ہو جائیگا کہ اس سے لینا کا کیا مطلب ہے
مین تین بار گیا اور اوس سے ملاقات نصیب نہین ہوئی
ڈر معلوم ہوتا ہے کہ جنرل فوج مجھے دہلی سے کہین اور بھیجدے"
"کل تم لوگ گھوڑون پر سوار ہوکر چاندنی چوک آو"
"کس غرض سے"
"مین کوشش کرونگا کہ تمھارا اور لینا کا ساتھ ہو۔
مین کسیقدر جلدی تمھارے پاس آجاؤنگا۔ اور تمھارے
ساتھ چلونگا"
الفاظ کو دوہرایا ۔ مصنوعی عشق ! ''
خود شرماکر اور رو رو کر جواب دیا ۔ ہان ''
.. لیکن لینا کیا تم خیال کرتی ہو کہ مین پانچ سال کے
بعد تم سے اوسی طرح سے خطاب کرتا ہون اور یہ کہ
میرا عشق تمسے انگلستان مین بھی ایسا ہی تھا ۔
لینا نے اپنے دونون ننھے ننھے ہاتھ ہیرورڈ کے بازو پر
رکھکر ادھر آنکھون سے آنسو نکل آئے تھے جواب
دیا ۔ عزیز جیک ! مین تمھارے ایسے عاشق کے
لائق نہین ۔ ایسا ہی مجھسے چھوٹی پولی بھی کہتی ہی
میرا دل '' خدا کرے کہ وہ اسقدر شک اور افسوس
مین نہ پڑے کہ جتنی مجھکو برداشت کرنی پڑے ''
جیک اسنے اس سے بھی زیادہ برداشت کئے ہین ''
.. لیکن لینا اوسنے سواے میرے عشق کے کسی
دوسرے کا سب سے زیادہ حصہ نہین پایا ۔ تم کانپ
رہی ہو پیاری تم اپنی شال سمیٹ لو ۔ میرا بازو لو ۔
آؤ ہم لوگ تھوڑی دیر ادھر اودھر ٹہلین ''
لینا اپنا ہاتھ اوسکی بغل مین ڈالکر آہستہ آہستہ چبوترہ
پر چہلقدمی کرنے لگی اور کہا '' ہیرورڈ ایک مصنف کا
جملہ مجھکو حفظ یاد ہی جو لکھتا ہی اون کل ضروری باتون کے
ساتھ کہ جنکی ایک خوش و خورم زندگی کے واسطے ضرورت
ہوتی ہی عشق منجملہ اورون کے نہایت ضروری ہی مثل
آفتاب کے معشوق کی ہر ایک صنعت کو چمکاتا ہی بلکہ جو کچھ
کہ ہمارے دلون مین نیکیان ہین اونکو باہر لاتا ہی اور
ہمکو جوش دلاتا ہی کہ جہان تک ہوسکے پختہ ہون تاکہ
اوس محبت کے قابل ہوسکین کہ جس سے ہماری سب
خوشی ہی ''
.. تو کیا مین اس سے یہ نتیجہ نکالون کہ تم مجھسے محبت
نہین کرسکتین ''
.. مین سچائی سے اچھی طرح سے تمکو پسند کرسکتی ہون
عزت کرسکتی ہون جیک ''
.. لیکن لینا تمنے ایک وقت ضرور مجھ سے محبت کی تھی
پھر اوسی طرح سے مجھ سے محبت کرو اور جو افسوسناک
زمانہ بیچ مین گذرا ہی وہ مین سب بھول جاؤن گا ۔
.. نہین ہیرورڈ نہین جیک یہ نہین ہوسکتا ''
.. کیون ۔ کیون ''
.. اسوقت مین مثل ایک سیدھی سادھی چھوکری کے
محبت کرتی تھی تو تمہارا ہی مجھکو خیال تھا صرف تمھاری

عزت کرتی تھی۔ اب یہ دل تمھارے لائق نہیں ہے تمھارے خصوصاً سب آدمیوں کے بعد !"

"یہ کیا بیوقوفی ہے۔ یا تمھارا دل ابھی اوس سے لگا ہوا ہے"

اس فقرہ پر لینا کے گالوں کی رنگت بدلی۔ لیکن اوسنے جواب نہیں دیا۔

"لینا وہ گیت یاد کرو کہ جو ہم تم گایا کرتے تھے"

"گیت تو ہم بہت سے گایا کرتے تھے لیکن کون؟"

"یہی کوئی شخص اوس سے زیادہ محبت کرنے کا دعوی نہ کرے کہ جسقدر اوسکے دل میں ہے عشق ایکمرتبہ شروع ہو کر جا نہیں سکتا۔ ایک سے محبت کرو اور زیادہ سے نہیں"

ایک مدت تک لینا نے سکوت کیا۔ مگر بجائے جواب کے خاموشی سے وہ سر جھکائے سیاہ آنکھیں نیچی کئے ٹہلتی رہی۔ جیک نے خیال کیا کہ اب سلسلہ جنبانی میری جناب سے ہو۔ اسواسطے اوسنے لینا کا ہاتھ اپنے سینہ پر لیجا کر جیسا کہ اوسنے اکثر ولایت کے سبزہ زار میدانوں میں کیا تھا خطاب کیا "لینا میری محبت تمسے کسی لڑکے کی محبت کیطرح کچی نہیں ہے۔ میری عمر اب ۳۰ سال کی ہے کہ جسمیں ۱۲ برس ملکہ کی ملازمت میں گذرے ہیں۔ اور تین مرتبہ زخمی ہوا۔ مین خیال کرتا ہون کہ یہ محبت تمام عمر قائم رہنے والی ہے۔ اور امید کرتا ہون کہ یہ ایمانداری سے محبت رہی ہے۔ میرا دل جو کبھی سوتے جاگتے تم سے نہیں بجھیگا۔

"اوس زمانہ سے جب سے کہ تم جدا ہوئے تمنے بہت سی دیکھی ہونگی۔ بہت سے نئے نئے تماشے دیکھے تاہم مین تبدیل نہیں ہوا"

بہت سی نئی لیڈیان مجھ سے زیادہ کہ جنپر تم فریفتہ ہو دیکھی ہونگی۔

"اور کوئی مجھے ایسا نظر نہیں آیا۔ لینا کوئی بھی نہین مین اوس سے اوسی طرح سے محبت کر سکتا کہ جس طرح سے تم سے کرتا ہون" اپنا منہ لپنے ہاتھوں سے چھپا کر "او جیک۔ کیا مین کیون۔ بلا شک مین تمھارے بالکل قابل نہیں ہون"

"دوستی مین اتفاق سب سے عمدہ بات ہے۔ اور خصوص جب وہ عشق اور محبت کے ساتھ ہو"

"کسی میل کی ضرورت نہیں۔ یقین مانو جیک ہم جھگڑا انسمین نہین کرتے ہین"

"بلا شک لینا ہم جھگڑا نہین کرتے اگر خدا کو ایسا ہی کرنا منظور ہوتا۔ مین فوراً تمھارے پیرون پر گرتا۔ لیکن لیکن" "مین جڑ سے کاٹنے والی ہون۔ یہ ہی تم کہوگے"

"ہماری محبت کو اوسی طرح سے اب پھر گہری ہونے دو کہ جسطرح سے پرانے زمانہ مین تھی۔ اور ہمارے دلکی عمدہ خیالات اور دوسری باتین واپس آوینگی میری بیوی بنو۔ پیاری لینا۔ پیاری لینا۔ اون سب باتون کے بعد کہ جو ہوئی ہین کیا تم مجھسے شادی کروگی"

"ہرگز نہین ہرگز نہ کرونگی"

"ہرگز نہین"

"دو کیٹ کرینگی اور بولی بھی۔ لیکن مین اپنے بڈھے باپ کے ساتھ رہونگی۔ اور اوسکی بڑھوتی مین سہارا۔ تمکو معلوم ہوا ہوگا کہ اس سخت آب وہوا مین وہ اب بہت ضعیف ہوگئے ہین"

"وہ کسیقدر ضعیف بلا شک معلوم ہوتے ہین لیکن میرے پاس سامان ہے۔ اور اس باعث مجھکو بھی ایک سہارا ہونے دو۔ ہم سب اسباب فروخت کرکے ولایت مین کارن وال کو چلینگے کہ جہان میرے باپ کے رہنے کی جگہ ہے۔ اور پھر پیاری لینا ہم پھر یہان کیون رہین پھر

"غیر ممکن بالکل غیر ممکن ہے"

"یقیناً تمھارے باپ کی خواہش ہوگی کہ تم شادی کرو جسطرح سے کہ وہ چاہتے ہین کہ تم اونکی زندگی سے زیادہ زندہ رہو" لینا نے اب آخر بہت جلد جلد کر رہے تھے تا

"مین اس ملاقات کر چپنے سے تھی ہوئی تھی اور چاہتی تھی کہ تم سے بچون - لیکن مین مشکور ہون کہ تم اسقدر میری عزت کرتے ہو"

"عزت لینا - کیا تم اسطرح سے گفتگو مجھسے اپنے پرانے جیک ہرور سے کر سکتی ہو کہ جو اس زمین تک سے بھی محبت کرتا ہی کہ جسپر تم چلتی ہو"

"مین سمجھتی ہون عزت مین قبول کرتی ہون کہ مین نے تمکو ایسی حالت مین چھوڑا تھا کہ جو ظالمانہ و بے رحمانہ تھی جو کچھ کہ تمکو معلوم ہوا اوسکا برداشت کرنا میری قسمت مین تھا - تمکو امیدوار کر کے"

"مجھسے قسمیہ وعدہ کر کے"

"اچھا - اب ان سب باتون کے بعد جو کچھ ہوئین مین اپنا عزت کی مستحق نہ تھی کہ جو تم کرتے ہو - اور میرا دل جیسا کہ مین نے کہا اب میرا نہین رہا"

"تو کیا تمھارا مطلب ہے کہ اوسکا ہی اوس شخص روئی کا"

"نہین اوس سے بالکل علیحدہ مین اوس سے نفرت نہین کرتی اور نہ ایسا کرنے کی امید - کیونکہ میرے پاپا نے مجھسے کہا ہی کہ ہمکو اوس شخص سے بھی نفرت نہ کرنا چاہیے کہ جو ہماری حقارت کرے - لیکن یہ یقین رکھو کہ مین اوس سے شادی ہرگز نہ کرونگی چاہے وہ مجھکو ٹھگ کے ہاتھون اور موت کے پنجہ سے چھڑا دے - اور نہ مین اونکا سے دوستی قائم رکھ سکتی ہون"

"اور کیون لینا"

لینا ایک ایسی عورت کے ساتھ تمکو راحت ملیگی کہ جسنے اپنی حرکات سے ظاہر کر دیا تھا - کہ وہ تم سے محبت نہین کرتی کسی زمانہ مین تم اوسکی آنکھ کو سمجھلے نہین معلوم ہوتے تھے"

"نہین لینا تم اوسی خیال مین محو ہو - مین سب باتون کو معاف کرنا بھول جاتا ہون - سوائے اوسکے مین تمہارا اوس زمانہ سے پہلے عاشق ہون کہ ڈرکون ہمارے ہمسایہ مین آیا اور مین سمجھا اوسی طرح سے اب بھی محبت کرتا ہون اور دل چاہتا کرتا ہون کہ تم میری بیوی ہو"

"نہین جیک نہین - ہم دوست ہمیشہ رہین گے بلکہ بہتر ہون گے - پیارے اور سچے دوست - لیکن بیوی ہرگز نہین اور نہ خاوند - ہش! بیبیون کی آواز آرہی ہی پاپا اور ہین اگلیٹن - اور ڈکی ریورس ہنس ہا رہی -

جیک نے کسیقدر وقت سے لینا کے رخسارون پر بوسہ لیکر کہا کہ " مین آج شب کو اون سے نہ ملون گا لینا تم مجھکو پاگل بنائے دیتی ہو - اسقدر کہکر ہرور فوراً جلد جلد پاورچی کے سائیس سے اصطبل مین گھوڑا لیکر بہت سے متفرق خیالات سے پریشان ایک مرتبہ یہ خیال گذرتا کہ کبھی لینا کا منہ دیکھے گا - دوسرے وقت یہ خیال ہوتا کہ وہ ضرور آویگا - اور کبھی اپنے زیادہ سے باز نہ آویگا - لینا سے عرصہ کی خواہش کی ہوئی ملاقات کے بعد وہ کنسٹومنٹ کیجانب گھوڑا اوڑاتا گیا -

اس عرصہ مین لینا ہرور کے چلے جانے کے بعد آپے مین نہ تھی -

لینا اب ڈرکن سے محبت نہین کرتی تھی لیکن اوسکے چہرہ و جسم اور سب سے زیادہ اوسکی آواز نے اوسپر ایک عجیب اثر کیا تھا کہ جسکے باعث اوسکے دل مین بہت سے خیالات پیدا ہوتے تھے اور شاید انمین غصہ کا حصہ بہت زیادہ تھا - جیک کی وہ عزت کرتی بلکہ بہت عزت کرتی اور ایک سادہ اور نیک آدمی اوسکو خیال کرتی -

اگر کرنل اسقدر اچانک دہلی مین نہ آگیا ہوتا تو گو معلوم نہین

لیکن یقین تھا کہ لینا ہیروسے شادی کو راضی ہوجاتی
خاصکر اوسکا کل خاندان خصوصی گیٹ ولین اوسکی تائید
مین تھے اور جب کہ یہ سب ہوگیا تھا جب لینا سے ملاقات
بھی ہیروسے ہوگئی تھی مع کسرنشان کے بطور عاشق کے
جو رڈکن سے مرتبہ مین کئی حصہ زیادہ تھا۔
سفینہ نے جیسے ہی کہ بال رات کو گوندھنا شروع کئے اپنا نے
خیال کیا کیا اوسکو یقین ہے۔ کیا جیک کو یقین ہے کہ
مجھکو اوس سے محبت ہے اور اگر نہین اس باعث وہ
مجھپر ابھی تک فریفتہ ہے کیونکہ بہت کم لوگ میرے ایسے
بدعہدون کو معاف کرتے اور ایسے بیرحمانہ اور خلاف
سلوک کو بھول جاتے ہین۔ غرور اور ذاتی عزت کہ
جسکو غرور بھی کہنا چاہیے اوسکو نہین روکتے او
جو مین دشواریان پیدا کرتی ہین وہ اوسکے عشق
کو اور بھی زیادہ کرنے والی ہین یہ مجھکو معلوم نہین
کہ آیا عشق عاشق کے معشوقہ کے ظلم یا محبت سے جلد
جاتا رہتا ہے کسی صورت سے ہو لیکن وہ ہمیشہ
قائم نہین رہ سکتا۔ لیکن اسکی کوئی عجیب اور وحشت
سے بھری ہوئی امید ہے۔ کیونکہ اوسکا خیال تو عرصہ
ہوا اوسکے دل سے نکل گیا ہوگا مین نے نہین پڑھا ہے کہ
انسانی دل ایسا ہے کہ جیسے ہی اوسکے ہاتھ وہ شی آئی
کہ جسکی وہ خواہش کرتا ہے وہ فوراً اوس سے پریشان
ہونا شروع ہوتا ہے کیا جیک بھی یون ہی کریگا۔
نہین مین خیال نہین کرتی۔ غرضکہ بیچارے جیک اوسکی
آنکھین اوسکی پرانی مستعدی اور گرمجوشی آج
ظاہر کرتی ہین۔
یہ بھی نہین تھا کہ لینا کو یہ خیال نہ تھا کہ کیا
اوسکے دل سے اسوقت گذر رہا ہے۔ لیکن جیسا کہ ہر شخص
کو اسکی تقریر سے معلوم ہوا اوسکو کچھ اپنی شان کا
خیال اور غرور نہ تھا کہ جس سے اوسنے اپنے برائے اور بالکسی

قسم کے تبادلے کے ساتھی کے اوسکا پیغام نامنظور کیا۔

سولھوان باب

پھانسی گر

دو روز تک ہیرو کنٹونمنٹ سے نہین نکلا۔ بلکہ اپنے
بنگلے کے اندر ہی خیالات پکاتا رہا۔ دوسرے روز
شام کو اوس بدبخت ملاقات کے بعد رولی ملن گھوڑے پر
سوار تیز آگے بڑھائے کنٹونمنٹ کیطرف جھکا۔ اوسکو
جو کچھ کہنا تھا آگے بتلایا جاویگا۔ لیکن اون لوگون سے
کہ جنھون نے خاموش ملن کو دہلی سے آتے دیکھا تھا۔
تھوڑے سے ایسے آدمی تھے کہ جو موافق نہ تھے۔
مرزا ابوبکر نے جیسا کہ تیرھوین باب مین لکھا ہی گیا تھا
ملن کی خبر لینی ہوگی اور اب اوسکی تلاش مین چند
آدمی ایسے تھے کہ جو اوس ارادے کو پورا کیا چاہتے
تھے
انبکے درختون کے جھنڈ سے کہ جو عموماً سڑکون پر
لگائے جاتے ہین۔ وہ سکو اون آنکھون کے مقابل ہین
کہ جنسے نیک نیتی ٹپکتی تھی بدنیتی سے دیکھ رہے تھے۔
رولی نے اونکو کبھی نقصان نہین پہونچایا تھا اور
اس سے بالکل بے خبر تھا کہ لوگ یہان موجود ہین۔
انھین بابوبلی سنگھ و گنگارائے ننگا فقیر تھا اور نیز دو
آدمی جنمین سے ایک حوالدار پرشاد سنگھ اور دوسرا
ایک نیچ ذات ہندو سوار تھا کہ جسکے چہرے سے چالاکی
اور ہوشیاری ہی ہوشیاری برستی تھی موجود تھے
انھین سے کوئی وردی پہنے ہوئے نہین تھا۔
یہ لوگ اوس جماعت کے ممبر تھے کہ جو تاریخ مین خاموش
نہین رہی ہے۔ اور جو ہندوستان مین بہت عرصہ تک
خوف پیدا کرنے والی تھی۔ پھانسی گر۔ ٹھگ۔ اور
دوسرے پاگل بدمعاش قیصر ہند کے تخت پر پہنچنے سے

کچھ عرصہ قبل انگریزی گورنمنٹ نے بہت اپنا روپیہ ٹھگی کم کرنے مین صرف کیا — اور قبل ۱۸۳۰ع کے بیان کیا گیا ہی کہ ٹھگون نے ۱۵ لاکھ آدمی کے حساب سے اوسط مین سالانہ مارے تھے
گو اصل مین یہ سب ٹھگ ہندو تھے - لیکن برادری و ذات کی شق کے دور کرنے سے بہت سے ان مین اہل اسلام بھی شامل ہو گئے تھے - بلی سنگھ اور پیاد سنگھ دونون سپاہی ہو گئے تھے - اسواسطے انھون نے اپنے کسیقدر زیادہ آمدنی کے پیشہ ٹھگی کو چھوڑ دیا تھا - لیکن یہ لوگ ابھی تک خفیہ اشارون کے قانون سے بخوبی واقف تھے جو بالکل فری میشن کا سا ہوتا تھا کہ جس سے یہ لوگ ایک دوسرے کو پہچان جاتے تھے
ٹھڈھی کے پاس ہاتھ لیجانے سے اشارہ تھا کہ اجنبی آتا ہی - اور منھ پر ہاتھ رکھنا اور اوٹھانا ظاہر کرتا تھا کہ خوف جاتا رہا - سڑک پر ایک لکیر کھینچ دینی یا پتیون کے جوڑ دینے سے یا ایک دوسرے پر پتھر رکھنے سے اور دوسرے بہت بڑے اشارون سے یہ لوگ ایک دوسرے کی رہنمائی کرتے - یہ سب اشارات گورنمنٹ کو معلوم ہو گئے تھے - کیونکہ اسنے بہتون کو پھانسی دیدی تھی - یہ مشہور تھا کہ یہ لوگ اوس شخص کے ساتھ جسکو مارا چاہتے جب تک کہ اونکو موقع نہ ملتا یا جیساکہ اونکا خیال تھا (گو لوٹ ملر خاص نیت تھی) جب تک کہ کالی جی کا حکم پورا نہ ہوتا پرابر جاتے تھے —
کالی کی نسبت یقین ہی کہ ایک مرتبہ زمین پر رکھی ہی دولت آباد کے قریب جو غار الورا کے ہین اونمین کر جلکے دیوالون پر بھوت پریت اور جانے کا ہی

کاٹ کی تصاویر بھی ہین کہ جس سے ٹھگی کا سب راز ظاہر ہوتا تھا - جب موقع ہوتا یہ لوگ جنگل کے قریب مارتے - یہ لوگ رومال گردن یا ناک پر ڈالتے زمین کھودتے اور گڑھے مین گرا دیتے - یہ لوگ خون نہین نکالتے اور اس سے ہمیشہ گریز کرتے - یہ لوگ موت کے سامان رومال اور کدار کو پاک خیال کرتے کہ جو شربت شراب اور برانڈی مین بہت دھویا جاتا اور سات مرتبہ آگ مین آگیا جاتا اور اسکو بہت عزت کے ساتھ ٹھگ رومال مین اپنے گرد سے لیتا کہ جسکو کچھ روپیہ دیا جاتا —
گنگارام کو شاید اسکا خیال تھا کہ دیکھین کسقدر یہ رولی من سے اوسکو ملے - طریقے ٹھگی کے منتخب تھے مثلاً ایک مسافر کے ساتھ سڑک پر ایک آدمی ایک جانب اور ایک دوسری جانب چلتا ایک انمین سے اوسکے گلے کے گرد پھانسی پھینکتا اور دوسرا فوراً کھینچ لیتا تیسرا اوسکی ٹانگین گھسیٹ کر گھونسون اور لاتون سے مار مار کر گراتا کہ جہان کدار سے کام لیا جاتا - اور ایک گڑھا تین فٹ گہرا کر کے منھ کے بل ڈھکیل دیا جاتا - بلی سنگھ سے کم درجہ کے لوگ اپنی برادری مین ایسے لوگ مثل دھن راج سیٹھ من کے اور اوسکے ایجنٹ بہاری لال تھے کہ جو اپنے دفتر مین بارہ ٹھگون سے کم نہ رکھتا تھا - یہ لوگ صرف اسقدر حصہ لیتے کہ اپنا روپیہ لوٹ اور خون خرابے مین پھیلاتے - اس غضبناک پیشہ مین ٹھگ اپنے بچون کو پالتے - اور بیویان رکھتے - رفتہ رفتہ یہ سائنس خود ایک برادری ہو گیا -
اپنے دونون ہاتھ جوڑ کر جیسے ہی کہ من سوار ہوا بلی سنگھ نے کہا " کنٹونمنٹ مین بخیریت پہونچا " گنگارام نے کہ جسکی آنکھین بہت سی بلا گنگھی کے بالون مین سے چمک رہی تھین " وہ چھوٹ ہی اور اب ہماری نظرون سے بلا گذرے نہین نکل سکتا - تاوقتیکہ ہم لوگ یہان سے

ہمت نہ ہارین۔ کالی جی ہماری مدد کو ہے۔ دیکھو کہ مستقبل
ہمارے ابا و اجداد نے اسکی خدمت مین [illegible] دنیا [illegible]
ظاہر کی تھی۔ لیکن وہ انکو نہین بھولی ہے۔ کیونکہ ہم [illegible]
شگون سے [illegible] دیکھتے۔ ہم لوگ بالکل غریب اور منزل انسانون
سے ہین اگر تبہ ہم لوگ ہزارون جمع ہوئے تھے۔ اب
ڈیڑھ سو بھی نہین جمع ہوسکتے۔ اور یہ لوگ بھی بڈھے کمزور
ہاتھون اور کمزور دل کے ہین کیون ہ مذہب کی پوری پیروی
نہ کرنے کے باعث۔ کیونکہ اب ہر ایک قسم کے لوگ ٹھگ
بنجاتے ہین۔ اور ہر ایک قسم کے آدمی بلا اس خیال کے
مارے جاتے کہ آیا اونکے مارنے سے ہم ناپاک ہوتے ہین
یا نہین۔ اس باعث جب ہم کالی کو بھولے اوسنے ہمکو
بھولنا شروع کیا۔ لیکن پوجا کے وقت مین نے اوسکی
آج آواز سُنی ہے اور اسپر اطمینان رکھو پرساد سنگھ
اور تم شمس الدین خان کہ ہونے والی قربانی کے آثار اور
شگون سب ٹھیک ہین اور اوس دیوی کی حشمت کے
واسطے کہ جو الورہ کے میدان مین ہے۔ یہ شخص بھی محض
مثل دوسرونکے مارا جاوے گا۔

پرساد سنگھ نے رومال نکالکر اپنے سر پر لگایا اور پھر سینہ کے
قریب رکھ لیا۔

شمس الدین خان کو کدار دیدی کہ جو اوسنے اپنہ کے
درختون کی جڑ مین چھپا دی کہ کام کے وقت نکال لیجاوے گا
اگر کدار رکھنے کیواسطے خاص مقام کنوان ہے اور آپ
خاموش بدمعاش نے اوسکو چوما۔ اور اوسکے آگے
سجدہ کیا۔

یہ ہندو سپاہی اودھ کی فوج سے بھاگا ہوا تھا۔ یہ
ایک بہت مضبوط آدمی وجیہ صورت اور سر چھوٹا
تھا۔ لیکن سب شرارت کے نشانات اوسکے چہرے سے
عیان تھے۔ عام خیال خوبصورتی مین ناک ہی چہرہ مین
خیال کی گئی ہے۔ لیکن نیر ونڈیور مین ایک سیاح نے بالکل

کاٹ کر اوڑا دی تھی۔ جب گھاس سے اوٹھا فقیر نے
اسکے جانب ہاتھ اوٹھا کر کہا۔ کیا مجھکو ضرورت ہے کہ مین
کہون کہ برھما برھما ہی ہین۔ بڑا اور بزرگ شروع دنیا
سے یعنی برھما وشنو و مہیش کہ جنکی تم ٹھگ لوگ مثل
کالی کے پوجا کرتے ہین۔ جو کچھ ہم دیکھتے چھوتے۔ کھاتے
یا پیتے اور معلوم کرتے ہین وہ سب برھما کے حصہ ہین
یہ دیوتون اور انسان کی روح ہین کہ جو پیدا ہوئے
اور مرے اور جو پیدا ہونگے اور مرینگے۔ انسان
اوس بڑی روح کا ایک حصہ ہے کہ جو وہ علیحدہ ہونے وقت
بھول جاتا ہے وہ خدا کا ایک ذرہ ہے اور موت کے وقت
مثل اورون کے اوسمین ملجاویگا۔"

فقیر نے دعا مانگی کہ آو برتر آفتاب کی پوجا کرین کہ جو ہم
سبکو روشنی بخشتا ہے کہ جس سے سب کوئی پیدا ہوتے
اور جسمین سب کوئی ملتے ہین۔"

چونکہ یہ ایک ہندو دعا کا حصہ تھا اس باعث ابو لی سنگھ
جو مسلمان تھا اپنی پریشانی کو نہ مٹا سکا۔

بھائے کو اپنے پائین بازو مین کرکے [illegible]
سے کہا۔ شمس الدین خان اور [illegible] پرساد سنگھ تم
سمجھتے ہو۔ [illegible] صاحب جانتے ہین [illegible]
سے [illegible] کرین کہ جو آنے والے [illegible]
محل مین داخل ہوگا۔ تم جانتے ہو [illegible]
اسے تھوڑا چاہیے۔ [illegible]
ہو تو ہمارے ساتھ [illegible]

شمس الدین نے ایک ایسی آواز مین جو معلوم ہوتی
تھی کہ گھڑے کے اندر سے نکل رہی ہے کہا۔ "یقین ہے کہ
وہ شام تک کنٹونمنٹ سے باہر نہ آویگا۔"

"کیون؟"

"کیوں حولدار تم بیوقوفی سے بات کرتے ہو۔ کیا تم
نہین کہ دہلی کے راستہ مین لڑکے بھرے ہوتے ہین۔"

اور بڑے لارڈ جج سلی صاحب مع چوکیداروں کے آکر
کیا ہمارا یہاں خاتمہ نہ کر دینگے۔"
گنگا رائے نے دانت پیس کر کہا "چوکیداروں کا ایک
آدمی ہم سے مل چکا ہے۔ لیکن جب شاہ روم سلطان مصر
صوبہ دار میجر نپولین مع اور فوج کے سرداران نیپال
اور گوالیار سے کہ جہاں قبر جنفی ہے دہلی اور اودھ کے
بچانے کے واسطے آوینگے ہم لوگ بھی ان ناپاک فرنگیوں کا
خاتمہ کر دینگے۔ کیا یہ ہماری پیشینگوئیوں اور آسمان میں
لکھا ہوا نہیں ہے کہ کمپنی کا راج بہت جلد ختم ہو جاویگا
اور اوسی کے ساتھ عیسائی بھی۔ ہاں ہیودیوں
آگ کے پوجنے والوں اور ارمینی لوگوں پر بھی ہماری
لعنت" یہ جملہ سپاہی نے ہر ایک کے نام پر تھوک کر کے
کہا۔ ان الفاظ نے ان لوگوں کے دلوں میں جوش
پیدا کیا۔ کیونکہ اس فوج کے پادری فلاح الدین اور
گنگا رائے تھے کہ جنھوں نے بیل تقسیم کرنے والے پادریوں
کی جگہ لی تھی۔
دانت کٹ کٹا کر گنگا رائے نے کہا "دیکھو لارڈ صاحب بہادر
کمپنی کے جب گولا اونکے سر پر جا کر ٹوٹے گا اوسکے بعد
اونکو معلوم ہوگا کہ دیوی کہ جسکا مندر کلکتہ کا اونھوں نے
خراب و ناپاک کیا پورا بدلہ لینے والی ہیں۔"
نصیر اور اپنے ساتھی پھانسی گیروں کی گفتگو سے کسیقدر
پریشان ہو کر بابو بلی سنگھ گھوڑے پر سوار محل کیجانب
اوس حال کی اطلاع دینے گیا۔ اب شام گذر گئی اور لیفٹنٹ صاحب
کنٹونمنٹ سے واپس آنے کے واسطے جلدی میں نہ تھے
کیونکہ حضرت اوسوقت ہر ورکی میز پر ٹانگیں پھیلائے ہوئے
شراب میں مست گپ ہانک رہے تھے۔
شمس الدین نے کہا "شاید وہ دوسرے پھاٹک سے
نکل گیا ہو۔"
نصیر نے جواب دیا "یہ نہیں ہوسکتا ہے کیونکہ اونکو دہلی

واپس آنا ہے۔" اب آفتاب مغرب میں چلا گیا تھا اور املی
کے درخت کا سایہ سڑک پر پھیلا تھا۔ یہ تینوں چور بالکل
خاموش اور باصبر رہے اور یکے بادیگرے حقہ پینے لگے۔
اونھوں نے ایک سازش کی تھی کہ جو بالکل سادہ تھی۔
اگر تاریکی مناسب ہوتی تو شمس الدین خان رومال ملوں سے
ایک سوال کرنے والا تھا کہ جو اپنے گھوڑے کو روک کر اوسکی
طرف مخاطب ہوتا پر سادہ سنگھ اوسوقت رومال اوسکے پیچھے
ڈالتا اور گھوڑے پر سے گرا کے املی کے درختوں میں لیجاتا
کہ جہاں پاک کو دار باقیماندہ سب کام کرتی۔
وقت کے صرف کرنے کے واسطے گنگا رائے نے ٹھگی کے
قصہ کا ذکر کرنا شروع کیا کہ جیسا دولت آباد کی دیوار پر
لکھا ہوا ہے "بہت پرانے زمانہ میں دنیا کو ایک بڑا
بھاری راچھس تکلیف دیئے ہوئے تھا جیسا کہ مقدس
حروفوں میں اور اسکے سوا مندروں میں ٹھگی کے سب
خفیہ راز لکھے ہوئے ہیں۔
بعد اوسکے کالی جی آئی کہ جو راچھس کو مارنے والی اور تباہ کرنیوالی
دوسری صورت ہے۔ آفت اور غضبناکی کی دیوی
کہ ہمیشہ قائم رہنے والی برف میں ہمالیہ کی برفیلی چوٹی پر
رہتی ہے۔ اور برہما۔ وشنو۔ و شیو تینوں کو ایک جا
اور پوری طاقت میں رکھنے والی۔ انسانی نسل کو بچانے
کے واسطے کالی نے اس راچھس کو تلوار سے کاٹ ڈالا۔
لیکن اسکے خون سے راچھس اور پیدا ہوئے کہ جو اوس
پہلے راچھس سے زیادہ غضبناک تھے کہ جنپر کالی نے دو
آدمی اور پیدا کیے کہ جنکو اوسنے ایک رومال ہی پاک دیا
دیا اور سکھلا دیا کہ کسطرح سے ان لوگوں کو بلا ایک
قطرہ خون کے نکالنے کے پھانسی دینا چاہیئے۔ اسطرح
یہ لوگ مارے گئے "جیسا کہ ان سطروں میں لکھا ہوا ہے۔
اور جب ان دونوں آدمیوں نے کالی جی کو اونکا رومال
واپس دیا۔ اوسوقت کالی نے کہا "اے لڑکے تم اس رومال کو

اپنے پاس رکھو اور جسطرح سے کہ بت تک ملچھون کی قربانی
کرتے رہے اب انسانون کی کرو۔"

"پس یہ دونوں دنیا مین لٹلو ٹھنگ کے آئے اور کچھ
عرصہ تک کالی نے انکا ساتھ دیا کیونکہ اوسنے یہ انسے
کہہ دیا کہ اس شہر کے پہونچانے کا وعدہ کیا کہ اوسکو نہین
کوئی نہ دیکھے۔ لیکن حمانت استعجاب کی تو ایک عجیب
خواہش ہوئی ہے ایک شخص نے مجھے بہت سمجھکر دیکھا
کہ کالی بھی ایسی ہی لوٹکھارتی ہین کہ جس سے وہ اسقدر
ناراض ہوئین کہ یہ حکم لگایا کہ لوگ قربانی کرین۔ اور
اوسکو پوشیدہ بھی کرین۔ اسوجہ سے اُس گرداور
نعشون کے منھ کے بل دفن کرنے کی ضرورت ہوئی۔

یہی حال اس فرنگی کا آج شب کو ہوگا۔

"یہ اصلیت ٹھگی کی ہے۔ لیکن ہم لوگ کوئی قتل نہین کرتے
یہ قسمت کا لکھا ہی کہ جسکی مالک کالی ہین کہ جو اس
زندگی کی قربانی کرنے کے واسطے دنیا مین بڑھا سزا
دونگے۔ بلکہ دوسری زندگی مین اسکا صلہ دینگے"

غریب کیٹ ملن کا چاندنی مین قبل سونے کے حیلہ قدمی کا
انتظار کر رہی ہے۔ کیونکہ عاشقون کو بہت کچھ گفتگو
کرنی ہوتی ہے اور سب زمانہ آیندہ کا کہ جو عجیب خوشیون
سے بھرا ہوا ہوتا ہے۔

دہلی مین چاند روشن تھا۔ کیٹ اوس چبوترہ پر
ٹہل رہی تھی کہ جہان لینا اور ہرور سے ملاقات
ہوئی تھی۔

اوسنے کئی منٹ مین گھنٹے سمجھے تھے۔ انتظار کرتی اور
کان لگاتی۔ لیکن ملن کے گھوڑے کی ٹاپونکی آواز کہین
سڑک پر نہین معلوم ہوتی تھی اسی طرح سے شام
گذر گئی اور بالکل شب آگئی تھی۔

سترھوان باب

ملن کی خبر

دن کی پہر ہو گئی تھی۔ شام ٹھنڈی تھی۔ نازک عرصہ
انتظار کی ہوتی ہو گئی تھی۔ لیکن افسر اوسکے حالات روکنے
کے واسطے نہین آیا۔ یا اوس سے شراب کے جامون
مین شرکت کرتا۔ پس جیک ہرور اپنے بنگلہ مین تنہا
بیٹھا ہوا اپنی لینا سے ملاقات پر تجویز کرتا تھا۔
ملاقات کہ جسکا عرصہ سے وہ مشتاق تھا۔

اوسنے جو کچھ لینا کی زبان سے نکلا اوسپر غور کیا اور
سمجھی زیادہ پریشانی ہوئی اپنے دل مین کہا "اوس
شخص سے وہ محبت کرتی ہوگی۔ اوسنے یہ قبول کیا
ہی کہ اوس مرد سے اوسکو نفرت نہین۔ ایک عجیب
شبہہ پیدا کرنے والا اقبال ہے لیکن یہ بھی کہا کہ
اوس سے کبھی شادی نہ کرونگی اور اوسکا دل
اپنا نہین ہی۔ تو پھر وہ کس ملعون کا ہی۔ اوسنے
خوف کیا کہ بہت سی باتین اوسنے نہین کہی ہین یا
ایسی باتین کہین کہ جنکو کہنا نہ چاہیے تھا۔ کیا مین
بار بار اوس سے کہہ نہین دیا کہ مین مست اور اوسکی
پرستش کرتا ہون۔ اور کیا انسان اسکے آگے کر سکتا
ہی۔ لیکن وہ میرے ساتھ یا کسی دوسرے کے ساتھ
شادی نہ کریگی۔ وہ حد درجہ ایسی بحث مین نا سمجھ تھی
کیا مین بطور ایک ہارے ہوئے جواری کے پھر کوشش
کرون یا ہاتھ ہی اوٹھالون"

لینا کی آواز اور آنکھون کا اثر اس ارادہ کے واسطے
کافی تھا۔ باوجودیکہ لینا نے کوشش کی کہ ہرور کا خیال
بالکل اوس سے ہٹ جاوے۔

یہ اپنے بنگلہ کے برآمدے مین سے ایک پنکھا قلی کے کوٹہ
مین بیٹھا تھا۔ اور ہاتھ کے قریب ایک میز پر کچھ شراب
وغیرہ رکھی ہوئی تھی۔ اوسکی آنکھین آسمان کیطرف
تھین تاہم اوسکے سامنے اوسکے خیال مین لینا کا چہرہ
تھا۔ اور خاموشی سے اپنے دل مین کہتا کہ ابھی تک۔

ادس کو اوس سے عشق ہے اور یہ اور بھی اطمینان سے وہ
اب کہ سکتا ہے کیونکہ اوسنے یہ بھی نہین کہا ہے کہ وہ
روڈکن کی بیوی نہو گی بلکہ یہ بھی کہ وہ اب بالکل شادی
نہ کریگی یہ اوسکو یقین تھا کہ لینیا اوس سے ملاقات
کریگی اور اگر وہ شادی نہ کریگی تو وہ بھی کنوارا ہی
رہیگا - اور اپنی پلٹن کی بھلائی اور بہتری مین اور بھی
زیادہ توجہ کریگا - لیکن وہ یہ بھی جانتا تھا کہ اپنے
دل کو اطمینان دینے کے واسطے اوسکو لینیا سے اب
ملاقات کرنا اور دہلی سے باہر جانا چاہیئے وہ کیٹ اور
پولی سے خط کتابت کیا کریگا - اور اس طرح سے
لینیا کی بھی خیر و عافیت - اوسکی صحت - خوشی کا حال
معلوم ہو جایا کریگا - لیکن اب اوسکے مکان پر نجاویگا
اوسوقت تک جب تک کہ دونون کے بال سفید
نہ ہو جاوین گے - اوسوقت تک نہین جب تک کہ چالیس
سال کی وہ نہو جاویگی - جو زنانہ عورت کا سب سے
زیادہ پیارا ہوتا ہے - جب تک اوسکی مونچھین سفید
نہو جاوین اور اوسوقت تک یقین ہے کہ اوسکا عشق
بھی کم ہو جاویگا -

جیک یہ دردناک خیالات پکا ہی رہا تھا کہ اوسکو
اپنے اصطبل سے گھوڑے کے ہنہنانے کی آواز اور
رونی ملن بچے پیر کی آہٹ معلوم ہوئی ہنستا ہوا
وہ برآمدے مین آیا -

"ہیلو جیک کس خیال مین ہو - تم ایسے پریشان اور
گہرے خیال مین معلوم ہوتے ہو کہ گویا اپنی مونچھون
مین ایک سفید بال کے دیکھنے سے افسوس کرتے ہو -"

"اسوقت تو تم بہت خوش معلوم ہوتے ہو کیا
اوس گھوڑے نے کلکتہ مین بازی ماری یا کیا"

ملن نے اپنی تلوار مونڈھے پر رکھا اور ایک کرسی اندر
سے نکالکر کہا "مجھکو تمھین ایسی خبر سنانا ہے کہ مین
کشمیری دروازے سے چھ منٹ دو سکنڈ اور ایک پاؤ
مین آیا ہون"

ہرور کا دل پھڑکنے لگا کہ کہین لینیا نے سب حال تو
نہین بیان کیا اور کہا لو ایک گلاس شراب اور ایک
بسکٹ کھاؤ"

"جیک - شکریہ - شکریہ - یہ کاہے کیا ہے"

"کابلی شراب ہے - مین چاندنی چوک کے پارسی سوداگر
سے لایا ہون - تیری جا اچھی ویسی ہی ہے - لیکن
حسب معمول دیکھتا ہون کہ پانڈے برف کا برتن
خالی چھوڑ گیا ہے"

"خیر یہ کافی میری پیاس کے بجھانے کو ہے - مین
مسلی کی بیٹیون کے بغل سے ہوکر آیا ہون وہ کابلی
فٹن پر سوار جو سنے جوڑی ایک خدمتگار نکلی
تھین - مین لیڈیون کو پسند نہین کرتا کہ وہ خود
گاڑیان ہانکین - اس سے اونکے ملائم ہاتھ سخت
ہو جاتے ہین - اونکی آنکھین جھکتی - اور علاوہ اسکے
ہندوستان اسکے لائق نہین -

"یقین ہے کہ یہی بات نہین ہے کہ جو تم گھوڑے پر
ہوا سے باتین کرتے یہان آئے ہو"

"نہین بلکہ مبارکباد کے واسطے"

"کس پر کیا اسٹاف مین تقرری پر"

"اوس سے بھی کچھ زیادہ"

"وہ کیا وہ کیا"

"میری ہونے والی شادی"

"خوب"

"مین نے اور کیٹ نے سب انتظام کر لیا ہے -
بہت بھلی ہوئی نہ جیک"

"ایسی جلدی - کیا سچ مچ"

"درحقیقت"

"تو مین رد لی ملن تمکو مبارکباد دیتا ہون۔ کیونکہ وہ بھی
پیاری اور اچھی لڑکی ہے جیسی نیک ویسی ہی خوبصورت
اور مین اوسکو بطور ایک بہن کے سمجھتا ہون"

"درحقیقت وہ بڑی ہی خوبصورت ہے"

"کب شادی ہوگی"

"اس ہفتے کے خاتمہ تک"

"بہت جلد ہوا یہ کسطرح سے سب ٹھیک ہوا ہین
تمکو دور سے نہین دیکھا"

"وجہ یہ ہے کہ اس عرصہ مین جیک تجار و کیلون
باڈرین وغیرہ کے پاس گیا تھا۔ کیونکہ میرا چچا بہت سا
روپیہ لیکر گیا ہے۔ اور بہت خراب حالت مین ہے۔ اور
ہملوگ شادی کرکے فورا کلکتہ اوس سے ملاقات کرنیکو
چلے جائینگے۔ مین نے ڈاکٹر گریوس سے ملاقات کی
تھی وہ راضی ہوئے ہین کہ کمپنی ڈاکٹر ڈیل کے سپرد کرکے
مین چھ ماہ کی رخصت پر جا سکتا ہون جسکے بعد
ہم یہان پھر ملینگے مثل عزیزان گریوان کے ساتھ
زندگی بسر کرنے کو چلے جاوینگے۔ اس باعث اب
ہم لوگون کو انتظار نہین کرنا ہے"

"یہ تو ظاہر ہے"

"مجھے تو امید ہے کہ تم خوش نصیب ہوگے"

"ہان مین خیال کرتا ہون خوشی سے کیا لینا دولھن
کی سہیلی ہوگی"

"بلاشک اور وہ سبز کپڑے پہنے گی۔ وہ چھ سہیلیان
مین سے ایک ہوگی۔ میرے چچانے علاوہ اون تین
ہزار روپیون کی آمدنی کے کہ جو بعد اوسکے مرنے (خدا
اونکو سلامت رکھے) ملینگے اور میرے بنک کا قرضہ
ادا ہو جائیگا۔

"تم ملن بڑے خوش قسمت ہو۔ اور اسکے مستحق
بھی ہو" اور کچھ دیا ہے"

"شکریہ جیک شکریہ اور اسکے جواب مین مین بھی چاہتا
ہون کہ خدا تمہاری عمر دراز کرے"

"مگر بالکل بیسود"

"گھبراؤ نہ"

"بزدلی میرے ساتھ نہین مت کرو"

"مجھکو کوئی ناامیدی نہین ہوئی۔ ذرا اس باعث نہین
معلوم ہوسکتا کہ تمہارا کیا مطلب ہے لیکن مین نے
سب حال تمہاری ملاقات کا لیفٹا سے سن لیا ہے"

"تم نے سنا"

"ہان ایک ایک لفظ"

"اوسی سے"

"نہین یہ کیونکر ہوسکتا ہے"

"پھر کیونکر کیونکر"

"بالکل سادہ طور پر لیفٹا نے کیٹ سے کہا کیونکہ تم جانتے
ہو کہ ان بہنون مین کوئی راز نہین رکھتین اور کیٹ نے
مجھسے اسلیے کہ میرے اور اوسکے درمیان کوئی راز نہین
یہ سب حال کہا اور یہ اپنی طرف سے بیان کیا کہ وہ لیفٹا
پریشان ہوگئی ہے اور اسکے حقیقی شادی نہ کرنے کے
عذرات ہین وہ بالکل بے بنیاد ہین"

"اچھا شاید ایسا ہی ہو۔ لیکن یاد رکھو اب یہ سوال
تمہارا دوست جیک ہرور اوس سے کبھی نہ کریگا"

"فضول بات عاشق صرف سہارا چاہتا ہے۔ پس اپنے
تئین اب سہارا پائے ہوے خیال کرو۔ پھر جاؤ اور یقین
رکھو کہ آخر مین تم ضرور کامیاب ہوگے"

"تم نے اسپر بہت سے پیرشانی اور تم ... کرنے مین
پائے ہین اور مین نے مستقل ... قائم کرلیا ہے"

"کہو کیا ہے پھر"

"اگر ہوسکے تو دہلی سے چلا جاؤن"

"لیکن میری شادی کے قبل نہین"

"بلا شک نہین - یہ رولی یاد رکھو کہ اگر لینا اب نہین سمجھتی تو پھر کبھی نہ سمجھی گی"

"مین اسپر ایک تھیلی اشرفیون کی بدتا ہون کہ اگر تم تیسری بار اوس سے کہو گے تو ضرور راضی ہو جاوگی"

"جب مین اوس سے پوچھون نہ تب تو بازی پاؤ گے"

"تم کارلس واؤن مین کچھ عمدہ بھی پا ہو گے - اوسکو سہیلی لینے کے وقت دیکھنا - تمھارا سب گھمنڈ نکلا دیگا"

"تو مین تو نہ جاؤ نگا"

"تمکو جانا ہوگا اور کھانے کے وقت اسپیچ مین ہمکو دعا دینی ہوگی کہ دونون عاشق و معشوق اچھی طرح سے زندگی بسر کرین"

"رولی تم آج کیا میرے ساتھ بیٹھکر کھانا کھاؤ گے مین آج خاموشی کے ساتھ تمھارے ہی ساتھ کھانا کھایا چاہتا ہون"

"خوشی کے ساتھ پیارے دوست"

"اچھا اوس بدمعاش فرخ پانڈے کو دیکھو وہ بہت وقت اپنا درویش فلاح الدین کے ساتھ پھاٹک پر صرف کرتا ہی اور باقی وقت سوداگرون سے دستوری کے واسطے جھگڑتے مین"

اسطرح سے رولی ملن اون لوگون کی نیت سے ناواقف رہا اوسکے تاک پھاٹک مین بیٹھے ہوئے تھے کنٹونمنٹ مین - چاول اور گوشت کی ایک رکابی ایک بوتل کالی شراب کی ہرور کے بنگلہ مین ختم کیا اور ہرور سے اپنے ارادہ و امید اور پیش بندیون کی نسبت گفتگو ہی کر رہا تھا کہ شام گذر گئی - اور درختون کا سایہ لمبی اور لمبی دیوارون یا لو کے میدانون اور دریا مین معلوم ہونے لگا -

کل چاندی کا اسباب خرید کیا گیا ہر ایک شے دو چند بیچند لی گئی - اور اطلاع دی گئی کہ اور سامان طیار ہے - اسباب کے لیجانے کے واسطے دو کمسریٹ کے ہاتھیون یا تو پچانہ کے بیلون کی ضرورت ہوگی -

"مجھے امید ہی کہ وہ رڈکن کو نہ بلا دینگے"

"مین خیال کرتا ہون کہ نہین تم کسطرح خیال کر سکتے ہو کہ وہ آویگا - چرٹ کا بکس جو پانی سے اوٹھا دو"

"اب نہین معلوم کہ آجکل کے زمانہ مین کیا سے کیا ہو جاے ذرا رولی شراب کی بوتل دیجیے - مین مشکل وہ عقل صیانی ضعف کے حقارت کرتا تھا - اور اسکی میرے پاس پوری وجہ بھی تھی"

"بہت بازو ہو جیک بہت"

"لینا ایک عجیب عورت ہی - ایک عجیب راز ہی"

"مین جانتا ہون کہ ہندوستان مین جب سے وہ آئی ہو بہت سے ناکپور اور الہ آباد کے سپاہیون کو اوسنے ناشکر کر دیا ہی - سو لیلین جنکو جانتے ہو کہ رحم کے معاملہ مین بہت پڑے ہوئے ہین بالکل خارج کر دیے گئے - اسوا سکار شعار سے تمکو خوش ہونا چاہیے"

"بابر رڈکن کو"

"او جیک"

"اوسکے پاس مجھ سے زیادہ وجہ ہی - اوراسکی زندگی کا بیمہ اپنی اصلی قیمت سے دو چند ہی"

"اب پھر تم بہرانے لگے - مین جاتا ہون سات بجے کل پادری کی لڑکیون کے ساتھ بارہ دری مین کھانا کھاؤ نگا - اگر کیٹ سے فرصت ملی - کسی وقت تم سے کل ملون گا - فرخ سائیس سے کہدو کہ بڑے پھاٹک کی سڑک پر گھوڑا لیجاوے مین وہین اوس سے ملونگا"

ملن ہرور کے پاس جانے کے بعد اوس سازش سے ناواقف جو اوسکے واسطے کی گئی تھی خوش قسمت تھا کہ کنٹونمنٹ کے پھاٹک تک پیدل چلا گیا -

وشنو - کالی - اور مہادیو تینون نے اون ترکیبون کو

نہین دیکھا تھا کہ جب یہ لفٹنٹ بیمار ہوا۔ پیدل اسقدر دور گیا تھا۔

چاندنی مین طوائفون پر نظر کرتا گذرا کہ جو مس بنگلہ کی گلی مین خوب ناچ رہی تھین۔ یہ کانون مین بالیان پیرون مین گھنگرون پہنے۔ پاجامون مین چُٹیہ لگائے اپنے سیاہ بال کھولے ہوئے ایک مجمع مین ناچ رہی تھین۔ ملن تھوڑے عرصہ تک یہ ناچ مس بنگلہ کی کھڑکی سے ایک پیر اندر اور ایک باہر لٹکائے دیکھتا کبھی وہ اون رنڈیون کی طرف دیکھتا۔ اور کبھی ۵۳ وین کے افسرون کیجانب جو اس سے کہہ رہے تھے کہ یہین ٹھہرے۔ لیکن اسکو اپنا وعدہ کیٹ سے یاد تھا اس باعث یہ کہا "کہ کوئی شخص تمھارے یہان سے دہلی کو جانے والا ہے۔ مین اسی وقت گھر جانا چاہتا ہون۔"

ولنگ بائی نے کہا "مین"

۵۳ وین کے ریورسلی نے کہا "مین"

پس یہ تینون آگے بڑھے اور اون ازنبہ کے درختون کے قریب سے ہوکر گذرے کہ جنمین یہ پھانسی گیران ساتھیون کو آتے دیکھکر پریشان ہوئے تھے۔ کالی ماتا نے اونکے ہاتھون سے یہ موقع کھویا۔ اب شاید بہت جلد دوسرا آوے جیسے ہی کہ یہ افسر اوس مقام سے آگے بڑھے یہ ٹھگ اب اپنے ارادے مین مستعد لگے سایون مین پیچھے لگے۔ اور اسطرح سے گھوڑون اور اخمدون کے سایہ مین دہلی تک گئے۔

دیکھا کہ ملن۔ ریورسلی۔ اور ولنگ بائی سے محل کے پھاٹک پر علٰحدہ ہوا۔ جیسے ہی کہ اسنے گھوڑا آگے بڑھایا ان لوگون نے بھی اسکا تعاقب کیا۔ لیکن قبل اسکے کہ یہ پہونچ سکین ملن پادری کے بنگلہ مین داخل ہو گیا۔ انھون نے دیکھا کہ یہ کیٹ سے جو ترہ پر ملا جو ایسی آزادی تھی کہ صرف عیسائی عورت کو حاصل ہے اور جس سے مشرقی لوگون کے دلون مین حقارت اور تعجب پیدا ہوتا۔ یہ لوگ اُسوقت تک وہان ٹھہرے رہے جب تک کہ یہ گھوڑے پر سوار ہوکر اپنے مسکن مین داخل نہ ہوا۔

چاندنی رات کی روشنی مین یہ لوگ کامیاب نہین ہوسکے تھے۔ لیکن ملن کے مکان کے جغرافیہ سے بالکل واقف تھے اور یہ جانتے تھے کہ کب اور کہان سوتے ہین کیونکہ تو نابار وہان سرکاری کام پر کبھی بار گیا تھا۔ اور یہ شخص بھی اون سے بھیک مانگنے پہونچا تھا۔ اور شاید ہی کبھی خالی ہاتھ واپس آیا ہو۔ ملن نے ان تینون سیاہ رنگ والون کی آہٹ تک نہ پائی تھی۔ کیٹ کے آخری بوسہ اور جدا ہوتے وقت کے الفاظ پر وہ غور کر رہا تھا۔ یا اونیر خواب مین تھا۔ اوسکی آنکھون کے سامنے سفید دلہن شادی کی انگوٹھیان۔ شادی کی مبارکبادی پر برف مین رکھی ہوئی شامپین۔ اور تھوڑا الہ اباد تک دریائی سفر اور وہان سے کلکتہ تک بذریعہ ریل سفر اور گارڈن ریچ مین ہفتون کا صرف کرنا تھا۔ ریورسلی کی یہ باتین کانون مین گونج رہی تھین کہ یہ چھوکری قسمت کی حصہ دار اور اوسکی خوشی کو بڑھانے والی ہے۔"

ان خیال اور خوابون مین وہ مشکل سے خیال کرسکتا تھا کہ برہما۔ شیوا اور وشنو۔ گنگا راے پرشاد سنگھ اور خانو شمس الدین کون ہین۔ اور کیا اوسکے واسطے فکرین کر رہے ہین۔

۱۸
اٹھارھوان باب
کیونکر ٹھگ کامیاب ہوے

رات بالکل خاموش آسمان صاف۔ تھی اسنے اور ہروپ کی کابلی شراب نے ملن کی آنکھون مین غنودگی خلاف معمول پیدا کی۔ شہر مین محسن جی جمشید جی پارسی سوداگر کہ جسکی دوکان جو قریب کے بازار مین تھی

ملن نے ایک کمرہ کرایہ پر لے لیا تھا۔ پادری صاحب کے
مکان کی قربت کے باعث اوسنے یہ انتخاب کیا تھا۔
پادری کے مکان کے چاروں جانب دو بڑے برآمدے
تھے ایک نیچے کا اس غرض سے کہ کھڑکیوں پر سایہ رہے
اور دوسرا یعنی اوپر والا بھی اوپر کی کھڑکیوں کے لیے
جمعدار ملن کے سونے کے کمرے سے بخوبی واقف تھا
کیونکہ اکثر کرنل ریلی اور ریوسلی کے حکم احکام اور خطوط
لایا کرتا تھا۔ اور اب جب کہ یہ کمرہ … تھے اور
موسم بھی بہت گرم تھا۔ کھڑکیاں دونوں سمت واسطے
کھلی ہوئی تھیں۔ اسنے اپنے ساتھیوں کو اطلاع دی
کہ یہاں ہمارا شکار پڑا ہوا ہے۔ یہ بلاشک کسیقدر
عجیب تھا۔ ہندوستان میں … برس سال
کے تجربہ نے بھی انگریزوں کو اس قسم کے حالات
سے ناواقف رکھا … جتنا کہ
پہلے شکار کا جب مرتا ہے … ہم لوگوں سے
اور ڈرایا تھا۔ اوس وقت تک ٹھگوں سے واقفیت
نہ تھی۔ بار بار ان کا ہیبتہ تھا لیکن … سے اوس
کو مشتبہ بھی رکھا تھا۔ ان کا نام سوشیال کیا
جاتا تھا۔ اور یہ لوگ … اور
گدھی ہوتے تھے۔

جس وقت یہ دونوں سڑک پر پہونچتے تھے بالکل
چاروں جانب اندھیرا تھا۔ کل باشندے ان دہلی
کے گھروں میں تھے۔ … پر جھومکتا تھا
تاکہ … شناخت میں کسی کا نام نہ چلایا جاتا تھا۔

ایک جانب بھی اندھیری تھی … جسکا خاتمہ … اور
… ہوا تھا لیکن … روشنی
سے نمایاں ہوئی تھی۔ دوسری بالکل تاریکی میں کھڑی
ہوئی دونوں اپنی جگہ پر تھے
مکان کے اوسطرف کی دیوار جہاں ملن سو رہا تھا

سایہ میں کسیقدر ڈھکی ہوئی تھی۔ اور اساخت شکستہ
کو اپنے کام کرنے میں آرام ملی جنھوں نے کچھ عرصہ
انتظار کرکے اب اپنا کام شروع کر دیا۔ پرساد سنگھ
سفید سوتی رومال اپنے سینہ میں رکھے ہوے تھا
اور شمس الدین خان نے کندھوں پر سوار ہوکر برآمدے کے
ستون پر چڑھنا شروع کیا۔ لیکن قبل اسکے ایک
ایسا واقعہ ہوا جس سے وہ کسیقدر مایوس ہوگئے
تھے جیسے ہی شمس الدین نے کو دار قبضہ کر دی
وہ اوسکے ہاتھ سے گر گئی جب ایسا کوئی واقعہ
ہوتا ہے ٹھگوں میں عموماً تشویش پیدا ہوتی ہے۔
یہ بد شگونی میں داخل تھا۔ مثلاً ایک سال کے اندر
لاش کا کھل جانا خیال کیا جاتا تھا کہ تباہی کا پیدا
کرنے والا ہے۔ … پرساد سنگھ نے ایک
… ہوئی تھی
اوس پر چڑھ کر برآمدے پر چڑھ گیا۔ اور وہاں سے
ہاتھ دے کر شمس الدین کو کھینچ لیا جسکی مدد اوس
سنگھ نے دی۔ جو سڑک پر نگہبانی کو چھوڑ دیا گیا
تھا۔ یہ لوگ آہستہ آہستہ کھسکتے گئے اور تین
کھڑکیوں کے پاس پہونچے جسکے اندر ملن سویا ہوا
تھا۔ ایک مرتبہ گنگا نے پھر … کرکے کہ جس کا
تانتا سا دیا اوس وقت چاندنی میں چمک رہا تھا
یہ لوگ مطمئن ہو گئے کہ سب خیریت ہے اور منہ پر
رکھ کر آہستگی سے سینہ پر پھرا … ٹھگوں کی ایک
نشانی ہے کہ کوئی خوف نزدیک نہیں ہے اس احتیاط
سے کھڑکی کی طرف آئے۔

ملن جو سویا ہوا تھا بستر پر چلا گیا تھا اور مسہری کے
پردے اچھی طرح سے لٹکا دیئے تھے کہ مچھر نہ آ دیں
اسکا کمرہ بہت اونچا تھا۔ اوسکا منہ کھلا ہوا تھا
تاہم شب کے لیمپ کی روشنی سے کہ جو تھوڑی ہی دیر

سے تنگ عمر کی سیز پر لیٹا ہوا تھا - اوسکا جسم بے درا
سکڑا ہی دیتا تھا یہ بالکل خاموش اور ساکت کے عالم
مین پڑا ہوا تھا - سانس لیتا تھا اور منھ پر مسکراہٹ
سی معلوم ہوتی تھی - شاید کیٹ کو دلھن کی
خواب مین دیکھ رہا تھا یا اوس بوسہ کا جو اوسکے
نازک لبون نے چلتے وقت دیا تھا خیال تھا [illegible]
شب گو کمزور تھی - لیکن [illegible] دونون [illegible]
واسطے کافی تھی یہ کوٹھری مین داخل ہوئے [illegible]
اونہون نے چپکے [illegible] اندر جانے کی تدبیر کی [illegible]
[illegible] کر سکتے ہین جنہون نے اسوقت [illegible]
[illegible] تھا [illegible] تھے - لیکن چونکہ [illegible]
[illegible] نظر نہین آئے اسباب [illegible]
[illegible] کچھ روشنی بطور [illegible] بنا ہوا تھا - [illegible]
پانی اور [illegible] اور جیسی روشنی تھی - قریب [illegible]
[illegible] اپنے [illegible] مین ایک [illegible] قناعت کئے ہوئے تھا
[illegible] کے پاس [illegible] تھی - جسکا [illegible]
[illegible] درمیان دینا پڑتا تھا - [illegible]
[illegible] انکے پاس مکان [illegible] کرتی تھین [illegible]
سے [illegible] ہوتی ہے لوگ اسکے
سب سامان [illegible] دیکھا کرتین اور اسطرح سے کہ
[illegible] اسوقت اوسکے مارنے والون کا [illegible]
[illegible] اوسکے [illegible] اپنی سالگرہ مین [illegible]
[illegible] دیا تھا -

جیسا کہ ہم نے بیان کیا شمس الدین خان کو در
فقیر کے پاس چھوڑ آیا تھا کیونکہ یہ جانتا تھا اوسکی
[illegible] اگر
[illegible] کی جگہ [illegible] تھی اسواسطے
اسے پانے کی کوئی ضرورت نہوگی - اور اوسکو صرف
مین مدد دینی ہوگی کہ جو ایک اوسنے ٹھگ بھی

کر سکتا ہے -

اول پرساد سنگھ نے اور بعد اوسکے شمس الدین نے ننگے
پیر [illegible] ہاتھ پھیر رکھنا شروع کیا کہ چٹائی تک
پہونچے جو چٹائی پر بچھی ہوئی تھی جیسا کہ ہندوستان
مین دستور ہے دروازے کے اندر کے [illegible] - اور
اور ہر جگہ پر پردے پڑے رہتے ہین - لیکن اسکا خوف
کوئی [illegible] نہ تھا - کیونکہ جیسے ہی کہ [illegible]
نے کام کیا [illegible] ایک سانس لینے کے قابل نہ رہا [illegible]
[illegible] پرانے [illegible] اور شروع تعلیم سے اسی خونی
کام کے واسطے بالکل پکے ہوگئے تھے - اب آہستگی سے
[illegible] پلنگ کے پردہ دونون جانب تھا اگر
یہ جاگتا ہوتا تو اوسنے تعجب سے ان دو عجیب صورتونکو
دیکھا ہوتا کہ جواب ہوا کے سے پردون کو ہٹا کر [illegible]
سوچتا [illegible] کہ جسمیر خوش قسمتی سے [illegible]
اور ہاتھ رکھے سوتے تھا - چونکہ یہ بائین کروٹ سے
سویا ہوا تھا اس واسطے ان لوگون کو [illegible]
رومال سے کام لینے کو باز رکھا جو پرشاد سنگھ نے [illegible]
سینہ سے نکال لیا تھا اور اوس سے اپنا کام کرنے [illegible]
تھا - یہ لوگ کسیقدر رکے ہوئے - [illegible]
[illegible] کہ جو پرساد سنگھ اور شمس الدین [illegible]
[illegible] پرساد سنگھ دیکھ سکتا تھا کہ شمس الدین [illegible]
ہاتھ رکھکے خوف ظاہر کرتا ہے - [illegible]
نے پردہ کے اندر ہاتھ ڈالکے [illegible]
رخسار پر [illegible] اس آہستگی سے کہ جیسے کہی [illegible]
کاٹتا ہے - لیکن [illegible] کو کچھ معلوم نہوا - بعد اوسکے ایک
ناخن سے جو خاص کام کے واسطے تیز کر لیا جاتا ہے
اوسنے آہستگی سے جس جگہ چھوا تھا چھید کر دیا کہ جس سے
مچھر کے کاٹنے کی سی تکلیف ہوئی -
اب بھی صاحب نہین ہلا -

پھر تیسری بار اونھون نے کوشش کی کہ اپنا بازو یا ہاتھ ہٹا سے لیکن بیکار ہوئی۔

ٹھگ پریشان ہوے کہ اونکی معمولی چالین کام نہین آئین۔

پیرون کی طرف گئے کہ جگی ہین کہ جب ورگویون کی آواز بنگ بنگ اور بجھنے بین دھوان نظر آیا شمس الدین کو معلوم ہوا کہ اوسکی ٹھوڑی کے پاس سے کوئی گولی گذری ہے۔

ان لوگون کو یہ خیال نہ تھا۔ لیکن ملن بالکل اسقدر دیر سے جاگتا تھا۔ ایک سرد مزاج انگریز کہ جسنے غصہ اور خوف مین روشنی سے ان لوگون کو داخل ہوتے دیکھا تھا۔ اور یہ خیال کرکے کہ یہ صرف معمولی چور ہین انکا تماشہ دیکھ رہا تھا۔ نیند کا بہانہ کیے ہوے تھا۔ گرتا تھا اوسکے سر پر تھا اور جس سے تپنچہ نزدیک ہوگیا تھا غصہ اور خوف کا ایک نعرہ مارکر پرساد سنگھ کھڑکی سے بھاگا۔ اور اپنے ساتھ نصف سے زیادہ جاپ بھی لیگیا۔ غصے مین پاگل شمس الدین آہستہ جاتا تھا اور جیسے ہی کہ ملن پردون کو ہٹا کر نکلا چاہتا تھا اوسنے اسکو کہتے سنا "سفید حبشی جا نوز! تم مجھکو زر و غلام کہتے ہو در حقیقت فرنگی ایک دیسی کا عورت کا غلام کہ جو کسوتی سور کی چربی سے کارتوس بناتی ہے"

کالی نے اوسکی مدد نہین کی اور یہ کندا رکے زمین پر گرنے سے صاف ظاہر تھا۔

جب ملن نے ہاتھ مین پستول لیکر گلی کیطرف دیکھا تو بالکل سناٹا معلوم ہوا کوئی آدمی اور نہ اوسکا سایہ چاندنی چوک مین دکھلائی دیتا تھا۔ اوسکے تازہ وولتو ملاقاتی بہت جلدی جلدی کسی کنوین یا نالاب کیطرف دوڑے جاتے تھے کہ ہمارا سر جاکر اشنان صاف کرین

کہ اونھون نے ایک ناپاک کو چھوا تھا۔ کیونکہ اپنے جرمون مین بھی یہ لوگ اپنے مذہب کی پابندیون کو نہین بھولتے تھے لیکن گنگارام کے مقابلہ مین فلاح الدین ایک پاک پادری تھا۔

ملن کے جائداد سے کچھ نہین چھوا گیا تھا۔ اوسکی گھڑی انگوٹھیان ۔۔ روپیہ کی تھیلی جو کپڑے پہننے کی میز پر رکھی ہوئی تھی نہین چھوئی گئی تھی۔ اسطرح سے اونکو اسبے بخوبی یقین آگیا گو اسکا خیال بھی ذہن سے نہ گذرا ہو کہ یہ ٹھگ ہی تھے۔ اور اون لوگون کا منشا اوسکا جان لینے کا تھا نہ کہ جائداد کے چھونے کا۔ لیکن ملن کے انگریزی خیالات کو یہ قرین قیاس نہ تھا۔ کس نے اوسکا نقصان پہونچایا ہے؟ اور کسکا تمام دنیا کے پردے پر اوسکے مارنے سے فائدہ ہے؟

اس خیال سے وہ کچھ عرصہ تک نہ سو سکا۔ اور اس بات اور بھی کہ گویون کی آواز نے بڈھے آتش پرست کو جگا دیا وہ اپنی لمبی ٹوپی اور کوٹ پہنے بڑی گھبراہٹ مین چڑھ آیا۔ رولی ملن نے تپنچہ بھر کر رکھ لیا اور تکیہ اور اکیا کہ عرصہ کی سوچی ہوئی بات سے آج اوسنے فائدہ اوٹھایا اوسنے اپنی کھڑکیان اور دروازے بند کر لیے اور آیندہ سے ایسا ہی کرنے کا مستحکم ارادہ کیا

جب ان ناکامیاب کمبختون نے بابو بلی سنگھ سے اگر ماجرا بیان کیا اوسنے ٹھگی بطور پیشہ کے چھوڑ دی اور اپنا تعجب ظاہر کیا کہ کیون لیو اس بدشگونی کے اونھون نے اس فعل کی جرأت کی۔

اوسنے کہا خیر کچھ ہو تھوڑے روز بعد ہم آگرہ میرٹھ اور کانپور سے بہت عمدہ خبر سُنینگے۔ گو یہ مسلمان تھا لیکن کالی کو جو ہمون کی ایک بت ہی مانتا تھا۔ کالی کی عزت دونون ہندو اور مسلمان ٹھگ برابر کرتے تھے ایک مرتبہ ایک مسلمان ٹھگ نے اپنے اظہار مین حاکم سے

بیان کیا تھا کہ "ہم لوگون کو کبھی نہ جانا چاہیئے جب تک کہ شگون سب عمدہ نہون کہ جو احکام خدا سے ہین"۔ جب رات کا ماجرا پارسی محسن تیمشٹ جی سے ملن نے بیان کیا۔ تو پارسی نے اوس طریقہ کو سنکر جب سے وہ آئے کہا کہ یہ ٹھگ ہی تھے۔ وہ انکے حالات سے پورا واقف ہے اور خود بھی اپنے تین لڑکون کے ساتھ شکار ہو گیا تھا اوسکا قصہ یہ تھا۔ کہ علاوہ ان ٹھگون کے کہ جو خشکی مین اپنی جال کیوجہ سے انسان کو مارتے ہین بہت سے ایسے ہین کہ جو دریا مین کام کرتے ہین۔ یہ لوگ ملاحون کا بھیس بدلے اور اونھین کی پوشاک پہنے تھے۔ انکی پگڑیان بالکل سفید تھین اور کمربند مین کہین داغ نظر نہین آتا تھا انکے اطوار بہت عمدہ سادہ اور صاف تھے انکی کشتی سب سے زیادہ صاف اور عمدہ تھی۔ اور دریاے گنگ اور جمنا کے بڑے مشہور شہرون مین اسجانب سے دوسری جانب مسافرون کو اوتارتے۔ بہت سے اونھین کے ساتھی ڈاک بنگلہ اور پورٹ منیٹو وغیرہ لئے ہوے اونھین کشتیون مین بیٹھتے اور ظاہر کرتے کہ وہ مسافر ہین اور اپنی جاوے اورون کو بھی راغب کرتے کو اوس کشتی مین سوار ہون اب ایک مرتبہ کشتی پر چڑھے کہ بس خاتمہ۔

اپنے تین لڑکون کے ساتھ یہ پارسی ایک مرتبہ آگرہ کو کشمیری شال عمدہ مخمل اور بہت سا اسباب ایک کرایہ کے ہاتھی پر لئے ہوے جاتا تھا۔ مشہور اٹاوہ کے گھاٹ کے قریب گذر ہوا کہ جو جمنا ہی پر واقع ہے اور آگرہ سے ڈھائی سو اور کانپور سے ۸۰ میل ہے راستہ مین بہت سے مسافر ملے کہ جو اوس مقام کو جانے والے تھے یہ بہت مہربان تھے اور اونھون نے اوسکے ساتھ کھانا بھی کھایا ایک شخص نے چھوٹے بیٹے کو کہ جو تھک گیا تھا اوٹھا لیا اور خدمتی ایک عمدہ صاف کشتی کرایہ کیجاوے کرایہ مین آپسمین کچھ لگایا جاویگا۔

اسپر پارسی راضی ہو گیا کہ جو تجارت مین ایک آنہ بچانے سے بھی ازحد خوش ہوتا تھا۔ پس ان لوگون نے مستعدی سے مدد کی اور اوسکا اسباب اور تین لڑکے کشتی پر لد گئے اور مسافر بھی کہ جو ایک دوسرے کو کچھ پہچانتے تھے آئے کشتی چھوڑ دی گئی۔ اور یہ اٹاوہ کے خوبصورت گھاٹ سے آگے بڑھی۔ تھوڑی ہی دور گئی تھی کہ ذرا سا شبہ پیرو کو معلوم ہوا کہ وہ مع تین بیٹون اور اسباب کے ٹھگون کے ہاتھ مین پھنسا ہے اور جسقدر لوگ کشتی پر ہین سب ٹھگ ہین۔ وہ مرتبہ مایوسی مین اسنے رومال گردن سے ہٹایا اور اون لوگون کے ہاتھ سے اپنے تئین بچاتے بچاتے پانی مین گر پڑا کہ جہان سے تیر کر اون گولیون سے بچا کہ جو اوسپر چلائی گئین۔ سوار مین چھپکر یہ کنارے آیا۔ لیکن اوسکے کنارے آنے سے قبل اوسکے لڑکے اوسی طرح سے مارے گئے۔ پھانسی دیکے اور دریا مین پھینک دیے گئے۔ ٹھگ ملاح اپنی لوٹ لیکر دوسرے گھاٹ کو تلاش مین گئے۔

اس واقعہ کے بعد کبھی شب و روز بھرا ہوا تنچہ ملن سے کچھ فاصلہ پر نہوتا تھا۔

اونیسوان باب

لینا کے پاس ایک اور پیغام آتا ہے

اس ملن کے پھانسی والے معاملہ کے ایکروز بعد شام کو لینا اندر کے کمرہ مین اپنے احباب و اعزا کو بیٹے کی شادی کا لسبب ڈسک پر بیٹھی خطوط لکھ رہی تھی کہ خدمتگار اسلم علی کرنل رڈکن کا ایک کارڈ چاندی کی طشتری مین لایا اور صرف زبان سے یہ نکالا۔

"ایک صاحب"

لینا پہلے سوچی کہ کمرے سے چلی جاے پھر یہ خیال آیا کہ وہ کمرے مین رہے کیونکہ باپ گھر مین نہین ہے

اور کپٹ مٹن کے ساتھ سوار ہو گئی ہے لیکن اوسکو غور کا
خیال تھے واسطے بہت کم وقت ملا کیونکہ کرنل غوو شلا
اپنی ٹوپی اوتارے ہاتھ سے پردہ ہٹا کر داخل ہوا۔
ایک اوسکی معمولی ملاقات تھی [illegible] آنے کے
چونکہ پادری صاحب نے [illegible]
ایک قسم کی [illegible] معلوم ہوتی [illegible] کرنل
[illegible] سے معلوم ہو گیا تھا کہ یہ تھرین اب بھی
[illegible] اس [illegible] اوٹھا آیا۔
[illegible] ایک
[illegible] لگے تھا۔
[illegible] شام کو بہت [illegible] معلوم
ہوتی تھی۔ [illegible] ہو گئے تھی
[illegible] سیاہ [illegible] کے گرد تھے
[illegible] جسپر [illegible] لگی ہوتی تھی۔ نگین نوٹ
[illegible] اور سونے کا قلم سامنے
[illegible] چھوٹی سی میز تھی جسمین سنگ مرمر کا پتھر
جڑا ہوا تھا کہ جو سب لیبا کے حسن کو دوبالا کر رہا لئے
تھے۔ [illegible] خیال میں کرنل [illegible] کئی بار جھک کر آداب کرتے
[illegible] افسوس معلوم ہوا یو لیبا نے ہوشیاری
کے ساتھ مسکرا کر سے چھپا لیا اور اپنے ملاقاتی سے ہاتھ ملا کر
[illegible] بیٹھنے کے واسطے دوسری کرسی بتلائی لیکن انتظار کیا
کہ کرنل خود بولے۔

مجھے آپ سے معافی مانگنا ہے کہ مین نے ہرج کیا لیکن
[illegible] مین دو مرتبہ مس وسٹن [illegible] جب سے کہ وہ یہان
داخل ہوا ہون آیا۔
[illegible] ڈاکٹر کے کارڈ ملنے پر لیکن بدقسمتی سے دونون
بار آپ سے ملاقات نہین ہوئی۔
[illegible] نے اکثر یہ خیال کیا تھا اور شاید آپ جانتے ہین
[illegible] سے تپک دل ہین کہ آپکو ایک [illegible] بطور یادگار [illegible]

جیسا کہ ہر ایک پادری کو کرنا چاہیئے اور [illegible] واقعہ
کے نسبت لکھین گے
[illegible] ان اوسکی بڑی مہربانی تھی۔
لیبا نے گردن جھکا لی۔ اور ڈاکٹر کا رنگ بدل گیا۔
[illegible] خیال کیا کہ ایک [illegible] ہو۔ [illegible]
[illegible] کرے کہ جس سے بطور عاشق کے [illegible]
ہو۔ اس [illegible] واقف ہو کر اوسنے [illegible]
دوسرے امر پر گفتگو کرے۔

کرنل نے اپنی داڑھی ہاتھ میں [illegible] مسکرا کر [illegible]
مسکرانے کے ساتھ آنکھون سے کوئی آثار خوشی کے نہین
پائے جاتے تھے کہا۔

بنگال ہندوستان میں ہر ایک رنگ کی اغراض فساد کی
مشہور تھین اتفاق اور [illegible] کا گناہ ابھی معاف نہین
کیا گیا ہے۔ شملہ اور [illegible] سے جو خطوط آئے ہین اون سے
معلوم ہوا ہے [illegible] اپنے افسرون سے بہت
بیزار [illegible] ہین۔ لیکن یہ مشکل دوسرے واقعہ سے
گذر جاوینگے۔

یہ خوبرو اور عمدہ جوان تھا۔ لمبا اور مضبوط ایک انچ
[illegible] کم بہر سے قد [illegible] چھوٹا سر بالکل گنج ہو گیا تھا
تا ہم ایک ابھی سفید بال [illegible] کہین نہ تھا
اور اوسکی مونچھین اور داڑھی ابھی اوسی طرح سے تھین
جسطرح سے کہ مس وسٹن [illegible] کی تھی۔ اوسکی پلکین
چھوٹی اور آنکھین تیز اور جلد جلد گھومنے والی تھین
اور گفتگو اور بات چیت مین بہت خوش مزاج تھا۔

فوجی ناراضیون اور شکایتون۔ مجوزہ نلج۔ تھرمامیٹر
کی حالت اور بہت سے مقامی امور پر گفتگو ہو کر تھوڑے
عرصہ کے واسطے خاموشی ہے۔ کہ جس درمیان مین کرنل
اوٹھکر لیبا کے قریب آیا اور اوسکی کرسی پر جھک کر
کہا [illegible] مس وسٹن! مین پرانا زمانہ کی یاد مین کیون لینا

تم اب تک اوسی طرح سے خوبصورت اور فریفتہ کرنیوالی ہو۔
لینا نے کہ جسکا چہرہ زرد ہو گیا جواب دیا۔ "کرنل صاحب
مجھکو بالکل ضرورت نہین کہ ایک آپ ایسے شریف النفس
سے کہون کہ بہت جھوٹی خوشامد اکھڑپن کے برابر ہے۔"
"معاف کرو میرا ہرگز یہ مطلب نہین تھا کہ میری باتین
سخت خیال کیجاوین - مین صرف سچ بولا۔"
اپنا منھ پھیر اور آنکھون کو چھپا کر جواب دیا۔ "اگر مین
کبھی خوبصورت تھی تو اب بھی ہون کیونکہ ۲۵ برس کی
عمر مین انسان مین تبادلہ نہین ہو سکتا۔"
اوسنے نرم ہاتھون کو لینا کی غیر آگاہی مین ہاتھ مین لیکر
کہا۔ "بشرطیکہ اوس سے بدسلوکی نہ کیجاوے اور مین
خیال کرونگا کہ مین نے بے شرمی سے ظالمانہ برتاؤ کیا۔"
لینا کی سانس اب زور زور چلنے لگی - یہی الفاظ تھے کہ جو
خود اوسنے ہر روز سے اپنی نسبت کہے تھے۔
"ہان لینا بے شرمی اور ظلم سے - لیکن میری اوسوقت
کیا حالت تھی - میرے فرشتہ سیرت توکری - میرے ہی سیدون
یا تم اے لینا! اپنی سب محبت کے ساتھ۔"
لینا نے اپنا منھ اوسکی جانب سے ہٹا کر کیونکہ وہ واقف
تھی کہ یہ اب کچھ ایسے جملے زبان سے نکالنے والا ہے کہ جو ایک
ساتھ اوسکی اور اوس عورت کی اہانت کرنے والے تھے
کہ جسکے ہاتھ ابھی تھوڑے روز ہوئے کہ اسنے اپنے تئین
فروخت کر دیا تھا اور جو ابھی مری ہے کہا۔ "کرنل صاحب
بس اب اسکا ذکر کیجئے۔ مجھے یہ کہنے کی اجازت دیجیے
کہ یہ بالکل بے فائدہ ہے کہ آپ بطور عاشق کے مجھسے خطاب
کرین اور ایسے شخص سے کہ جو کہنا چاہتا ہے خوشامد بالکل
ایک گستاخی ہے۔"
"لینا۔"
"کرنل روڈکن مین مشکور ہونگی اگر آپ مثل دوسرے
ملاقاتیون کے مجھسے مس وسٹن کر کے خطاب کرینگے۔"

"لیکن تمنے گستاخی بتلائی۔"
"ہان کیونکہ الفاظ ایک جانب تو ایک شخص کی تعریف
اسقدر کرتے ہین کہ جسکا وہ مستحق نہین - دوسری جانب
سننے والے سے کہتے ہین کہ وہ اپنی ذاتی عزت جو کرنے
ہین چھوڑ دے - خوشامد اوسجگہ کام دے سکتی ہے - لیکن
عشق مین نہین - اور مین کرنل روڈکن یقین کرتی ہون
کہ تم ہرگز ناز و نخرہ نہین کرنا چاہتے۔"
"اب نخرہ یا ادا اون کی کون ضرورت اگر ہم لوگون
مین محبت ہو بس مین ایک مرتبہ تم سے اور عاجزی
کرونگا کہ پہلے واقعات پر کسیقدر آہستگی سے نظر
کرو۔"
"مین ہرگز گذرے زمانہ پر غور نہین کرتی۔"
"اب موجودہ و پچھلی باتون کو بھلا نہین سکتی۔"
"نہین۔"
"آگے کا بھی نہین۔"
"نہین۔" زور سے جواب تھا۔
بال چھوڑ کر روڈکن کچھ فاصلہ پر کھڑا ہوا۔
"افسوس! اگر موجودہ زمانہ نہین کہ جب مین
تمکو اب گھر اور دل دیتا ہون - ایک آفت کے بچنے
جسوقت کہ تمکو ایک طاقتور انسان کی محافظت
کے واسطے ضرورت ہوگی اور آنے والا زمانہ جسکا حال تم
نہین جان سکتی پچھلی باتون کو بھلائیگا تو پھر تم کو
خدا سے روز حشر امید رحم کر سکتی ہو کے
"تم باتین خوب بنانا جانتے ہو یہ اچھا بھی لگتا ہے
اور ایک ایسا کام ہے کہ جسمین تم مشاق ہو۔"
روڈکن کو اب غصہ آیا - اور اوسکا دل اور خفیہ جوش
کہ جسمین قدرتی گستاخی شامل تھی ظاہر ہونے لگا۔
"کیا مین یہ خیال کر لون کیونکہ مین نے سنا ہے کہ تمنے
بہت سے پیغامون سے انکار کر دیا ہے کہ تمہاری نخرون

کوئی خاص شخص چھپا ہوا ہے"
لینا کسیقدر غصہ کے ساتھ مسکرائی اور اس بیہودہ
سوال کا یون جواب دیا۔
"مین نہین خیال کرتی کہ مع اپنے سب اصول غرور و تکبر
کے تم اسقدر مشغول تھے کہ یقین کرتے کہ مین نے کسی
سے تمھارے باعث انکار کیا۔ اے صاحب نہین مین
آنکھ اور دو باتون کے بتلانے کی نہین پابند ہون۔"
"مس وسٹن بلاشک نہین"
"لیکن تمنے ایک سوال پوچھا کہ مجھکو خاص کوئی
عذر ہے اور مین کہتی ہون ہان"
قریب تھے ہنسکر "اور کیون"
"مین آزاد رہا چاہتی ہون - ہوا کیطرح آزاد اب
سمجھے"
"اچھی طرح سے نہین"
"تو مین آپ کو نہین سمجھا سکتی"
"تمکو ایک وقت بالکل عذر نہ تھا"
کسیقدر غصہ مین ہوکر جواب دیا "مگر تمنے دھوکا
دیا"
"مس وسٹن اوسکی نسبت اب گفتگو ہرگز نہ کرو
کیا مین اب تمکو لینا نہ کہون - تم جانتی ہو کہ بیچاری
تمھارے دوسرے کے ساتھ شادی کرنے سے کیا کیا
نقصانات اوٹھائے - لیکن اب وہ موجود نہین ہے
اور خدا اوسکو بخشے تم جانتی ہو کہ وہ مجھسے دس سال
بڑی تھی اب"
"اور ہمیشہ کے واسطے کرنل رڈکن یہ سمجھ لو - مین
آزاد رہا چاہتی ہون - شادی مین عورت و مرد
مین برابری نہین رہتی - تم اپنی چند راحتین کھوؤ
اور مین ہمیشہ کے واسطے تمھاری غلام ہون کہ
جو شاید بالکل خود مختارانہ نہین"
"وہ خود مختارانہ"
"وہ ہان یا تم مالک - اور اگر بطور عاشق کے اوسنے
دھوکا دیا تو وہ پھر بطور خاوند کے اور دھوکا دیسکتا ہے
اور اب اس جھگڑا اور بیہودہ گفتگو کے ختم کرنے کو
کرنل رڈکن اوس برتاؤ کے بعد کہ جو آپنے اختیار کیا ہے
مین مجھسے رہا ہین سے ہرگز شادی نہ کرونگی
اگر تم ہندوستان مین اکیلے ہو [illegible]
[illegible] اب اس معاملہ پر بالکل گفتگو نہ کرنا چاہیئے"
کرنل نے لینا پر اعتراض اور تعجب کی نظر سے دیکھا
اور باوجود اپنے غرور اور خیال شان کے وہ اب بھی
محبت کرتا تھا - اور کہا "مین یہان آکر ٹھیرا ہون صرف
یہ کہ جہان میرا کوئی پوچھنے والا نہین - اچھا اب مین
مس وسٹن اپنی موجودگی سے تمکو نجات دونگا -
مین بھولا نہین ہون کہ تمھارا پرانا دوست یا عزیز
[illegible] یا جو کچھ کہو کہون - کنٹونمنٹ مین ہے - اب
اوسکے پاس علاوہ تنخواہ کے کچھ [illegible]
لیکن مین کہتا ہون کہ اوسکو معمولی الگ توڑ جوڑ تون کے سوا
نہ نصیب ہو سکیگا لیڈیون کو اختیار ہے کہ اپنی رائے
بدلین"
"نہین صرف زیادہ نہین - کمینہ پن اور جھوٹ بجز
کہ تم کرنل صاحب واقف ہو کہ کچھ ایک خاص فرقہ مین
نہین ہوتا ہے"
"خدا کے واسطے تمکو اسمین جھگڑا نہ کرنا چاہیئے - مین
جانتا ہون کہ تم مثل پرانے رڈکن کے محبت مجھسے کرتین
اگر تم مجھسے کبھی محبت رکھتی ہوتین"
"وہ صاحب"
"لیکن ایک وجہ ہے"
"مین نے تم سے محبت ترک کردی - مجھکو اسکے کہنے مین
شرم نہین ہے کہ مین تمسے نفرت کرتی تھی [illegible]

نہیں کھوئی انہوں نے میرے دل کو لیا۔ ایسے شخص سے
مجھے [illegible] جو محبت کرتا تھا اور اب بھی اگر زندہ
... تو تم اوس سے واقف ہوتے
لیکن وہ وجہ کیا ہے جسکا تم ابھی ذکر کرنا چاہتے تھے
وہ صرف کپتان ہرور کی دہلی میں موجودگی ہے
کہ جہاں وہ قوت کے ساتھ نہ کر سکا وہ دیکھنے جیسا کہ
تم خود جنگل میں نکل کر یہاں آیا ہوں آیا تھا۔"
وہ غلطی کرتے ہو صاحب اور کبھی اس سے زیادہ
عمر بھر میں غلطی نہ کی ہوگی جیسا کہ اب ہو رہی ہے کپتان
ہرور کی میں ہمیشہ عزت کرونگی۔ لیکن اون سے کبھی
شادی نہ کرونگی۔ اسکا ارک رڈکن تم یقین رکھو اگر
اگر میں کبھی شادی کرون گی۔ جیسا کہ میرے باپ ماں
خواہش کرتے ہیں۔ تو وہ جیک ہرور سے ہوگی نہ کہ
تم سے۔ اور اسکا بھی تم یقین رکھو کہ وہ ابھی تک
بیوفائی اور بیداری کے ساتھ مجھ سے محبت کرتا ہے
[illegible] لفظ بھی زبان سے نہیں نکالا اور چلا گیا
مجھے افسوس [illegible] سے بیتاب ہو [illegible]
[illegible] محبت سے کہ جو ہم دور سے [illegible] لیا
[illegible] سک پر منھ رکھ کے روئی۔ اور اپنے دل میں کہا
یہ اسی شخص کے باعث ہے میں نے ایسے سچے اور شریف
انسان مثل جیک کے محبت چھوڑ دی۔ اے میرے
خدا کاش میں اوسکے ساتھ وفادار رہی ہوتی جس
طرح سے وہ رہا کسقدر رنج افسوس سختی سے ہیں
پہنچتا ہے"

اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اور یہ ہم افسوس
کے ساتھ لکھتے ہیں کہ رڈکن کے دیکھنے سے اوسکا
کچھ خیال لیلیان کے دل میں پیدا ہوا اور خصوص
اوسکی آواز سے جو درحقیقت بہت ہی عمدہ تھی اور
اس خیال سے کہ وہ کسقدر باغیان کے ہاتھوں
زخمی ہوا اور یہ افسوس پیدا ہوا۔ لیلیان نے صاف
اور آزادی سے کہدیا تھا کہ میں رڈکن سے شادی
نہ کرون گی۔ یہی اوسکے باپ سے میں اور سب سے
کہدیا تھا۔ لیکن کسقدر اوسنے ہرور کی نسبت
کہنے میں جلدی کی۔

اب اوسکے خیال میں شاید رڈکن ہی تھا۔ لیکن رڈکن
کی دوسری بیوی وہ ہرگز نہ ہوگی۔
اوسنے اوسکے ساتھ وفا کی۔ الفت کی اور پیار
اور نیک ہرور ایک بیوی کا مستحق ہے کہ جو اچھی
کی محبت سے مالامال ہو۔ ایسا دل نہیں کہ کچھ تو
غصہ اور کچھ دوسرے کی تقدیر سے بھرا ہوا ہو۔

۲۰

بیسوان باب

جیک ہرور نے کیا سنا

[illegible]

ہرور نے چونکہ اپنے دل میں سوچ لیا تھا کہ
اوسکو نہیں ملیگا تو شہر چھوڑ دینا اس باعث [illegible] کوئی
مناسب سمجھ کر وطن کو نہیں دیا چاہا۔ اور چونکہ اس بہانہ
سے وہ پادری کی لڑکیوں کے پاس جا سکتا تھا۔
اوسی شام کو کہ جب رڈکن نے اپنا کسقدر اچھا گانا
دیا۔ ہرور نے چاندنی چوک کا دورہ کیا۔
کشمیری شالوں اور دہلی کے کلابتون کی بنا کون سے
پریشان ہو کر جو عموماً لیڈیاں پسند کرتی ہیں وہ

زیورات کی جانب متوجہ ہوا۔
دہلی کیطرح ایشیا مشرق مین کسی مقام کے سنار اور کاریگر
زیادہ مشہور نہین۔ اور عمدہ سے اعلی انگریزی سنار
کاریگر انکے سامنے ہیچ آجاتا تھا۔ کیٹ کے واسطے ایک
طوق۔ بالی اور جھمکے۔ کنگن۔ چوڑیان خریدین
یہ نیلے رنگ مین جڑے ہوئے تھے۔ پانچ مہینے کی تنخواہ
اور بھتہ سب اسمین صرف ہوگیا۔ یہ لیکر اوسنے ایک
عمدہ انگوٹھی پولی کے واسطے اور ایک صندوقچہ ڈولی
کے واسطے خرید کیا۔ اسکے بعد یہ پادری صاحب کے
مکان کیطرف جھکا۔
اس مرتبہ اسکے آنے کی خبر کسی کارڈ نے نہین دی۔
باہر کا پھاٹک منتظر ہی بالکل کھلا ہوا تھا۔ کیونکہ کیٹ
اور پولی نے سیر سے واپس آتے وقت اپنا گھوڑا اصطبل
مین جاکر چھوڑا تھا۔ اور دربان غیر حاضر تھا عموماً
اب سب دیسی نوکرون مین بے پروائی آگئی تھی۔
ہرور سامنے کے برآمدے کے زینہ پر چڑھا کہ جو کھلا ہوا
تھا۔ اور بلا اطلاع اور بلا حکم لئے اونچی سنگ مرمر کی
سفید دہلیز سے بلا خیال کرنل کے تلوار و تسمہ کہ جو سامنے
میز پر رکھا ہوا تھا۔ اور اسکے کہ اغلب کوئی ملاقاتی بیٹھا ہے
وہ آگے بڑھتا گیا حتی کہ خدمتگار رستم علی نے یکایک باہر ہی
ڈرائنگ روم کیطرف اشارہ کرکے سلام کیا۔ ہرور نے
اپنا کارڈ دیا کہ کیٹ کو دو اور اب اکیلا رہ گیا۔ وہ اندر
کے کمرہ مین جانے والا تھا کہ جہان واقف تھا کہ کھڑکیون
سے باغ کا سمان نظر آتا تھا کہ اتنے مین بڑے پنکھے نے اوسکے
بالون کو پریشان کردیا اور مجبور کیا کہ وہ شیشہ کے سامنے
اکر درست کرے اور اسی سادہ حرکت نے اوسکو ایک
بہت بڑی بدمزہ گفتگو سے بچایا۔ کیونکہ جب یہ شیشہ کے
سامنے کھڑا ہوا تو اسکو ریشمی پردے سے دو آوازین
ایک لینا کی اور دوسری کیٹی کی۔ لینا اور مارک
رڈکن کی سنائی دین۔ وہ ایک لمحہ کے واسطے اسطرح سے
وہان کھڑا ہوا کہ معلوم ہوتا تھا کہ زمین مین کسی نے گاڑ دیا ہو
پسینا اوسکے چہرہ پر معلوم ہونے لگا۔ عزت اور شرافت نے
اوسکو مجبور کیا کہ وہ جلد وہان سے واپس آوے اور آہستہ
سے بھی کیونکہ وہ وہان سے بلی کی طرح سے اوڑا لیکن جیسے ہی
کہ ہٹا اوسنے بخوبی مسٹر رڈکن کے کسی سوال کے جواب مین
لینا کہہ رہی ہے "کپتان ہرور کی مین عزت کرونگی لیکن
عاشقانہ محبت نہین ہرگز شادی نہ کرونگی۔ نہین مارک
رڈکن اسکا تم یقین رکھو" ہرور جلد نکل آیا کہ کہین سمجھ
اور نہ سنے۔ اوسکے غصہ حسد اور حسرت کی آگ اب اسوقت
بہت طاقتور تھی۔ اور پہلی ملاقات سے لینا کے ساتھ بڑی
محبت پھر پیدا ہوئی تھی۔ لیکن اب لفظ کے پورے معنی
مین اوسکو علیحدہ بیٹھ رہنا چاہیئے۔ اس تلخ گفتگو کے بعد
جو اوسنے اپنے کانون سنی۔ لینا کو اب اپنے رقیب کے پاس
چھوڑ دینا چاہیئے ـــ
اب اوسکو وہان کس امر کی تلاش تھی۔
اس پریشانی کے عالم مین اوسنے خیال کیا کہ سچی محبت ایک
بہت دشوار امر ہے جیسا کہ ایک شاعر نے کہا ہے کہ "عشق
موت کی طرح سے مضبوط ہے۔ اور حسد قبر کی طرح سے ظالم"
لیکن اوسکو مجبوراً آخری بات کرنی پڑی تھی۔ اور جیسے ہی کہ
وہ دہلیز کے اوس جانب برآمدے کیطرف مڑا اوسکو یہ چند خیال پیدا ہوگئے۔
یہان اوسکو کیٹ ملی کہ جس سے لپک کر دونون ہاتھ ملائے
جوان دولھن اسوقت بہت خوبصورت و حسین بیاہی
معلوم ہوتی تھی اوسکی آنکھون سے مسکراہٹ و نگاہون سے
یون ہین سی گھوڑے کی سواری کی تھکاوٹ ظاہر ہو رہی
تھی۔ یکایک اوسکے چہرہ کی رنگت بدل گئی کہ اوسنے
ہرور کو بالکل زرد اور پریشان اور اوسکی آنکھین غضبناک
دیکھین۔ "کپتان ہرور کیا تم بیمار ہو" "قسم خدا کی تم تو ایسے
معلوم ہوتے ہو کہ گویا مرجھا جاتے ہو اور دونون ہاتھ [illegible]

یکایک بیماری۔ دل کی بیماری۔ پیاری کیٹ لیکن مجھکو جانا چاہیے"

"اسقدر جلدی کیون کیا پاپا سے ملاقات کی"

"نہین"

"تو پھر لیجیے"

"نہین۔ یہ تھوڑا سا تحفہ تمہارے واسطے ہی۔ یہ کوئی
میری دوست پولی کے واسطے۔ مین چاہتا تھا کہ یہ اور بھی
عمدہ قابل پسند ہوتی"

"ہان درحقیقت عمدہ ہی۔ جیک یہ بڑی مہربانی ہی
مین کسطرح سے تمہارا شکریہ ادا کرون"

"جو چاہے جو کچھ لیکن میری پیاری کیٹ تم اسکا یقین رکھو
کہ مین ہمیشہ تمہارا دوست رہونگا۔ مین تمہارے اور اپنے
پرانے دوست رولی کے واسطے دل سے دعا مانگتا ہون
کہ خوش وخرم رہو اور میری دلی مبارکباد قبول ہو"

"شکریہ جیک"

"میری بالکل امید نہین گئی ہی گو وہ ایک مایوس
امید بلا شک تھی کہ لینا شاید پھر مجھ سے وہی تعلقات
شروع کریگی"

"پیارے جیک ہم ور تم نہین جانتے کہ ہم لوگ کسقدر
دل سے تم سے محبت کرتے ہین"

"میری جانب سے کیٹ وہ تعلقات کبھی نہین ٹوٹے لیکن
اب سب معاملہ ختم ہوگیا۔ کل معاملہ کا میرے واسطے خاتمہ ہوگیا"

"پیارے جیک تم مجھپر عاشق ہوکے ہوتے [illegible] اور مغرور
اپنے حسن مین ہی۔ لیکن وہ ممکن ہی کہ اپنی راے تبدیل کرے
اور اگر وہ نہ کرے تو کیا ہندوستان مین لیڈیون کی ایسی
کمی ہی کہ تم اوسی کا انتظار کرو"

"او کیٹ تمام دنیا مین میرے واسطے ایک ہی عورت ہی
اور وہ لینا ہی"

اسوقت راڈکن زور زور سے پیر پٹکتا بلا اس خیال کے کون
کون برآمدے مین ہی۔ باغ کے پھاٹک سے نکل کر اوسنے
سڑک پر گیا"

کیٹ نے پریشانی سے کہا "وہ یہان تھا۔ بس [illegible] اسکی
موجودگی بتلاتی ہی کہ جھگڑا کیا ہی"

"مگر یہ بھی سب ظاہر نہین کرتا کیونکہ دونون شخص ناراض
تھے کہ اندر کے کمرے مین کیا ہو رہا تھا۔

ہرور نے کیٹ کا ہاتھ آہستگی سے ملا پیشانی پر بوسہ دیا
اور رولی ٹن کی آواز "ہیلو" کو یہ سنکر کہ جواب آرہا تھا
گھوڑے پر سوار ہو چلدیا۔

تھوڑے عرصہ کے بعد کیٹ کو پورے طور پر راڈکن کی
ملاقات کا حال معلوم ہوا اور لینا کو بھی معلوم ہوا کہ
ہرور مکان مین تھا۔ جیک پاگل کیطرح کنٹونمنٹ
کیطرف گھوڑا دوڑاتے ہوئے گیا۔ تلخی افسوس اور غصہ
اوسکے سینہ مین بھرا ہوا تھا۔

سچی محبت اسمین شک نہین ہی کہ بہت عمدہ ذریعہ انسانی
دل کے بڑھانے کا ہی۔ لیکن کبھی کبھی عشق خودغرض اور
بدلہ لینے والا ہو جاتا ہی۔ اور دل کو اوسوقت بہت ہی
برا معلوم ہوتا ہی کہ جب اوسکو وہ چیز کہ جس سے وہ محبت
کرتا ہی چھوڑنا پڑتی ہی۔ دوستی کہ جو اوسکا ایک جزو ہی
شاید جاتی رہے۔ اور غرور اور انسانیت کے خیالات
سب کمزور اور مایوس معلوم ہوتے ہین۔

ہرور کو بہت رنج پہونچا تھا۔ اور صاف الفاظ مین
پریشان اور نفرت کرنے والی مزاج ہوگیا تھا۔ سوڈا اور
اور ایک جام شراب کا پیکر اوسنے اب کہا کہ مین مثل ایک
کسطور رہ کے زندہ رہون اور مرون"

اکیسوان باب

مذہب حالت

اب غیر گنگار اے کنٹونمنٹ مین یہ کت گھومتا تھا کر
مین سنے وہ عجیب وقت وزمانہ اوسوقت لیکر تھے

خواب مین دیکھا تھا جب کشمیری دروازے کے نیچے زمین
کے اندر دفن تھا کہ ہندوستان مین بنے والا آخری
انگریز مارا گیا۔ اور دریا مین پھینک دیا گیا اوسکا ساتھی
ناچنے والا درویش حافظ فلاح الدین ایک ذرہ بھر بھی
اوس سے کم ۴۲ مین ۴۵ مین و ۴۶ مین ایسی
پلٹن کے باغی کر دینے مین نہین تھا۔ اور بیان کرتا تھا کہ
بابو بلی سنگھ کہ جو لندن عظیم الشان کے ساتھ بطور خفیہ
ایجنٹ کے نانا صاحب کیجانب سے گئے تھے کہ باجی راو
کے حقوق پر انگریزی گورنمنٹ کو متوجہ کرائین۔ ہیرے
اور جواہرات سے پر کشمیری شالین پہنے ہوئے پھرتے
اور مثل شاہزادون کے لندن مین معلوم ہوتے تھے اور
وہان اسقدر خاطرداری ہوئی تھی کہ جب کانپور اوڑا گیا
تھا خطوط پائے گئے تھے جو لیڈیون کیجانب سے دوستانہ
الفاظ مین تھے اون سیکڑون کی ایک ایک عورتون کیجانب
سے کہ جو بار بار اوسکی مشتاق رہتی تھین —

ایکو بہانہ بغاوت کے واسطے ضرورت تھی قسمت کے لکھے
سو سال پورے ہو گئے تھے۔ اور چپاتی کے گانو گانو پہنچنے
نے اچھا بہانہ بتلایا۔

یہ باغی کہتے تھے ان شیاطین فرنگیون نے ہمارے ورثہ
کو چھینا غلام بنایا۔ ہمارے شاہزادون کو مٹی مین ملایا
پیدا ہوئے باپ کی زمین چھینی۔ اونھون نے رشوت اور بیگار
مین انسانی قربانی قانون بند کیا۔ ہماری بیوگان پاک
کام ستی کا نہین کر سکتین۔ وہ اپنی قسمت کا لکھا پورا
نہین کر سکتین اور دوسری بار شادیان کرتی ہین فرنگیون
نے اسکول ہر ایک موضع ہر ایک قصبہ اور شہر مین عیسائیت
پھیلانے کے واسطے قائم کئے ہین۔ اونکے پادریون نے
ہمارے پوجاریون کو جھٹلایا ہماری مورتون کو
لکڑی اور پتھر اور ہمارے مندرون کو ناپاک بتایا ہے
اونھون نے ہمارے آٹے مین گائے کی ہڈیان اور
نمک مین خون ملایا ہے۔ اونھون نے کارتوس تیار کئے
چربی ناپاک سور کی لگائی ہے کہ جو کوئی اونکو منہ سے
کاٹے گا اپنا دھرم کھو دیگا۔ کوئی شخص ہمارا
ایک بکری تک نہین مار سکتا۔ آنکھ کے بدلے آنکھ اور
دانت کے بدلے دانت دینا ہوتا ہے۔ ہمارے ٹھگون
کو پھانسی دیجاتی ہے کہ وہ اپنے باپ دادا کے پیشے
کی پیروی کرتے ہین۔ اونکے دخانی جہازون نے
دریائے گنگ کے پانی کی طاقت گھٹا دی اونکی آگ
کی گاڑیان مثل راکھشسون کے زمین پر چلتی ہین اور اب
اونھون نے کالکا سے پیشاور تک ایک تار کھینچا ہے
کہ جس سے بجلی خود خبر لیجاتی ہے۔ اونکے اندر سے مین
ہم لوگ مثل کتون کے ہین ٭

یہ خیال روز بروز بڑھتا جاتا تھا۔ بابو بلی سنگھ اور
عظیم اللہ خان ولایت سے اور سوقت قسطنطنیہ کو
آ گئے تھے کہ جہان جنگ کریمیا ہو رہی تھی اور
سبب ہزارون ہمارے سپاہی جنگ ہونے مین مبتلا ہوئے
[illegible] اور اسطرح سے
پیدا ہو سکتا تھا۔ اور جنگ ولایت سے یہ حال سمجھ
آیا تھا کہ انگریزون کی طاقت گھٹ رہی ہے ٭
سپاہیون مین اسقدر ملی ہوئی اگ جو لگا کرتی تھی اور
بتلایا جاتا تھا کہ سپاہی اسکے لگانے والے ہین
جنمین کبھی کوئی گرفتار نہ ہوتا تھا۔ اور بہت سے
یورپین افسرون کو اسقدر اپنے سپاہیون مین بھروسا
تھا کہ وہ کہتے تھے یہ آگ کاشتکارون کیجانب سے
لگتی ہے۔ ان گھبرائے ہوئے مقامون مین کہ جو تاریک
ہین چراغ روشن ہونے لگے اور یہ افواہ بڑی مبالغہ کے
ساتھ مشہور ہونے لگا کہ فرنگیون نے ترکی کو دھوکا
دیا ہے۔ اور سلطان اور حضرت پیغمبر کا مذہب غارت
ہو گیا ہے اب اوسکو سوائے جہاد کے اور کوئی نہین بچا سکتا

۲۳ رجمنٹ پلٹن کے بلوہ کرنے کے چھ ہفتہ بعد ۱۶ مئی کو
کئی کمپنیاں اور توڑی گئیں۔ درجہ گھٹایا گیا۔ ایک
سپاہی کا اسیری جرم میں فہرست فوجی سے نام
کاٹ دیا گیا۔ ۔۔ رجمنٹ کے دو سپاہیوں کو
سازش کرنے کے باعث عبور دریائے شور کا حکم ہوا
[illegible] پانڈے جمعدار کے پھانسی دینے پر کہ جو اپنی
فوج کے سب [illegible] سے اعلیٰ تھا سپاہیوں میں بہت
غصہ پیدا ہوا کہ جو وہ نمونہ باغی اور قاتل تھے لیکن
[illegible] اور شہیدوں کے دین دین
چرچا رہا کرتے تھے۔

ایک شام ۷۰ رجمنٹ پلٹن کی مجلس میں سرورنے کہا۔
"ہمیں معلوم ہے گولا کمان ٹوٹنے لگا" کرنل ریلی نے
جواب دیا "ہم امید کریں کہ سب خراب حصہ کٹ گیا۔
مجھکو قواعد کی طاقت میں یقین ہے کہ جسکو ایک سپاہی نے
بیان کیا" عادتاً اطاعت سائنس ہوگئی ہے اور ہر ایک
شخص کو یہ معلوم ہوتا جاتا ہے کہ اب اوسکا کیا فرض ہے
اور کسطرح سے اپنے افسر کے احکام کی پیروی کرنا چاہیے"
ونگ بائی نے کہا "کرنل صاحب مجھکو آپ سے اتفاق
ہے اگر یہ آدمی باغی ہوگئے تو میں مثل شاہ پروشیا
کے ضرور قواعد سے فایدہ اوٹھاؤنگا"

مس مینگلز کی کھلی ہوئی کھڑکیوں سے ایک سرخ ہوائی
بان جلتا ہوا نظر آیا کہ جو نیلے آسمان میں مثل
چمکتے ہوئے تاروں کے آگے چلکر ٹوٹا کہ جو مثل ٹوٹے
ہوئے ستاروں اور بڑے ہیروں کے زمین پر چھتر
گئے اور اب گویا اوسکے جواب میں جمنا کیطرف کسیقدر
آگ لگی کہ جو ہمایوں کی قبر کے قریب چلی گئی۔

ڈگی ریورس۔ یہ کچھ کرنے پر آمادہ معلوم ہوتی ہے
کرنل [illegible] آئے اور ریورس کیا تمہارے [illegible]
اسقدر بڑھے ہوئے ہیں کہ تم بابا لوگوں میں [illegible]

لڑکے نے زور سے جواب دیا "میں ان خونی سیاہ پادریوں
سے کبھی میل و اتفاق نہ کرونگا"

کوئی شخص نہیں سمجھ سکتا تھا کہ ان [illegible] اور اشارات
آتشبازی سے کیا مطلب ہے۔ گو [illegible] تک لوگ پیچھے
ہوئے قبل سونے کے اسی پر گفتگو کرتے رہے اسوقت
کی تشویش اور تذبذب کی حالت بہت بے ڈھب تھی
اون افسروں کی [illegible] میرٹھ نے بغاوت
کی تھی۔ لیکن سوائے [illegible] لوگوں [illegible]
مصیبت اوٹھائی تھی کوئی شخص مصیبت کا اندازہ نہیں
کر سکتا۔ کوئی یورپین [illegible] یقین کے ساتھ نہیں
رکھتا تھا کہ وہ صبح [illegible] سلامت اوٹھیگا۔ اور جو
شخص کہ صبح آفتاب [illegible] دیکھتا تھا اوسکو یقین نہ تھا
کہ وہ شام [illegible] کہ جو اوسکے پیارے ہیں کبھی [illegible]
ہر ایک افسر تعجب کرتا تھا کہ کب [illegible] فوج [illegible]
بلوہ کرینگے۔ ابھی تک [illegible] اور [illegible]
سپاہی معلوم ہوتے ہیں ہر ایک کا سوال تھا۔ کیا
درحقیقت یہی لوگ بلوہ کرینگے۔

جب کل ہندوستان میں تھوڑی سی انگریزی فوج
جابجا پھیلی ہوئی تھی بہت سے غریب لڑکے اپنے گھر کا
خیال کرتے۔ اور ان کی سلامتی پر غور کرتے اور گھر
کی طرف دیکھتے اور خیال کرتے کہ شاید دہلی ہی اونکی
دائمی قیام کی جگہ ہوگی۔

اور اس خیال میں شب گذر جاتی۔ صبح کی توپ قریب کے
توپخانہ سے دغتی۔ یہ لوگ خیال کرتے کہ خدا کی مرضی
ہوئی کہ ہم نے دوسری صبح دیکھی اور امید پیدا ہوئی
کہ شاید شام تک زندگی اور قائم رہے۔

ہر ور بھی مثل دوسرے بھائی افسروں کے گھڑی گھڑی
نظر کرتا۔ اور ہاتھ میں تپنچہ لیے کر بار بار اٹھکر
اوٹھتا۔ ادھر ادھر گھومتا۔ تعجب کرتا کہ کبھی وہ [illegible]

اوٹیگا یا نہین - اور اگر آویگا - تو وہ زندہ بچے گا یا نہین - انگلستان دیکھنے کو ملیگا یا ویسی مجنونون کے ہاتھ سے زخمی ہوگا جسطرح سے کہ اور دوسری جگہہ پر بہت سے غریب اور بہادر انگریزون کا حال کیا ہی -

اس تشویش و افسوس اور خوف اور تذبذب کے وقت اون غریبون کی کیسی افسوسناک حالت تھی کہ جنکی جانین وہ لوگ اپنی جانون سے عزیز خیال کرتے تھے - اور اسطرحسے اونکا خون بیچار کیطرحسے بالو ونٹی اور بنگلے مین جوش کھاتا - ہیرور بچھڑون کی طرف دیکھتا و جھنجھلاتا رہا - پادری کی لڑکیون کے واسطے - بہت خوف کھاتا اور شکر ادا کرتا کہ ملن اور اوسکی دولھن ایسے شہ پار ہلوسے کی بدولت داخل کلکتہ ہوجاوینگے - یہان وہ اوٹھکر ادھر اودھر ٹہلتا اور خیال کرتا کہ وہ سب ابھی تک انگریز ہین کہ جو بیماریون اور ڈھلکی ہوئی برف سے چوٹیون پر آتے - ہیرور اور شمیل نے مثل ملن کے سرجنٹ ریڈ کو اطلاع دی تھی کہ اپنے پاس ہتیار رکھنے مین ہوشیار رہین اور لمحہ کی اطلاع پر ہمیشہ طیار رہین سب شراب وغیرہ ترک کردی - نہین معلوم کہ کب سرپر آفت آوے کہ جب بدبخت ہندوستانی یوروپین لوگون پر اسطرحسے گر پڑینگے کہ گویا بنگال کے سمندر مین پھینک دیے گئے ہین -

دہلی مین یہ عام خیال تھا کہ ہندوستانی بر گیڈ رات مین بلوہ کریگی - اور بابو بلی سنگھ کے شریک ہوکر انکو ذبح کروادینگے کہ جو اوسکے خلاف ہین کہ جو تدبیر کل ہندوستان مین بلوہ کردینے کی تھی بیشمار عورتین اور لڑکیون کو سرغناؤن نے جائز لوٹ مین خیال کرلیا تھا تاہم یورپین ظاہرا سب خوش تھے اور اپنے کاروبار کرتے تھے

ایک زمانہ تھا کہ جب پرانے افسرون کو یاد ہی کہ ہمارے اہل ملک شمالی صوبجات مین نہایت ادب اور عزت کے ساتھ دیکھے جاتے تھے - اور ہندوستانی ایک سڑک یا کسی دوسرے مقام پر انکو دیکھکر اپنا منھ چھپا لیتے - اور آنکھ بند کر لیتے - جب تک کہ لارڈ صاحب بہادر گذر نہ جاتے تھے -

چونکہ کیٹ اور ملن کی شادی کا دن قریب آیا کل دہلی مین خاموشی رہی اور بہت سے امید کرتے اور دل مین دعا کرتے دیتے کہ یہ خوف کا وقت گذرا جاتا ہی -

۲۲ بائیسوان باب

شادی

پچھلے باب کو پڑھکر شاید چند لوگ یہ خیال کرین کہ یہ وقت مشکل ہی اسکے مناسب تھا کہ اسوقت کوئی شادی کرے یا کرائے لیکن ملن اور کیٹ مین بندوبست ہوگیا تھا - اور یہ ضروری تھا کہ وہ کلکتہ کو جاوین اور یہ اور بھی مناسب تھا کہ کیٹ اوسکے ساتھ کلکتہ چلی جاوے اور شاید پولی بھی ہمراہ ہو - اور لوگ عموماً خیال کرتے ہین کہ زندگی کے مراسم سب اعلی ہوتے ہین - پس دہلی اور کنٹونمنٹ کے نزدیک کے سب انگریزون کو بہت کچھ اس شادی کے باعث گفتگو کرنے کو ملگیا تھا - کون سہیلی بنے گی اور دولھن کیسے کپڑے پہنے گی - کون شادی کرائیگا - پادری صاحب خود یا کنٹونمنٹ کے پادری صاحب و یہ کسقدر مناسب نہین کہ لڑکی کا باپ ہی خود پادریکا کام کرے - لیکن یہ یقین ہی کہ وہ ناچ دکھلاوے گا - کسقدر روپیہ ملن کے چچا نے اوسکو دیا ہی - اور یہ سب کو معلوم تھا کہ کرنل اسفک محکمہ انیون والے نے کئی لاکھ روپیہ سندھ اور اودھ مین پیدا کیا ہی - کیا ملن علحدہ مکان لیگا یا پادری کے ساتھ رہیگا - ڈاکٹر کا مکان تو عمدہ ہی

لیکن علحدہ مکان مین رہنا زیادہ مناسب ہی۔ کیا اوسین
روپیہ صرف کرنا مناسب نہین۔ کیونکہ شاید مسٹر ملن کہ
جو اپنے صرف جمعدار کے عہدہ پر ترقی کیا ہی کہین بھیجدیے
جاوین۔ [illegible]
[illegible]
[illegible]
[illegible]

کیٹ نے صرف چار سہیلیون سے اطمینان کرلیا یعنی پولی
فلورالسیلی۔ اور مس ٹینہ رالیس۔

پولی بہت تیزی مین تھی اسقدر جلدی انتظام
کیا گیا۔ کہ وہ ادھر اودھر کودتی پھرتی تھی۔ یہ
جوان لڑکیون کی سب سے بڑھکر خوشی ہوتی ہی کہ جوان
دولھنون کی شادیان دیکھین۔ شادی کے دعوت
کی طیاری مین کوئی کمی نہین کی گئی تھی۔ پھل و میوہ جات
تو دہلی مین خدمتگار نے چھوڑے نہ تھے۔ قرب سے
بہت سے میوہ جات لائے گئے تھے۔ بخارا کی کھجور۔
قندہار کی انجیر۔ پشاور کے سیب وغیرہ کا مربا منگایا گیا
شادی کرنے کے بعد دولھا دولھن میرٹھ کو جانیوالے
تھے کہ جو دہلی سے ۴۲ میل کے فاصلہ پر ایک
پرانا شہر اور خوبصورت فوجی اسٹیشن ہی خدا خدا
کرکے ۱۱ مئی کے صبح یعنی کیٹ کی شادی کا دن آیا۔
بطور کنوارے کے ملن نے ۱۰ دین مس مین آخری
دعوت کھائی۔ اوسنے رڈکن کی ملاقات کا پورا حال
ہرور سے کہدیا اور اطمینان دلایا رڈکن اور لیڈیا کے
درمیان ہمیشہ کے واسطے سب باتون کا خاتمہ ہوگیا
ہی۔ لیکن اب بھی وہ منحوس قطرہ ہرور کے دل مین باقی تھا
ہندوستان مین عموماً شادیان شام کی توپ چھٹنے
پر یعنی ۵ بجے شام کو ہوتی ہین۔ لیکن کیٹ کی شادی
۳ بجے ہوتی تھی۔ بس اب ملن کیٹ کے ارد گرد تھا۔

جبکہ ہرور تمام دن سنتا رہا۔ لیکن جیسے ہی کہ وہ
وقت آتا جاتا تھا اس خیال سے آگاہ کہ اوسکو لیڈیا
کے قریب جانا ہوگا۔ اور کسیقدر افسردہ حیثیت سے
اوسنے اپنی وردی پہنی۔ اور اچھی طرح سے اپنی مونچھون
اور گھونگروالے بالون کی کسیقدر [illegible]
[illegible] پوچھ گئے تھے کہ وہ نوٹ [illegible]
[illegible] تھے۔

جب ہرور نے اپنی رجمنٹ پیدل کی وردی سفید [illegible]
طلائی لیس سے ٹکی ہوئی اور بہت چوڑا چمڑے کا تسمہ
گلے مین آراڈ والا جسمین کل رجمنٹ کے تمغے لگے
ہوئے تھے اوسکو بہت کم یہ خیال ہوسکتا تھا کہ
قبل سکے کہ وہ اپنی وردی کو پھر اتارے کیا سے کیا
ہوگا۔ مراسم شادی عموماً سب یکسان ہوتی ہین
اس باعث ہم ناظرین کو مفصل حالات سے پریشان
نہ کرینگے۔ لیکن اس مین چند الیسو مین جو چھوڑے
نہین جا سکتے۔

ڈیڑھ بجے ٹھیک پادری صاحب [illegible] کے پادری [illegible] کے
ساتھ خود مراسم ادا کرنے گئے تھے جب [illegible]
جوڑیان فٹن پالکیان [illegible]
سے آنے لگے۔ اور بہت سے لوگ [illegible]
نہین دیا گیا تھا مثل دولھن [illegible]
آئے۔ کیونکہ پادری صاحب [illegible]
سب کی نظر پڑتی تھی۔

بہت سے ولیتی خاصکر ہندو مسلمان فقیر [illegible]
و غریب حرکات کرتے تھے اور کبھی منھ بنا کر پادری
صاحب کے مندر مین دیکھتے تھے۔ فرنگی [illegible]
فرنگی مردون مین لپٹی ہوئی ہین [illegible]
اپنی گردن اور چھاتیان کھولے ہوئے ہین۔ ایک
نزدیک کے برآمدے مین ۳ ۵ دین [illegible]

بج رہا تھا۔ ریورس بڑبڑایا "عشق کی خوراک گانا ہے"
بیک ہو رہ بخوبی خوش تھا۔ لیکن میں نہیں جانتا کہ یہ
بالختم ہوگی کسیقدر اب بیار معلوم ہونے لگا۔
دلہن کے چہرہ سے کوئی آثار گھبراہٹ یا دہشت نہ معلوم
ہوتے تھے کہ جو بنگال فزلیر کی وردی پہنے ہوئے
تھا۔ ڈگلس اور ولنگ بائی وہاں تھے۔ اور درحقیقت
اسقدر وہاں لوگ پہنے ہوئے تھے کہ گرجا گھر چمک اٹھا
ہمارے ہیرو کا دل تھروپ انڈلی میں گھومتا تھا۔
ملر نے کان میں کہا "جیک جب ہم دونوں چلے جاویں
خدا کے واسطے کوشش کرو اور کسیقدر آج خوشی ہو ایک
مرتبہ اور اپنی قسمت کو لینا کے ساتھ آزماؤ"
ہیرو نے اپنی گردن ہلائی۔ اور اس خاص گفتگو سے
ملر کو بچانے کو نٹ کہا کہ "میں دل سے چاہتا ہوں
کہ تم خوش رہو۔ تم جوانی میں شادی کرتے ہو کہ جب
عشق جوش پر ہو"
"جیک تم بڑے غصہ ور اور وہمی ہوتے جاتے ہو"
"میں نے کسی جگہ پر پڑھا ہے۔ اگر آدمی شادی کیا چاہتا
ہے تو کم عمری میں اوسکو کرنا چاہیئے۔ کہ جب جوانی میں
طاقت ور ہووے"
"جیک اور تم"
"رولی پچھلے مہینے میں میری بیوی سالگرہ تھی۔ اور مثل
اوس بدبخت کے جسنے دنیا دیکھی ہے مجھکو تجربہ حاصل ہوا ہے"
"تاہم میں مشورہ دونگا کہ لینا سے پھر پوچھو"
"پھر (تعجب سے)"
"ہاں پھر اور اگر آپ پھر انکار کرے"
"تو انتظار کرو"
"وہ چالیسویں سال میں اپنے اس ارادہ کو
توڑ سکے گی"
گاڑی کی کھٹ کھٹاہٹ معلوم ہوئی اور دلہن پہر
چابک چونہ ہوا۔ لیکن وہ دلہن ابھی تک نہیں آئی۔ یہ بڈھا
گریوس برگیڈیر میجر مع اپنے ہمراہیان کے تھا۔
لیکن تھوڑی ہی دیر کے بعد اور گاڑیاں نظر آئیں کہ جسکو
دلہن نے دور سے دروازے کے راستہ دیکھا سوار ہی
معلوم ہوتی تھیں۔ سڑک کے اوس جانب سفید برف
کی سی روئی اوڑھی چلی آتی ہے۔ کیونکہ کیٹ سفید دلہن
کی سی پوشاک پہنے سفید پھولوں سے لدی اور طوق
و بالیاں و کنٹھا نذر کردہ ہیرو زیب بر کئے ہوئے تھی
برقع علیحدہ اوڑتا چلا جاتا تھا اور ویسی ہی خوبصورت
معلوم ہوتی تھی کہ جیسی ایک نوخیز خوبصورت بیسم
شادی کے وقت معلوم ہوتی ہے۔ زرد و شریف سنجیدہ
چہرہ کسیکی طرف مخاطب نہوکر وہ اپنے بڈھے باپ کی
بغلگیر ہوئی کہ جو شاید زیادہ گھبرایا ہوا۔ افسوس میں تھا کہ
اوسکی لڑکی ہمیشہ کے واسطے اوس سے جدا ہوتی ہے کیونکہ
اوسکا تھا اوس عمدہ چھپی ہوئی بیل سے کہ اوسنے بیٹی کا بیاہ
کا بنایا کہ جو یتیم لڑکی دلی لئے کھڑی ہوئی تھی
اوس کے بعد چار سہیلی آئیں اونکے کپڑے ایک دوسرے
سے کھڑکھڑاتے تھے۔ سفید ستن اور قیمتی لیس کا بس
ایک دریا تھا۔ ملر سہم گم تھا کہ وہ کہاں ہے یا کیا ہونے
والا ہے۔ اوسنے کیٹ کی نسبت توخیال کیا کہ مصور چاہتا
جو رلنگ۔ سایہ و روشنی کی نسبت بحث کریں۔ لیکن لیڈیاں
عموماً اس بارہ میں ولایت کے ساتھی مصوروں سے
زیادہ اچھی طرح سے واقف ہیں۔
لینا مثل سیاہ بالوں کے دلہن کی فریفتہ کرنے والی
معلوم ہوتی تھی۔ اوسکی گردن میں ایک زنجیر پڑی ہوئی
تھی کہ جسمیں ایک موتی کا تکمہ لگا ہوا تھا جو ہیرو نے
اوسکو بہت دن ہوئے نذر کیا تھا۔ اور آج اوسکے
سینہ پر اوسی موتی کو دیکھکر دل ہی دل میں بہت خوش
ہوا زور سے سانس لینے لگا کیونکہ وسوقت اوسکا دل

بھر آیا تھا۔ وہ موتی انکھون سے سفید سینہ مین گرتا اوجھل ہو جاتا تھا۔ تاہم جبکہ مثل برف کے ملائم سرد اور سنجیدہ تھا۔ مینا کو ٹھیک نہ معلوم تھا کہ ہرورتے اوس بدقسمت ملاقات کا کسیقدر حال سنا یہ معلوم کرکے ذرا امید پیدا ہوئی جب اوسکی آنکھ ہرورر سے ملتی آخر الذکر کی آنکھ سے کسیقدر سختی معلوم ہوتی تھی۔

ان سنجیدہ مراسم شادی کے ادا ہونے کے وقت اور گھنٹی کے بجنے کے کسیقدر قبل اچھی پولی نے ڈکی سے دریافت کیا "مین آج کیسی معلوم ہوتی ہون" ڈکی تعریف مین آہ نہ کھینچ سکا۔

"مین خیال کرتی ہون فریفتہ کرنے والی گویا کہ مین خود اپنی شادی کرنے جاتی ہون۔ ابھی اس پنکھے نے میرے بال پریشان کردیے تھے۔

ڈکی نے دیکھا کہ اوسکی سنہلے بال سب منھ پر پھیل گئے تھے پھر اوسنے کان مین کہا "ڈکی میرے دستانون مین بٹن تو لگاؤ جلدی۔ اُف تمھاری کیا موٹی اونگلیان ہین"

اتنے مین جو باہر ہندوستانی کھڑے تھے اونمین بہت شور و غل ہوا اور اوسطرف لوگون کی آنکھین پھرین کہ جب ملن نے اپنا سونے کا چھلا کیٹ کے سفید کانپتے ہاتھ کے تیسری اونگلی مین پہنایا۔ اور دعا مین سر جھکایا۔

پادری صاحب نے ایک صاف ملائم اور بلند آواز مین کہا "ہم لوگ دعا مانگین" دعا مین لوگ سر نیچے اسقدر مشغول تھے کہ سواے برگڈیر گریوا اور ڈگلس اور ایک یا دو سپاہیون کے کسی نے یکایک دو افسر کی آمد نہ دیکھی۔

ایک اسمین کرنل رڈکن اور دوسرا بالکل اجنبی تھا۔

دونون کا چہرہ زرد ایک کے پاس خون سے آلودہ رومال تھے کہ جو شاید جلدی مین گھوڑے کی گردن مین باندھ دیا تھا۔ کہ جو اسوقت کمزوری اور زرد ناک حالت مین ترچھا کھڑا تھا۔

یہ معلوم کرکے کہ ابھی مراسم شادی پورے نہین ہوئے ہین۔ یہ لوگ پیچھے ہٹے۔ اور ٹوپی منھ پر رکھکر سنجیدگی اور گرمجوشی سے گفتگو کرنے لگے۔ یہ لوگ تشویش ظاہر کرتے ہوئے خاموش جیسا کہ ہر ایک شریف ایسے موقعون پر کرتا ہے۔ اون آخری الفاظ وعظ کے انتظار مین ٹھہر رہے کہ جب پادری صاحب نے کتاب بند اور سینہ سے لگاکر زبانی دعا مانگنا شروع کی کہ جب تک آنسو بھری ہوئی آنکھون کے ساتھ اپنی بیٹی سے گلے مل اور کل لیڈیان اوسکے گرد بوسہ لینے کو آور مسٹرس ملن پکارنے کو کھڑی ہوئین۔ یہ دونون برگڈیر گریوس کے قریب آئے اور کانون مین گرمجوشی کے ساتھ گفتگو کرتے اور چہرے کی رنگت بدلی ہوے آگے بڑھتے۔ جیسے ہی کہ قیب رڈکن کی ہرورسے آنکھ کا مقابلہ ہوا پولی نے بازو پکڑ کر کہا "کپتان ہرور یاد رکھو آج تمکو میرے ساتھ شب کو ناچنا ہوگا۔ مین نے تمھارا نام اپنے کارڈ پر لکھ لیا ہے"

"پیاری پولی خوشی کے ساتھ۔ لیکن کیون"

"اوس انگوٹھی کا انعام دینے کو جو تمنے مجھکو دی ہے۔ اور پھر کیونکہ مین چاہتی ہون کہ ڈکی تم سے حسد کرے"

"ڈکی ریوس کبھی مجھ سے حسد نہ کریگا"

"کیونکر"

"مجھکو وہ بالکل بڈھا خیال کرتا ہے"

"نہین وہ ایسا نہین خیال کرتا۔ ٹھہرو۔ اوسوقت تک انتظار کرو کہ جب تک تم اپنے ہاتھ ایک مرتبہ میری کمر مین ڈالو۔ گو یہ لمبا ہاتھ دو دفعہ ہی کے واسطے کافی کیون"۔

"پولی تمھاری کمر بہت پتلی ہے! کپتین معاملہ کیا ہے۔ کیا
آگ لگی۔ یا ہندو مسلمانون مین کوئی بکھیڑا ہوا۔ ہر ایک
شخص مشوش معلوم ہوتا ہے"
ایک زرد اور پریشان مجمع لیڈیون کا جنرل کی گرد جمع
ہو رہا تھا کہ جنھون نے نہایت تشویش ناک آواز مین
کہا "کنٹونمنٹ کو صاحبو چلے جاو۔ ایک لحہ بھر کی دیر
نہ کرو۔ اپنے آدمیون کو مسلح کرو۔ میرٹھ کی دیسی فوج
نے بلوہ کر دیا ہے۔ اپنے افسرون اور ہر ایک عیسائی
کو جو سامنے آیا مار ڈالا اور ایک گھنٹہ کے اندر باغی
فوج دہلی میں داخل ہو گئی"
پادری صاحب نے زور سے کہا "میری لڑکیو۔ اسے
میری لڑکیو۔ تمھین معلوم تمھارے واسطے کیا مصیبتین
لکھی ہوئی ہین۔ خدا تمھاری مدد کرے اور محفوظ
رکھے۔ مین ایک کمزور اور بڈھا آدمی ہون ایک تھوڑے
سے عرصہ مین تم وہان ہوگی کہ جہان کوئی نہ تو شادی
کرتا اور نہ شادی کرتے مین بلکہ مثل فرشتون کے
رہتے ہین" مثل دوسرے والدین کے کہ جنھون نے
یہ سُنا یہ غریب بھی ہاتھ افسوس اور رنج مین ملتا تھا

تیئسوان باب ۲۳

میرٹھ سے خبرین

وہ خبرین کہ جو کہ جو زخمی افسر میرٹھ سے لائے اون لوگون
مین کہ جنکے کان تک گئین تشویش پیدا کرنے کے واسطے
کافی تھین۔ دہلی سے ۴۲ میل کے فاصلہ پر میرٹھ کا
قصبہ اور شہر ہے کہ جہان کیٹ اور ملن متعین ہو گئے
چند روز گزارنے کے قبل ریلوے پر سوار ہونے اور جہاز
پر کلکتہ کو جاتے وہسے تھے۔
یہ شہر بہت بڑا اور خوبصورت ہے لیکن تیمور کے غدر اور
غضب نے بہت کم دلچسپی کے مقامات کبھی باقی چھوڑے کیونکہ واسطے
سوائے چند مسلمانون کی قبرون کے چھوڑ دیئے ہین کہ جنمین
ایک خوبصورت مقبرہ ہے کہ جسکا نام آرام گاہ ہے۔
جنوب کی جانب دو میل پر کنٹونمنٹ ہے جسمین انگریزی
جج و کلکٹر اور دیگر افسران کی کوٹھیان ہین
ڈریگون گارڈ کے چھ سو گورے تھے۔ نصف تو خراب
گھوڑون کے سوار تھے اور باقی پیدل۔ ایک بٹالین
۶۰ رفل کی ایکہزار سپاہی۔ اور ایک بڑی گھوڑ چڑھی
توپ اور چند ریکروٹ۔ لیکن دیسی فوج تعداد مین
کچھ ان سے زیادہ تھی۔ اور خاص ۳ نیٹو بنگال رسالہ ۱۱۔۱۲
بنگال فوج پیدل کی تھی۔ جنکو خیال ہو سکتا تھا
جب تعداد اسقدر قریب ہزار کے تھی کیونکر یہی
فوج بلوہ کر سکتی تھی۔ لیکن جب ۳ رسالہ کے ۸۵ سپاہیون
کو حکم دیا گیا کہ وہ ان کارتوسون کو کاٹین اونھون نے
چھونے سے انکار کیا۔ اور میجر سمتھ کے حکم سے فورا
کورٹ مارشل کیا گیا۔ اور قید سخت ۶ سال سے ۱۰
سال تک کی دی گئی۔ اور اونکے ساتھی خاموشی کے
ساتھ دیکھا کئے اس حکم کی بدولت کہ جسنے اونکو سزا دی
وہ فوج سے تمام عمر کو نکالے گئے۔
یہ واقعہ ۹ مئی کو ہوا۔ اور ہم بتلا سکتے ہین میرٹھ کے
سپاہیون کو دہلی کے سپاہیون سے خفیہ سازش تھی
اتوار کی شام کو کہ جب انگریزی فوجین افسر اور سویلین
اپنے گرجاؤن مین تھے کہ ۱۱ وین اور ۲۰ وین اسوقت
کی پرانی پلٹن تھی اور جسنے بھرت پور و گجرات مین کام
کیا تھا) بلوہ کرنے کے واسطے چھ بجے پریڈ پر فساد کی غرض
سے جمع ہوئے اور بہت سے افسر بہادری اور ہمت کے
ساتھ اونکی طرف دوڑے کہ اپنی موجودگی اور زور سے
بلوہ کو روکین۔ تعصب اور وہ بھی غصہ کے ساتھ ملا ہوا
کہ اون دہمی شکایتون کا ان انگریزون سے بدلا لینے
اونکے دلون مین مشتعل رہا تھا اور جنھون نے پھر بلوہ

پیدا کر دیا باغیون نے حد درجہ زیادتی شروع کی۔
۳ رسالہ نے جیلخانہ کھول دیا کہ جو دو میل کے فاصلہ پر
تھا۔ اپنے سزایاب ساتھیون کو چھڑایا۔ علاوہ اسکے
دو ہزار دو سو دوسرے مجرم چور۔ ٹھگ۔ ڈکیت پولیس
پہراج سب نے ملکر ایک فوج پیدل قائم کی۔ کہ جسکے بعد
دوسرے افسرون کا ذبح ہونا شروع ہوا۔ اور ہر ایک
عیسائی بلالحاظ عمر مرتبہ مرد و عورت کے ان آوازون
مین مارے گئے "کہ فرنگیون کا راج ختم ہو گیا۔ اور اقبال
کی صدی ختم ہو گئی۔ کیا ہمارے پیغمبرون کی کتب مین لکھا ہوا
نہیں ہے کر دین!" پھر وہ سنگین اور بندوقون کے
کندے بھالے اور بہت خوفناک ناواجبی کام کر دیتے تھین
خوفناک خرابی کی حرکات ہوتی تھین۔ غریب لڑکیون کے آگے لڑکے
کئے بیانی علیحدہ علیحدہ پھینکے جاتے تھے۔ اور اونکے سر اونکے
والدین کے سامنے توڑے جاتے تھے۔ قبل مارے جانے کے
بار بار عورتون کی بے عزتی کیجاتی۔ یا انگلیون سے نکالے داغی
جاتین یا تلوار انکے سینون مین تیز کیجاتی۔ اور ہر ایک
ترکیب ظلم کی کیجاتی جو مشرقی ذہن سے نکل سکتی تھی۔
اسوقت عرصہ مین دوسرے سپاہی اور چھوٹے مکانات اور
بنگلون کی لوٹ مار مین مصروف تھے۔ متفرق رنگو کے
بان آسمان مین اڑتے جاتے کہ جنکی آواز مثل گولون اور
ٹوٹتے مکانات کے ہوتی۔

جس سپاہی نے یہ حال برگیڈیر گریوس سے کہا اوسنے یہ بھی بیان
کیا کہ مین بھیجا گیا تھا کہ اون یورپین کو لاؤن کہ جو
بارگون مین تھے۔ اور جواب مرے ہوئے تھے شائد لاش سے
کچھ فاصلہ پر پڑے ہونگے۔ لیکن جسوقت کہ مین وہان
پہونچا اندھیرا ہو گیا۔ اور مین کنٹونمنٹ اور مکانات جلتے
ہوئے دیکھتا تھا۔

دو نکون کے سپاہی گھوڑون پر سوار ہوئے۔ اور میرے
ساتھ آگے سوار ہو کر بڑھے۔ لیکن شب کو ہوا اسقدر تند ہو گئی
اور اسقدر دھوین اور گھرے سے خراب کہ ہمکو معلوم نہیں
ہوا کہ کسطرف جارہے ہین اور اسطرح سے بہت دیر تک
بہک کر قبل اسکے کہ سڑک دہلی معلوم کرین چلے گئے۔ سر پر
چاند مثل گیس کے لیمپ کے گھرے مین چل رہا تھا۔

بہت وقت نہ گذرنے پایا تھا کہ روشنی پھر معلوم ہوئی
اور پریڈ پر آگئے کہ جہان بہت سی لاشین کرنل وفنس
وغیرہ کی پڑی ہوئی تھین۔ اور وہان ہمکو توپخانہ اور سولہ
کی کچھ کمپنیان منتظر حکم کی ملین۔ سپاہی لوٹ اور مالون
سے پُر دہلی کیجانب آرہے تھے۔

دو مین ڈریگون گارڈ کے ساتھ بھاگا تھوڑے سے توپخانہ کے
لوگ تعاقب مین تھے۔ مگر انمین سے تھوڑون کو
مین نے اوسیوقت مارا۔ مین نے اپنے ہی ہاتھ سے پانچ یا
چھ کو مارا۔ حتی کہ ایک سوار نے ۲ پلٹن سے میرے ایک
گولی ماری اور پھر اونمین سے ایک سپاہی نے جو میرے ہاتھو
سے زخمی ہوا تھا میرے گھوڑے کی لگام لی اور چاہتا
تھا کہ مجھکو اوس سے گھسیٹ لے۔

اس توقف سے ڈریگون کے لوگون کا مجھسے ساتھ چھوٹ
گیا۔ گو مجھکو گولی کی آواز اور تلوارون کی چمک دور سے
دکھلائی دیتی تھی کہ جنھون نے مری لاش کیطرف
گولیان چلائین کہ جسمین خیال کیا جاتا تھا کہ باغیون نے
اپنے تئین پوشیدہ کیا تھا لیکن کوئی شخص نہین مرا
کیونکہ لاش کے پاس کوئی نہین تھا۔

دو اب باغی تیز چال آرہے تھے۔ بس ہم نے شب کے حملے سے
بچانے کے واسطے کمانڈر نے فوج طلب کی۔ حالانکہ
مین جلال آباد کی طرف چکر لگا کر اور گھوڑے کی طاقت پر
یقین کر کے ۴ گھنٹہ کامل کاٹھی پر سوار رہ کر میرٹھ
یہان آیا کہ برگیڈیر دہلی کو مطلع کرون کہ دہلی پر خود
حملہ ہوگا۔ بس خدا کے واسطے عیسائی عورتون۔
بچون اور مریضون کی محافظت کرو"

یہ بیان اوس مقام کے سپاہی کا تھا کہ جہان حکام انگریزی کی غفلت اور حماقت سے بہت سے عیسائیون کی جماعت تباہ کی گئی ہے۔ بہادر افسر اپنے ساتھیون کے ہاتھون سے بہت سی نازک۔ بے قصور۔ باعزت انگریز عورتون۔ لڑکیون اور انکی غضبناکی کے ساتھ بے عزتی کی گئی۔ اور اپنے بچون کے ساتھ ایک گڑھے مین دفن ہوئین اور یہ کب۔ اجب وہ خدا کی عبادت کیلئے اتوار کی شام کو واپس آرہی تھین۔ ! تیسرا تماشہ اس ناٹک کا یعنی بلوہ فوج بنگال بہت کامیابی کے ساتھ ہوا۔ باغیون نے ایک بڑا کا پڑاو جلا دیا۔ اپنے افسرون۔ اونکی بیویون لڑکیون اور لڑکون کو یوروپین افسرون کی موجودگی مین مار ڈالا۔

اگر یہ غضبناک واقعہ کل میرٹھ مین ہوا تو آج کیا دہلی مین نہین ہو سکتا کہ جہان ہندوستانی مجمع بہت ہین اور یوروپین فوج تھوڑی ہے ؟۔ یہی سوال ہر ایک شخص کے دل مین پیدا ہوتا تھا۔

یہ دہلی کا حال تھا کہ باغیون کی امید تخت طاؤس پہ بیٹھے اوس عجیب شاہی کرسی پر کہ جسکی قیمت دس کرور ۶۰ لاکھ ایک انگریزی تاجر نے اندازی تھی۔ شاہجہان جامع مسجد کا بنانے والا بیٹھا ہوا تھا کہ جسکے محل پر ابھی تک سبز رنگ کا جھنڈا پیغمبر حضرت محمد صلعم کا پھہرا رہا تھا۔

قبل اسکے یہ زخمی میرٹھ کا بھاگا اپنے زخم اور ضروریات کو پورا کر سکے۔ غریب آدھی رات سے زیادہ مردہ تھا تھکاوٹ پیاس اور نیند کے باعث سو گیا تھا اور قبل اسکے کہ سفید عورتون اور بچون کی محافظت کی کوئی تدبیر سوچی جاوے کرنل رڈگن برگیڈیر گریوس کے پاس دوڑا ہوا آیا اور کہا "ایک ابر سفید خاک کا جسمین لوہا چمک رہا ہے میرٹھ کی سڑک پر نظر آتا مشہور پل کی چڑھائی سے اوتر رہا ہے اور اسمین

نہین شک ہو سکتا کہ یہ لوگ باغی ہین اور وہ پھر اب دریائے جمن کیطرف تیرتے رہے ہین"

۲۴ چوبیسوان باب

کیٹ کی شادی کا دن

لینا نے گرمجوشی اور قابل اثر آواز مین ہرور کا داہنا ہاتھ اپنے داہنے ہاتھ مین لیکر کہا "میرے پیارے۔ جیک ہرور۔ ملن کی مدد کرو کہ میرے بڈھے باپ اور بہنون کو اس آفت سے بچا دو۔ بچاؤ اگر تم بچا سکو کیونکہ یہان ہمکو سوائے تمھارے اور ملن کے کسی سے امید نہین ہو سکتی"

"تمھاری محافظت ؟ مین جو کچھ میرے امکان مین ہے کرونگا۔ اور اگر مین تمکو بچانے مین ناکامیاب ہوا تو کم سے کم تمھارے ساتھ جان دے سکتا ہون لیکن معاملات ایسے خراب ابھی نہین ہوئے ہین (لشکر رولی اپنے گھوڑے پر سوار ہو ہم لوگ سوار ہوکر چلین" بریگیڈیر نے چلا کر کہا "صاحبو اپنی اپنی جگہ پر۔ کرنل رڈگن چیف کمشنر کے پاس جاؤ اور اون سے کہو کہ شہر کے دروازے بند کر لین۔ کرنل اپنی ۵۴ وین پلٹن کی دو توپین لیکر فوراً کشمیری دروازے پر جاوین۔ مینار مین عورتون لڑکون کے واسطے بندوبست کیا گیا ہے کہ جہان ہم اطمینان سے نظر رکھین گے۔ کپتان ہرور تمھاری پلٹن اور مسٹر ملن تمھارے بنگال نمبر کے سپاہی۔ لیکن پہلے تم لوگون کو بھی کشمیری دروازے پر جانا ہوگا۔ یوروپین خود مین شہر سے معہ بچون اور مرد بھی ہو ورنہ پھر غریب کہین تھوڑے سے یوروپین مستعدی کی بدولت اپنی جان نہ دین۔ صاحبو جلدی جاؤ تمام وقت نہ کھونا چاہئے۔ مین خدا سے دعا مانگتا ہون کہ کلکتہ کی تاریک کوٹھریون سے بچے رہین اور ہم پھر ایک

ان لوگوں کی سنگینوں سے مقابلہ کریں جو تیرہ پی سکے
[illegible] اسقدر طوفان بلند کرتے ہیں"

پادری ونسٹن نے کہا "جنرل صاحب! کیا ہم نہیں چاہتا
کہ ہم لوگ قبل اس سے کہ اس نئے سمندر میں پڑا سنے
انگلستان کیطرف جائیں لیکن خدا کی مرضی پوری آگئی۔
خدا کی مرضی پوری ہوگی۔ یہ خدا کی قدرت ہے۔"

ہروے نے کسقدر خوشی سے کہا "کچھ کم ایک گھنٹہ میں
ایک سو انگریز سنگین لیے موجود ہونگے"

[illegible] چلایا "جیک اپنی دونالی بندوق جا کر لاؤ تو خدا
کی قسم میں ایکی اڑایا چاہتا ہوں میری گولی نصف
بال کے فرق سے بھی نہیں جاتی"

اوسکا خیال نہ کرکے کہ کیا ہونے والا ہے پادری کی لڑکیاں
جنازے میں جانے کے لیے اپنے گھروں میں کپڑے بدلنے گئیں
[illegible] شاید [illegible] ابھی بیٹے کو [illegible] اپنی تازہ دودھ [illegible]
بوسہ لیا۔ ہروے کے پیچھے گھوڑا [illegible] دوڑایا کہ جو تیز قدم
فوراً [illegible] بازاروں میں پہونچا محل کے [illegible]
ہوا۔ میگزین کے [illegible] پہونچا کہ جہاں ہندوستانی
[illegible] میں بھروار رہا تھا۔ لیکن جیسے ہی کہ [illegible]
سوار ہوئے انھوں نے دیکھا کہ تانتیا رو آدمی
اوسکا پیچھا کر رہا ہے۔

جب یہ سرکاری لین میں پہونچے انھوں نے دیکھا کہ انکی
جماعت کے افسر کہ جو اپنی لیڈیاں بھیج چکے تھے اپنے آدمیوں کو
مسلح کر رہے ہیں ولی اور دوسرے سپاہی جمع ہوگئے
اور ہروے نے شکریہ ادا کیا۔ اوسنے کہا "جوانوں
اپنی گولیاں ڈھیلی کرو ابھی تھوڑے عرصہ میں
ضرورت ہوگی جب تک [illegible] آہستہ ہو کر چلو [illegible]
میں ابھی تمھارے ساتھ ہونگا" اس ارادے
کہ اپنی ان کی عطا کردہ بائبل اور اوسکی تصویریں
وہ اپنے بنگلہ میں گیا اور وہاں دیکھا کہ اسباب

گھر کا نہیں رہا۔ فرح بادشہ نے دن کے واقعات کا
پہلے سے خیال کر لیا تھا اور دوسرے دیسی ملازمین
کے ساتھ ملکر کل کو انکا صفایا کر دیا۔ سوای پنکھے
اور کھانے کی میز کی کچھ نہ چھوڑا۔ حقہ۔ پائپ۔ اور
چرٹ اور منہ نال وغیرہ بھی لیکر چلا گیا تھا

ہروے اپنے آدمیوں سے ملنے پھر پلٹن لین کے سامنے
بڑھا کہ جو لمبائی میں ایک میل سے زیادہ ہوگا جہاں
ہندوستانی فوج سرخ کوٹ پہنے اپنے مکانوں سے
نکل رہی تھی۔

انگریزی افسروں کا خیال نہ کرکے پرساد سنگھ سرجنٹ
۵۳ ویں پلٹن نے کہا "ہاریٹ کی پلٹن ہندوستانی
بٹیا ہو۔ صوبہ دار اپنی کمپنیوں کیطرف دیکھو۔ اور
برہما کی عزت یاد کرو"

سرنگا [illegible] اور شہر کے تمغہ جات لٹکائے ہوئے ۵۶ ویں
پلٹن کے صوبہ دار میجر نے کہا "بالیڈ اور [illegible] کی پلٹن
[illegible]"

[illegible] میں سوائے ایک کے بالکل خاموشی رہتا
اور جب برگیڈیر گریوس اوسکی طرف سے گھوڑے پر
نعرہ جوش کا بچے ہوئے نکلے تو دیکھا تو مشکل دو سپروں کے
کچھ کم بارود [illegible] اور بھاگنے میں نہیں تھے گرمی بعد غروب
آفتاب کے کم نہ تھی۔

مئی کی گرمی کو نہ خیال کرکے ایک چھوٹا سا حصہ مختصر سی
تعداد میں یورپین لوگوں کا کمنڈمنٹ سے نکلا
جسمیں بہت سے اپنے کندھوں پر اپنے بچوں کو سوار
کیے اور بغل میں رکھے ہوئے تھے۔

ہروے بلا خوف کے نہ تھا۔ گو کرنل ہیلی اور دوسرے
بنگال کے افسران لوگوں پر [illegible] کہ یہ راستہ ہی [illegible]
مارے جاوینگے۔ اور [illegible] لیے جاوینگے لیکن

مسجد اور لیڈیو محل ہوکر گذرے۔ قبل اسکے یہ پہونچا کی مسجد پر کہ شہر پناہ سے ایک میل کے فاصلہ پر تھی پہونچ جانے اپنے آدمیون کو روکا کہ وہان دم لین کیونکہ وہ بہت تھک گئے تھے۔ چونکہ انمین تشویشناک حالت مین بہت ہمین ضائع کیا جا سکتا۔ اوسنے حکم دیا کہ آگے بڑھین اور اپنی بندوقون پر ٹوپیان چڑھا لین۔

جیسے ہی کہ یہ لوگ مینار کے قریب پہونچے کہ جسمین لیڈیان اور لڑکیان بھری تھین فوج پیدل کے سپاہیون نے نکل کر کہا "ہم لوگ یہان آگئے"

یہ جیک کے حکم سے اعتبار پیدا کرنے کی غرض سے کہا گیا تھا ان چند لوگون پر بہت سے عیسائی لڑکیان اور لڑکے اور مائین محافظ کے طور پر نظر کر رہی تھین انکے ساتھ بہت سے ہمراہیان کمپ اور دوسرے ہندوستانی تھے کہ جنمین حافظ فلاح الدین بھی اپنا آہنی چمچا اور سانپ لئے موجود تھا۔ اور بہت سے ہندو فقیر خصوصا گنگارام جو کالا زبان نکھاتا یا سر نیچے کرکے پیر اوپر کرتا اور بدن پر مٹی اور دھول مل رہا تھا۔

احکامات کے لینے کے واسطے جیک ہیرور کشمیری دروازے پر ٹھہرا کہ ایک لمبا طاقتور وحشی اور غضبناک صورت کا انسان گھوڑے پر سوار پرانی وردی پہنے سفید پگڑی باندھے ایک تلوار لئے شہر مین گھوم رہا تھا نظر آیا یہ شمس الدین تھا جسنے کرنل رایس کے یہان سے چوا کر ایک گھوڑے پر سوار ہی اور اب پرانے ساتھیون سے ملنے گیا۔

باغیانہ حملہ کرتا اور نعرہ مارتا وہ دریا کی طرف فوج کو پکارتا تھا کہ جہان یکایک اوسکا کرنل رڈکن سے مقابلہ ہوا کہ جو چیف کمشنر کے مکان سے جو شہر سے ایک میل بھر پر واقعہ تھا سرکاری کام کیے واپس آرہے تھے۔

کرنل نے اوسکو پکارا کہ ٹھہر اور ہتیار رکھ بجاے تعمیل حکم شمس الدین نے ایک گولی ماری کہ جسنے رڈکن کے گھوڑے کو زخمی کیا۔ بڑی زور شور کی چیخون کے ساتھ یہ کرنل کے گھوڑے کے گرد ننگی تلوار لئے گھومنے لگا کہ ستارے کے اوپر سے [illegible] تولون کے [illegible] کی آواز آئی۔ اسمین لینا بھی تھی کہ جسنے اپنی [illegible] رڈکن کو بچایا تھا۔

[illegible] تلوار سے اپنے [illegible] دانت کٹ کر [illegible] نے بچا رکھا تھا۔ اور جیسے ہی کہ رڈکن کا زخمی گھوڑا گرا اور غضب یہ تھا کہ تھوڑی لاش اوسپر تھی ایک نعرہ افسوس کا بلند ہوا! افسوس رڈکن گیا اور اوسکے اور ہیرور کے درمیان رقابت کا اب خاتمہ ہی ہوا۔

زور سے نعرہ مار کر شمس الدین نے اپنی تلوار کشمیری ٹیک کیجانب چمکائی اور کہا "دیکھو فرنگی مین کیا کر سکتا ہون"

ہیرور نے اپنی بندوق تو فل ریڈر دیتا۔ کسقدر فاصلہ پر ہوگا۔ کوئی چھ سو گز"

"جناب مین بھی یہی خیال کرتا ہون"

ہیرور نے بندوق اپنے گھوڑے پر رکھ کر شمس الدین کے گھوڑے کے گولی ماری یہ ضرور سر پر لگی ہوگی کیونکہ یہ بے تاک کا آدمی اوسی وقت زمین پر سر کے بھل گرا اب رڈکن اپنی ٹانگ گھوڑے کی لاش سے نکال رہا تھا کہ جیک نے کہا "شیطان یہ کیا سمجھتا ہے کہ مین کسی نشانہ اور کبوتر پر گولی مارتا ہون"

لیکن ایک لحظہ کے بعد وہ اپنے گھوڑے پر سوار ہوا اور اوسی پریشان باغی سے مقابلہ کو گیا کہ جسکا ہتیار اوسکے ہاتھ سے گر گیا تھا۔ اور اس تازہ گولی سے کسیقدر پریشان ہوگیا تھا اگر ہیرور نہ پہونچتا تو رڈکن کے ٹکڑے ٹکڑے ہوگئے ہوتے۔ ہیرور کو دیکھتے ہی غل مچا کر شمس الدین کسی باغ کی دیوار پر چڑھ گیا اور اسطرح سے گم ہو گیا

کرنل کو ۔ ۔ وقت کہ اوسنے سانس لی جیسی ہی کہ دونون کشتیہ کی دروازی کی طرف خاموش بڑہے کرنل کو شاید بیچ اور جسقدر تسلی ہوئی معلوم ہوئی کیونکہ وہ شاید اپنی زندگی کیواسطے سوا ہرور کی ہندوستان کے کسی انگریز کا مرہون ہونا پسند کرتا ۔

جیسے ہی کہ آہستہ آہستہ رڈکن اور جیکب آگے ... کہا خدا قسم خدا کی ... آج ایک بہت عمدہ بات کی ؟

کرنل ... گریوس سے کہا جسوقت آپ آجکی ... جنرل ... گے مجھے یقین ہے کہ ... لکہین گے ... اپنی زندگی کو ... ہون ... اور یہ نہیں جانتا ہون کہ ایک شخص ایک بہت تہوڑی سی بات پر وکٹوریہ کراس پا گیا تہا ۔

اب کرنل اپنے ہوش وحواس مین آیا اور عادت کے موافق مسکرا کر کہا میری داہنے ہاتہہ مین جو زخم بارکپور مین لگا تہا اوس باعث [illegible] اپنا گہوڑا روک سکا ورنہ مین اوس بدمعاش کو ایک عمدہ سبق سکہاتا مین خیال کرتا ہون سوا تہا ۔

ہرور نے (ہنسکر) کیونکہ گو رڈکن قد آور وجیہہ جوان تہا لیکن کسیطرح سے شمس الدین کے مقابل کا نہین کہا ۔

„مہرشتہ کا بہاگا ہوا ایک باغی“

قبل اسکے کہ برگیڈیر رڈکن کو جواب یا ہرور کو مبارکباد دیکر سکین اونہون نے بڑی دوربین سے جو ہاتہہ مین لئے ہوکر تہے دیکہا کہ ایک گولہ شہر پناہ کے قریب سے ہوکر گذرا کہ جسکا جواب ایک دوسری طرف سے دیا گیا اور بہت سے جوان پریشان جمنا کی طرف سے کشتیون کے پل سے آرہے تہے کہ جس سے جمنا کے اوس پار لوگ آتے جاتے ہین اور شہر پناہ کے جنوب جانب گہوم کر ایک راستہ وہانسے چاندنی چوک کو ہے ۔

سفید بہوری پوشاکین زرد گوش پہنے یہہ خون سے آلودہ سپاہی ... رسالہ کے تہے جو اپنے اور دوسرے بہائی باغیان سے کہ جواب مہرشتہ کی سڑک سے بڑہکر آرہے تہے بڑہ آتی تہے اونہون نے آتے ہی بہت سے اون مسافرون کو مار کر جو ڈاک بنگلہ سے دہلی کو آرہے تہے اور اس خیال سے کہ اونکا خیر مقدم ہوگا ۔ چمکتی ہوئی تلوارین لیکر شاہی شہر دہلی کے سامنے لائے ۔

کشمیری شہر پناہ ہی تک آگئے تہے اسواسطے دروازے شہر کے بند ہوگئے تہے ۔

جنرل ... نے ... کپتان لی ... ہرور کو سینا مین لڑکیون اور عورتون کی محافظت کے واسطے بہیجا یہہ عورتین بچے مثل پریشان شخصون کے ایک مکان مین بند کر دیئے گئے تہے ۔

رڈکن ریوز بہی جو ... رسالہ سے رخصت پر تہا کیٹ ۔ مینا اور ولی اور بیچ تسلی کی لڑکیون اور جسقدر دوسری لوگون کو پادری صاحب کی گاڑی مین بہر سکا لایا ۔ ڈکی بہت تشویش مین تہا ابہی لڑکا تہا اور وہی لڑکپن کا جوش موجزن تہا اور کے سامنے ؟ بہت سی لیڈیون کے ۔

اول سوال اسکا یہہ تہا کہ پہانسی ہرور اوسکو کیون دیتے ہو دونالی بندوق کہان ؟“

„قبل اسکے کہ مین وہان پہونچون میرے بنگلہ کے بدمعاشون نے بالکل میرے اسباب کی چوری کر لی اور سوائے سادہ دیوارون کے کچہہ نچہوڑا“

„تو پہر مین تمہارے سپاہیون کی معمولی بندوق لیکر شریک ہونگا چاہے کچہہ ہو قسم خدا کی مین تہوڑون کی تو تانگین ضرور توڑونگا“

„مین خوف کرتا ہون ریورس قبل برسات کے ہمکو بہت شکار نصیب ہوگا آج شب کو ایک بہت بڑا تماشا دیکہین گے“

ہرور نے دریافت کیا "پولی اور پادری صاحب کہان ہین"
لینا نے یکایک افسوس اور خوف سے بھری آواز
مین کہا "کیا تم نہین جانتے"
"نہین مین ابھی لاین سے آیا ہون کیا وہ یہان
نہین ہین؟"
آنسو بھری آنکھون سے کیٹ اور لینا نے دونون
گلے ملکر کہا "خدمتگار اسم اعلی نے ہملوگون سے کہا تہا
کہ وہ گھنٹہ بھر کا عرصہ ہوا کہ اسطرف کو چلے
تہے اور ابھی تک نہین آئے نہین معلوم کیا افسوس
مصیبت اون پر آئی؟ کہان وہ ہونگے؟ کیا
ہم کرین گے؟ میرے پاپا میرے باپ ہماری
پیاری پولی"
ہرور نہایت پریشان اور رنجگین تہا اور نہین
جانتا تہا کہ کیا کرے"
ریورسن نے زرد رنگ ہو کر کہا "وہ ان لوگونکے
کہین ہاتھ تو نہین پڑے"
ہرور نے جلدی سے جواب دیا "ڈ کی غیر ممکن
سڑکونپر دیسی فوج پیدل کا قبضہ ہے شاہ دہلی کے
لوگون کا کہ جو بلی سنگہ کی ماتحتی مین ہین - تمہارے
پاپا یقین ہے کہ راستہ بھول گئے ہونگے اور انہون
نے کپتان ڈگلس یا مجسٹریٹ کے یہان پناہ لی
ہوگی"
کیٹ نے پریشانی سے کہا "مجسٹریٹ کے یہان"
لینا نے عاجزی کی "اوجاو تلاش کرو جاو - جیک
اے میرے پرانے ملاقاتی دوست جاؤ"
"غیر ممکن لینا - تم مجھسے ایسی بات کی خواہش کرتی ہو
کہ جسکی مین جرات نہین کر سکتا"
"دو میرے واسطے بھی جرات نہین کرسکتے"
"دو مین نہ ملن اور نہ دوسرا کوئی ہم مین سے جگہہ پر سے
ہل سکتا ہے"
"کیون"
"بلا حکم - اس مینار کے پہاٹک بند ہوگئے ہین اور میری
نوکری ہے کہ یہان تمہارے پاس اور اپنے سپاہیون
کے ساتہہ رہون - یہہ کہکر ملن کو چہوڑکر کہ یہہ ان
دونون کو تسلی اور دلاسا دے - ہرور اپنی پلٹن کے
آدمیون کو حکم دینے کو بڑہا"

پچیسوان باب

پولی کا کیا ہوا

جب اوسکی لڑکیان آنسوون سے بھرین جلد جلد اپنی
بہادری کا نقشہ تبدیل کر رہی تہین ابھی تک تو
شادی مین اپنے حسن وجمال سے گہائل کرتی
تہین اب کسیقدر سنجیدہ اور وشوار بہادری کا
موقع آیا وہ اپنے جسمون مین ایسے جواہرات
اور قیمتی اسباب اوس مصیبت سے
آگاہ ہوکر کہ جو آنے والی تہی چہپا رہی
تہین - پادری صاحب نے اپنے
خدمتگار کو چہتری لیکر بلایا کیونکہ
اسوقت آفتاب کی بہت حدت تہی
اور سڑکون کی طرف زیادہ
حالات اور خبر دریافت کرنے
یا اپنی محافظت اور شہر کے
بچانے کی تدبیر سوچنے کو آگے
بڑہے -
لینا نے کھڑکی سے آواز دی
تہی "میرے پاپا پاپا ہوشیار رہو
ہوشیار رہو -
مین منت کرتی ہون کیونکہ سڑکین باغیون
سے بھری ہوئی ہین"

پادری نے اوسکی طرف ہاتھ بلایا اور بلا اس خیال کے کہ یہہ آخری وقت ہے کہ وہ اس پیاری آواز کو سُن رہا ہے آگے چلا گیا۔

بہت سے ہندوستان کے انگریزون کے گہرون مین وہی مصیبت آئی کہ جو اب اس شریف بڑے پادری پر آپڑی تہی کہ جسکو دل ہی خیال کر سکتا ہے لیکن کوئی قلم نہین بیان کر سکتا۔

اوسنے اپنی تین لڑکیان دیکھین۔ سیاہ آنکھون والی خاموش لینا۔ حسین دوشیزہ کیٹ سنہری بالون والی اور ننھی پولی کہ جو روز بروز مثل پہولون کے اوسکے گرد حُسن۔ نیکی۔ محبت بھلائی مین بڑہتی ہر ایک کسی بھلے مانس کی تاج ہوتین۔ کیونکہ یہہ خوش اور نیک دل لڑکیان تہین ایسی لڑکیان کہ جنکے پیدا کرنے مین برا انگلستان کو فخر تہا۔ ان لڑکیون نے پادری کے دل کو خوشی سے بہر دیا تہا اور خصوص اس باعث کہ ہر ایک ان مین سے اپنی قدرتی فریفتہ کرنیوالی خوبی پر قانع اور اب اپنی پوری جوانی مین تہین معلوم کر کس مصیبت کی منتظر تہین پادری نے میرٹھ کی لیڈیون کا خیال کیا کہ اوسکا خون ٹھنڈا ہو گیا۔ لینا۔ کیٹ اور پولی اس سے کیا ان وحشی لوگون کے ہاتھ سے نہ برداشت کرین کہ جو موت ستم اور آفت مین بڑہ رہے ہین۔ اپنے دل مین دعا مانگی اگر یہہ نہ بچ سکین تو موت اون دونون کو ساتھ ہی لے اور وہ بخوبی واقف تہا کہ اوسکو اب بہت سال زندہ رہنا نہین ہے لیکن اوسکا دل بیٹیون کے واسطے اوڑا چلا آتا ہے اپنے واسطے نہ تو اوسکو خوف تہا اور نہ افسوس کیونکہ واقف تہا کہ چاہے جوان آدمی مرے لیکن بڈہے کو ضرور مرنا چاہئے لیکن یکایک موت سب کے واسطے اوسنے مصیبت مین مانگی ہے چارون جانب اون سڑکون پر کہ جنسے وہ ہو کر گذرا آفت و رنج و افسوس پہیلا ہوا تہا خصوص سب سے زیادہ چاندنی چوک مین کہ جہان بہت سے قیمتی جواہرات اور اسباب کے بیچنے والے رہتے تھے اور اسی نام کی ایک بازار ہندوستان کے ہر ایک شہر مین ہوتی ہے۔ کوئی نہین جانتا تہا کہ کیا ہوگا۔ لیکن جو لوگ صاحب جایداد تھے اونکو خوف تہا کہ وہ لُٹنا چاہتے ہین کیونکہ ہزارون مجرم قلی۔ بہشتی۔ چپراسی۔ سائیس اور دوسرے ذلیل فرقہ جو خوشی کے ساتھ منتظر تھے کہ کسیطرح سے عملداری مین تبادلہ ہو باغیون مین شامل ہو گئے تھے۔ افسر گہوڑون پر سوار ادہر اودہر چکر لگا رہے تھے اور فوجی قواعد کی مدد سے وہ لوگ باغی انہین اسقدر ڈر تہا کہ اوسنے چند پلٹنون کو حد موقعون پر کہڑا کر دیا تہا۔ کپتان ٹیٹلر اور دوسرے انگریز اپنے بچون اور لڑکونکو لیئے کشمیری دروازے کی طرف جا رہے تھے۔ انہون نے چلا چلا کر پادری صاحب سے کہا کہ ہرگز بیٹیون کو بچانے مین دیری نکرین۔

اپنے مکان سے ایک میل کے فاصلہ پر سنٹ جیمس چرچ اور اسکولون کے پاس سے خوف کہا کر پادری صاحب لوٹے۔ لیکن ایک بہت بڑا مجمع شور مچاتا وحشت اور اُجڈپن کی حالت مین انکا راستہ روکتا ہوا آیا۔ اسکے درمیان مین ایک ہاتھی تہا کہ جسپر سرخ جہنڈا لگا ہوا تہا اور ہودہ مین ایک سیاہ فام ہندو فقیر تہا جو تبہ ہاتیون کے پاس عرصہ تک بیٹھا رہتا تہا۔ یہہ مذہبی دیوانہ اپنی گفتگو سے اور وہین سننے والون کو بہڑکا رہا تہا۔ اور آگے بڑہنے والی وحشیون مین اونکے ہتیار اور چاقو نظر آ رہے تہے۔

اس شور مچانے والی مجمع کو دیکھکر پادری بہت گھبرائے
اور خود کہاکہ اب ضرور مارا جاؤنگا اور زخمی ہونگا۔ اپنے
خدمتگار کیطرف نظر کی خدمتگار نے بتلایا کہ اوسکے واسطے
سب سے محفوظ ذریعہ یہہ ہے کہ محل سرکاری کی سامنے
ہوکر گذریں جہان کوئی شخص اونکو نہین مار سکتا۔
کسی نئے خیال کے ذہن مین آنے پر خدمتگار نے جھجھک کر
کہا " صاحب مین آپکو سلنگ ڈو قلعہ کے پشت سے چھوٹے
راستہ سے لیجا سکتا ہون اور اس راستہ سے ہملوگ
جان سے بچ سکتے ہین "
پادری نے جواب دیا " شکریہ میرے پیارے آدمی تو ہمکو
اب وقت نہ کھونا چاہیئے۔ مین اپنے تئین تمہاری
رہنمائی مین سپرد کرتا ہون "
پادری کو اس حصہ شہر کا بہت کم حال معلوم تھا اس باعث
بعد کو معلوم ہوا کہ جو راستہ خدمتگار نے بتلایا ہی وہ سوائے
جمنا کے جانے کے کوئی دوسرا نہین ہے۔ لیکن یہہ لوگ
مشکل سے ۲۰ گز بڑھے ہونگے کہ یکایک ایک مسلمان
درویش سے کہ جسکے ہاتھہ مین لوہے سے مڑھی ہوئی
لاٹھی تھی مقابلہ ہوا لیکن حافظ فلاح الدین یون ہی اپنے
مقابل پادری فرنگی کو چھوڑکر نہین جانیوالا تھا۔
موقع نہایت عمدہ کھونے کے قابل نہ تھا۔
پادری نے فضول کوشش کرکے کہا " سلام "
حافظ نے منہہ بناکر ایک غضبناک ہنسی سے نفرت سی ہٹ کر
اور دلی مسرت سے کہاکہ اوسکو ایک موقع جھوٹے مذہب
کے واعظ اور پاک جگہون کے خراب کرنے والے سے ملا ہے
اور خصوص اوسوقت کہ جب سبز جھنڈا پیغمبر اور طلائی
چھتر مغلون کا محل دہلی مین لہرانے والا ہے۔ جواب دیا
گیا " سلام صاحب "
پادری نے خوف کھاکر اور اپنی حالت کا اندازہ کرکے کہا
کیا آپ مہربانی کرکے مجکو اجازت دینگے کہ مین آگے بڑھون
مین اپنے گھر پھر جانے کے واسطے جلدی مین ہون۔ اور اگر
روپیہ کی ضرورت ہو تو یہہ سونے کی اشرفی ہے "
" مین بھی کنٹونمنٹ مین پہونچنے کیواسطے جلدی کر رہا
ہون۔ وہان کنٹونمنٹ مین پہونچنے کو کیونکہ یہہ
اور دیگر مقامات سے کہ جہان ابو کی قبر ہے جو تم
فرنگیون کو ایک غضبناک سبق پڑھا وینگے لوگ
آرہے ہین "
" مین نہین سمجھاکہ "
" وہ نمک کہ جو جنگ پلاسی سے سو سال ابد تک نئے
کہا یا ہے وہ سب اب زمین مین ملایا جاویگا۔ یہہ
آپ سمجھیئے قبل اسکے تم لوگ دعا مانگو کہ پہاڑ تمہارے
اوپر گرین اور تمکو غارت کرین یا زمین شق ہو اور تم
گھس جاؤ یا کہ دریا کی بالو گرم ہو جائے اور تمکو تو لیجائے
لیکن یہہ فضول ہے چونکہ تم لوگون کے ہاتھہ پیر
کاٹے جاوینگے اور اس بدلی کی تلوار سے ایک نہ
بچیگا کہ تمنے ہمارے مذہب اور آزادی کو خراب کیا ہے "
" تم میرے بھائی غلطی مت کرو "
" نہین کیا مین تم کافرون اور گستونکا بھائی ہون "
" تم غلطی کرتے ہو اور جن لوگونکی تمہاری سی رائے
ہے وہ غلطی کرتے ہین۔ میری لائق دوست ہماری
ہرگز خواہش نہین ہی کہ کسی کے مذہب مین دست
اندازی کرین اور پھر کم سے کم مین کہ جسکی سفارت یہہ
ہے کہ سبکو سکھلاؤن کہ ایک دوسرے سے محبت کرو
امن وامان سے آپس مین رہو اور اوسی کے ساتھہ
یہہ بتلانا کہ کسطرح سے انسان کا اخلاق اور اوسکا
چال چلن شریفانہ ہو سکتا ہے۔ تمکو ہزارون
راستے دماغی ترقی کے بتلانا اور ایک دوسرے سے
محبت کرنا بتلایا ہے "
غریب پادری نے وہ تئین اچھا جسقدر وعظ دیتا لیکن سب فضول تھا

درویش نے لاٹھی گھوما کر کہا "کیا پادری صاحب جھوٹے ہین؟ کہ زبان کے بھل جہنم مین ٹانگے جاوینگے ایک جھوٹا اور اوسکے ساتھہ جھوٹے مذہب کا پھیلانیوالا - کیا مجھسے کہیگا کہ انگلستان کی ملکہ نے شاہ روم و جنرل نپولین کی آنکھونمین خاک نہین ڈالی اور کیا اوسنے کلکتہ کے بڑے لارڈ صاحب سے سازش نہین کی ہے کہ کل [illegible] مسلمانونکو عیسائی بناویکر جو کا فرمذہب ہے"

بدقسمتی سے پھر پادری نے کوشش کی کہ اسکے نیچے سے چھٹ جاوے لیکن اس وحشی کے باعث آگے نہ بڑھ سکا جسنے کہا "زمینداران اور وہ ایک لاکھہ سپاہی بھرتی کر سکتے اور یہہ اکیلے جب مہاراجون - راجپوت سرداروں اور تعلقدارون کے تحت مین ہونگے تمکو دریائی گنگ مین بہا وینگے اور کل ہندوستان کے مقابلہ مین اور مٹھی بھر انگلی کے ہے تاہم اوسکے الحاق کیوجہ سے تمکو فرنگیون کو سخت قیمت دینی ہوگی"

پادری نے کہا "افسوس مین اوسیطرح سے معصوم ہون کہ جسطرح سے تیمور کے مظلوم تھے مین امید کرتا ہون کہ وہی آفت اب پھر نہ آویگی جو دہلی مین ایک مرتبہ آئی تھی"

پھر درویش نے کہا "کیا صاحب جھوٹے ہین کیا آپ اس سے انکار کرینگے کہ لارڈ صاحب کلکتہ والے اور کمپنی ملکر یہہ چاہتی ہین کہ قابل اور پاک رومیونکو مارین اور ہمارے مسلمان اور اونچی ذات کے برہمن سپاہیونکو رشوت دیکر سور کی چربی کے کارتوس کٹوا کر بدھرم کرین بہت سے لوگ گولی کے منہ سے ایسے فعل کے کرنے کے قبل مارے گئے اور بہت سے مرینگے لیکن آثار کل ملک مین پھیل گئے ہین اور مسجد سے مسجد گانون سے گانون شہر سے شہر بارک سے بارک خبر گئی ہے اور اب زمانہ آگیا ہے کہ جب موافق پیشین گوئی قرآن شریف کے فرنگی غارت ہونگے وہ لڑکا بھی کہ جو اپنی ماں کی چھاتی مین دودھ پی رہا ہوگا"

یہہ کہکر اسنے زور سے چیخ مار کر اپنی لوہے سے جڑی لاٹھی پادری کے سر پر ماری جو بدبخت پادری کے سر پر بہت زور سے پڑی جس سے وہ خون سے شرابور گرا درویش خدمتگار سے مخاطب ہوا "جلدی جا قبل اسکے کہ قتل عام شروع ہو یہان ایک پادری کی لڑکی لا اور اگر ممکن ہو بھوٹی اور اون عورتون اور بچونکو سے [illegible] جو [illegible] مین [illegible]"

محل سے [illegible] [illegible] [illegible] وہ ہوش و حواس [illegible] پادری کو [illegible] زرد چہرہ اور سفید بال [illegible] خون مین شرابور تھے [illegible] کر راستہ مین چٹان پر [illegible] خدمتگار نے تب [illegible] انگوٹھی اور [illegible] لی اور جلدی ایک لڑکی [illegible] گیا اور ظالم درویش نے کہا "مین آدہ گھنٹہ تک تنہا یہان انتظار قبل سپاہیوں کی پلٹن آجانے کے کرونگا کہ جہان میری اشد ضرورت ہے -"

بدمعاش خدمتگار فوراً پادری کے مکان پر پہونچا کہ جہان اوسنے دیکھا کہ بڑی لڑکی ڈرکی ریور س سے مشغول ہے اور بیگ مین قیمتی اسباب بند کر رہی ہے اور پولی ادھر ادھر پریشان ڈرائنگ روم مین گھوم رہی ہے گویا کہ وہ واقف تھی کہ کیا اب بچانا ہے اور کیا نہین اور اب [illegible] سے سلام جھک کر اور ہاتھہ جوڑکر ٹوٹی پھوٹی انگریزی مین ا"اوس پولی"

"کیا ہے کیا ہے کیا چاہتے ہو اسم اعلی"

"تمہارے پاپا پادری وسٹین صاحب"

"اچھا تو پھر وہ کہاں ہین"

"اوس پولی مس پولی بہت ہی خوف"

"کیا خوفناک پاپا کہان ہین؟"

"باہر دور نہین - وہ تمہین بلاتے ہین صرف اسیقدر"

"دو کیا وہ مجھے بلاتے ہین - کیا کہتے ہین"

"دو وہ بیمار ہین بہت بیمار لیکن وہ تمکو بلاتی ہین آؤ میرے ساتھہ آؤ"

تھا شام ہوگئی تھی۔ تاہم کیٹ کو اس خوف سے کہ کہین کوئی
پہچان نہ لے بیہوش بننا پڑا جیسے ہی یہ سڑک سے بڑھے
چینی کے برتنون مین شربت کے بیچنے والون مشہور
مٹھائی بیچنے والون۔ بنیے ہندون تنباکو بیچنے والون
اور چینی کے بیچنے والون سے گندے بعض مرتبہ کیٹ طرف
کہ جواب اوسکا نام ہونا چاہیے اپنا دل بہت چور پایا۔ اوسکے
کانون مین گانے کی آواز آئی خوف طاری تھا۔ شک و شبہ
تھا کہ کہان وہ جاوے گی اور کسکے ساتھ یہ وقت تھا کہ
جب کسیقدر اوسکی سمجھ تھی اوسکی عقل وغیرہ کی خراب کرنیے
والی تھی۔
ان خیالون سے اوسوقت جاگی جب اوسکی لاش زمین پر
رکھ دی گئی۔ اور ہندوستانی مین اوسکے گرد گفتگو
ہونے لگی پارسی کشمیری دروازے پر پہونچ گئے تھے اور
گارڈ کے حولدار نے کہ جو ہر وہین پیش سے تھا اس لاش
کے نکلنے مین حجت کی۔ کیونکہ مسلمان اور ہندو مین قدرتی
نفرت تھی۔ اور ایک ایسے اندھیرے مین اونکو بالکل اختیار
تھا کہ وہ آپسمین فساد کرین اور صاف ظاہر کرین کہ کسطرح
سے دل سے وہ دونون آپسمین نفرت کرتے ہین۔
حولدار نے حقہ چھوڑ کر پوچھا "تم کیا لائے ہو"
"وہ سلام صاحب اپنے گھر کی ایک عورت"
"سلام تمکو بھی۔ کیا مردہ"
"وہ ہان ورنہ یہان کیون آتے"

"اچھا مجھکو اوسکا چہرہ تو دیکھنے دو"

عقب اور آفت کے چہرے پہ گران پا سیون نے اوس دیسی افسر سے کہ جو کرنل کی پوشاک پہنے ہوے تھا عاجزی کی۔ اور جسنے بجاے ہمدردی کے برعکس حقارت سے انکو کافر اور بت پرست کہا"

شہر باکر اور حولدار نے اوسپر لشان کرنا شروع کیا۔

"اگر وہ مرگئی ہے تو مین بلا کسی جرم کے اوسکے جسم پر تلوار لگا سکتا ہون کہ جس سے جو کچھ تم کہتے ہو اوسکی سچائی کا اعتبار ہوگا"

"یہ ایک چیز ہے ذرت کی امانت! مردہ کی اہانت و بے عزتی!"

"ہان ایک بت پرست کیا تم کہ جو ان کو اپنی لاش نذر نہین کرتے اور کیا وحشی چڑیان تمھارے اعزا کی لاشین نہین کھاتین پھر ایک مسلمان کی صاف تلوار سے کیا ہرج ہے"

اوسنے اپنی تلوار گھومانا شروع کی۔ اور بہت سے لوگ جمع ہو گئے"

"اے صاحب (ایک دیسی کرنل کیطرف دیکھکر) اس پروانہ کو تو پڑھیئے کہ جسپر کوتوال شہر کے مہر و دستخط ہین"

"کیا تمھارا مطلب عاصم علی خان سے ہے۔ کہ جو ہمارے پلٹن مین ہین۔

"نہین جی"

"پھر کسکے دستخط ہین"

"کوتوال آغا حسن کے"

"تو بہت تعجب اور بت پرست دونون ہی آغا حسن آج کو توالی کے سامنے توپ پر رکھکر اوڑا دیا گیا"

"کیا بیہودہ اسکو پھاڑ ڈالا"

"... دیا"

"تمھیں ... ... توپخانہ سے"

"اور ... ..."

"تیرے ... سے ... جرم کافی تھا کہ ایک گوری لڑکی کو چھپا

تھا اور مرزا مغل سے اوس بابت ایکبار اشرف خان نے تحقیق

"یہ فرنگن جج مسلی کی بیٹی تھی"

"اے چشمہ روشنی کیا یہ سچ ہے"

"ہان بس پیادہ عاصم علیخان آجکل کوتوال ہے"

محسن نے اپنے اور کیٹ اور اپنے احباب کی جان کا خوف کھاکر کہا "لیکن مری لڑکی کو گول گو تم مین وقت معین پر جانا چاہیئے"

حولدار نے جو شرارت پر کمر باندھے تھا جواب دیا "ہرا نہو تم نہین جب تک کہ ہم نہ دیکھ لین" یہ کہکر اوسنے کسن پھاڑ ڈالا آخر نہایت تعجب اور زور سے کہ لوگ دور سے جمع ہوگئے کہا "دیکھو سفید انگریز کی لڑکی ہے"

چھپا پاسیونکی یہ سب سے عمدہ موقع گرفتاری کا تھا۔ یہ ہندوستانی کرنل تلوار لیکر آگے بڑھا۔ اپنے ... ایک قیدی شکار ظالم اور بیرحم ہندوستانیون کا دیکھکر کیٹ کا خون خشک ہو بالکل جمع تھا۔ اوسنے ایک آواز زبان سے ... نکالی اور ... آنسو انکھ سے بہا۔ گو کہ پرشاد سنگھ کے کمبخت ہاتھون سے کہ جو صوبہ دار ہمارے پلٹن کا تھا پکڑ لیا تھا۔

تینتیسوان باب ۳۳

میرٹھ کے پناہ گزین

اوس شب کے بعد دوسری صبح کو جو کیٹ نے پریشانی اور آفت مین دہلی کی سڑکون اور شاہی جامع مسجد مین صرف کی دیکھا کہ روبی لمن اور جمیل پیرسلی اور جسپہ انگریز پناہ لینے والے شریک میرٹھ پہ شاہ ہرا و ظہور پیدا ہوکر چند گانون سے جا رہے ہین اور وہان سے بیگم آباد کو جہان ایک بہت بڑی سرائے ہے۔

انکی آنکھون سے وحشت برستی تھی۔ اور اونکے دل مین ناامیدی تھی۔ کیونکہ وہ ہاتھون سے چھٹ گئے تھے کہ جنکے

وہ صفحہ ہستی پر سب سے زیادہ محنت کرتے تھے اور
ایسے وحشیانہ طریقے سے کہ جس سے خون پیدا ہو کسی نے
مِلن کو یقین دلایا تھا کہ وہ توپ کی گاڑی جس پر
کیٹ بیٹھی ہوئی تھی مٹکاف ہوس کیطرف گئی ہے۔
یہ سنکر سپاہیوں کے ساتھ جنمیں بربورا اور دیگر
سپاہی ملے ہوئے تھے وہاں گیا۔ لیکن کہیں ہے کا
پتہ نہیں لگا۔ واپس آنا ناممکن تھا۔ اس خیال سے
کہ کئی افسر دریا کے اسجانب آئے ہیں شاید وہ نکل آیا
ہو۔ پس شکستہ دل مِلن کے واسطے اور کوئی علاج سوائے
اسکے نہ رہ گیا تھا کہ میرٹھ کیطرف جاے۔ اس پارٹی
میں سوائے ٹمپل اور اوسکے سپاہیوں کے اور کوئی
نہ تھا کہ پیدل گاڑیوں یا گھوڑوں پر تھے جنمیں سے
ہر ایک کو کچھ نہ کچھ داستان اور عجیب و غریب حال اپنے
بھاگنے کا بیان کرتا تھا۔ ایک شریف کا جنکو دہلی گرد
سے علاقہ تھا کئی میل تک ایک نایک اور چار سپاہی
تیسری پلٹن نے تعاقب کیا۔ اوسکے ساتھ اوسکی بیوی
اور بچہ بھی تھا جو سو رہا تھا۔ اور اپنی بندوق سے
تین بار متواتر گولیاں بھر کر ماریں اور ہر ایک سوار کو اوسکی
کاٹھی سے گرا دیا۔

تمام شب کو خاموشی رہی کبھی کبھی ایک نعرہ افسوس
اور آہ کا نکل پڑتا۔ پچھلے دن کی محنت اور تکلیف سے سب
لوگ بالکل بیدم تھے ہر ایک شخص اپنی بندوق اور اسباب
وغیرہ سے لدا ہوا تھا نہیں تو اپنے ٹٹوؤں کو لادے ہوے
تھے۔ جب صبح ہوئی اونھوں نے ایک دوسرے کا
چہرہ دیکھا اور گفتگو شروع ہوئی۔

مِلن نے جسکا چہرہ بالکل زرد آنکھیں خونیں ...
اور منہ تو سیاہ گویا معلوم ہوتا تھا کہ وہ ہجار کی مصیبت
برداشت کئے ہوے ہے کہا۔ "کیا تم میں سے کسی نے
دیسی فوج پیدل کے ریورس کو کل شب دیکھا تھا"

ٹمپل نے جواب دیا۔ "مریوس ٹگے والی گاڑی میں
چچی کی لڑکیوں کے ساتھ تھا۔ لیکن مجھکو ٹھیک یاد نہیں"
"لیکن کیسیکو کچھ غریب لیلی کی خبر نہیں معلوم"
"وہ ایک کم سن پیار کے قابل لڑکی تھی"
"اس کمبخت دن کے شروع ہی میں وہ یقین ہے نہایت خوش
ہو گی"
"وہ غضبناک قسم خدا کی غضبناک دن تھا"
ڈائل "مجھکو پورا یقین ہے کہ ہم لوگ بہت جلد کل
یا پرسوں دہلی واپس آویں گے۔ ہر ایک آدمی
اور بچے کو بدلے لیے میں ماریں گے"
ٹمپل "ہاں ڈائل ہاں۔ جو کچھ خون خرابہ
ہوا ہے اوسکا حساب ضرور ہوگا۔ اونھوں نے سو ایک
ایک کو مارا۔ لیکن ہم لوگ اونکے ساتھ بچے پیرن کی طرح
سے برتاو کرینگے۔ کیوں جوانوں؟" تمام لوگ
بدلہ لینے کی خواہش سے چلائے "سر کے بدلے میں سر
لیں گے سنگین کے بدلہ سنگین۔ اون لڑکوں۔
عورتوں۔ لڑکیوں اور بچوں کی کیا گت ہوئی تھی خود
کرو" ڈائل نے جو چرٹ اوڑا رہا تھا کہا "قسم
خدا کی جب ۳۸ ویں پلٹن نے بلوہ کیا میں چاہتا تھا
کہ صرف ایک ہی رجمنٹ ہماری مدد کو آوے۔ صرف
ایک ہی اس سے مطلب نہیں کہ وہ کون ہے۔ کسقدر
ہم لوگ ذلیل بے عزت خاموشی کے ساتھ کشمیری
دروازہ پر قتل عام دیکھا کئے جو اون ظالم پاجیوں
نے کیا" کرنل رٹکن نے "مسٹر ڈائل یہ سب اوجڈ
نہیں تھے۔ بلکہ پورے قواعددان سپاہی تھے۔ اپنے
دیسی افسروں کے زیر کمان کئی ہزار باغی رجمنٹ
پوری تھی"
"وہ بیرحم خون کے پیاسے۔ اور میری کیٹ اور اوسکا
خاندان کیا ہو گیا۔ سب فنا ہاے افسوس"

وہ اپنا ... او شہو مرد کی طرح مصیبت برداشت کرو"
وہ لیکن مجھکو مشل انسان کے صدمہ بھی جلد ہم ہوتا
چاہیئے"
وہ اچھا اب دوسرے ہفتہ مین اگر خدا کی مرضی ہے
ہم لوگ ہر ایک نافرمان ویسی غلام کو سنگین اور
گولون سے اوڑا دینگے"
وہ نکالا اس سے کچھ بھی مطلب ہمین نکل سکتا ہے
جو ہو وہ تو ... نہین سکتا ہے"
ہندوستانی ہمیشہ ... تھے ان لوگون پر
نہایت حقارت سے دیکھتے اور واقف
تھے کہ کسقدر مصیبت ان لوگون نے برداشت کی
ہے - وہ صرف خیال کرتے کہ یہ دہلی سے بھاگے ہوئے
پناہ مانگنے والے ہین اور جو فوراً دہلی مع اور لوگون
کے بدلا لینے کو واپس آوینگے -
کرنل ریوکن نے جسکے دل مین ایسے خیالات بلند
ہو رہے تھے کہا کہ بنگال کے احاطہ مین اسوقت
ڈیڑھ لاکھ فوج ہے لیکن ان مین دو رجمنٹ رسالہ ۱۹
پیدل اور توپخانہ کے یورپین ہین اور یہ سب
دور دور برٹش اعظم کی سی چار چند جگہ مین پھیلے ہوئے
ہین - اور اگر بغاوت کا بخار پھیلے تو روکنے کے واسطے
ہمکو ایک بہت سخت مشکل ہوگی"
بھائی آرام سون پر آؤ ... کر ریورسلی نے کہا مین خیال
کرتا ہون کہ مین پوری ایک بوتل برف و شربت کی
اسوقت پی سکتا ہون"
مل نے کہا مگر مین ایک قطرہ ٹھنڈے پانی کے واسطے
ممنون ہونگا - مین امید کرتا ہون کہ بخار یا کوئی
سخت بیماری بہت جلد ہونے والی ہے" ریورسلی کو
جو انگلستان اور ہندوستان مین ہر ایک آرام کے
ساتھ رہا معلوم ہوا کہ وہ ہر ایک سے اب ہی ہو گیا

اب کوئی نہ ٹٹی کا تر کرنے والا اور نہ کوئی رات کو
مدد دینے والا پنکھا قلی نہ کوئی خدمتگار نہ کوئی مچھر دن
سے بچنے کو پردہ اور نہ جنوری کہ ان تکلیف دہ جانورون
کو پردہ کے اندر سے نکالے - تاہم دلی کی مصیبت سے
بڑھکر مصیبت ہے - اوسنے اپنے بھائی افسرون کیجانب
دیکھکر کہا کہ مل تمکو بہت مشکل پڑیگی - میرے پاس
اب صرف دو چر شہد رہ گئے ہین جنمین سے ایک تم لو"
ایسے وقت مین اوس شخص نے تین بار حسد کرنا چاہیئے
کہ جسکی نہ تو بیوی نہ لڑکا نہ عزیز و اقارب افسوس
کرنے کو ہین - ریورس تمہارے چر شے کا شکریہ"
بہت سے بھاگنے والے جنکے پاس گھوڑے اور گھسان
تھین - اور جو زیادہ تر سویلین تھے پیچھے رہ گئے جنکا
پیچھے رہ جانا آخر بہت برا ثابت ہوا -
دوسرے روز آفتاب بہت گرم تھا - مل اور دوسرے
سپاہیون نے اپنے سرون مین ایک تر رومال باندھ
ٹھنڈا رکھنا چاہا - اور جب یہ کسی کنوین کے قریب
پہونچے - مل نے اپنے ساتھیون سے کہا جسمین بہت
سے زخمی سپاہی تھے کہ وہ پانی نہ پیئین بلکہ اپنے بدن کو
صرف تر کرین کیونکہ اس سے بیماری کا گمان ہے اور
اب وقت آگیا ہے کہ ہر ایک یورپین لڑنے کے واسطے
طیار ہو -
تھکے ماندے وہان سے ہیہ بڑھے - اب ڈوکن بھی
پیدل تھا کیونکہ جب یہ اپنے گھوڑے کو کھڑا پانی دے رہا
تھا - ایک جانور اوسکی ناک مین گھس گیا جس سے پریشان
ہوکر دیوانہ وار گھوڑا جنگل کیطرف بھاگ گیا -
انبہ کے درخت کے نیچے اونھون نے قریہ نگر مین قیام کیا
مل نے نہایت تلخی سے کیونکہ اوسوقت اوسکو ہرگز
خیال نہ ہو سکتا تھا کہ کیٹ اوسکی پیاری کیٹ تھکی
ماندی اوسی پلنگ پر لیٹی ہوئی ہے کہ جسکو ابھی دہ

محسن جمشید جی پابہئی سوداگر کے یہان خالی کرایا ہی -
مرید نگر اور خاص بیگم آباد کے اوسجانب دوسری
شب کو بہت سی یورپ مین لاشون کو پڑا پایا کہ
جسمین اوںھون نے اپنے ہمسفرون کو بھی دیکھا
جو گاڑیون اور گھوڑون پر ایک شب آگے گئے تھے
تھوڑی ہی دیر کے بعد اوسکو آگرہ کا گنبد نظر آیا جسکے
گیارہ بڑے اور چھوٹے گنبد . آفتاب کی روشنی
مین چمک رہے تھے - ۴۲ میل کے سفر کے بعد یہ لوگ
داخل میرٹھ ہوئے جہان اوںھون نے ۳ رسالہ کا
سب کام دیکھا - ۱۱۰۰ فوج پیدل نے بنگلے
غارت کردیے اور کنٹونمنٹ جلادیے - لیکن انکو
۲ نمبر رفل سے معلوم ہوا کہ سب سے زیادہ ان سپاہیون
نے غضب کیا کہ جو سرگروہ اور سرغنائی کا کام انکو
کے کرتے اور اوسوقت قریب کے بنگلون مین
انتظار کرتے تھے -

ملن نے صرف سادی رپورٹ اس امر کی
کمانیر فوج میرٹھ سے کی اور اوسنے یہ دلی خواہش ظاہر
کی کہ وہ دہلی کو بھیجا جاوے جہان وہ امید کرتا
تھا کہ فوج بہت جلد جاویگی - لیکن اوسکو معلوم ہوا
کہ جو معاملات ملک کے سرانجام کرتے ہین اون کو
کسیقدر ذاتی لحاظ ہے اور امور کا خیال تھا - دہلی
مین حملہ کرنے کے واسطے زیادہ فوج کی بمقابلہ میرٹھ
کے ضرورت تھی - افسرون مین مشورہ ہوتا تھا
حکم دیا جانے والا - اور ایک پوری فوج طیار ہو چلی
تھی پس بہت دن تکلیف وہ سستی و تذبذب مین
رہا جس سے قریب قریب ملن پاگل بنگیا - تاہم بخوشی
کام کرتا تھا - کل ملک مین تشویش پھیلی ہوئی تھی اور
وحشی فرقہ پنڈاریون نے برابر انکو مستعد و پرجوش
رکھا -

آخر کار ملن نے جو چاہتا تھا کہ کوئی گرمجوشی سے کام
کرے مستعد ہوا کہ ان بدمعاشون کے خلاف
وہ چالیس سپاہی زیر کمان ٹمپل لفٹنٹ پیچھے
بہت آدمیون بنگال فوزلیر کے لیکر بڑھا -

چونتیسوان ۳۴ باب

ملن اور پنڈارون

ایک روز پہلے ہوشیاری کے ساتھ اوسنے قرب
وجوار مین پتہ لگا کر سردہنے کیطرف جو خاص جاگیر
زیب النسا بیگم سمرو کے گذارے کے واسطے تھی جسپر
وہ مع اپنے متبنے لڑکے مسٹر ڈیویڈ ڈلس سمرو کے باوجود
مخالفت ایسٹ انڈیا کمپنی قابض تھی -
اسکے سپاہی ایک جھگڑے مین جسطرح سے کہ دیسی
عورتین سفر کو نکلتی ہین آگے بڑھے - پر وہ اسقدر
مضبوط باندھا گیا تھا کہ اون دیسی عورتون سے
علاحدہ رہین کہ جو اصل کارنش انفنٹری کے سپاہی
تھے - اور اوس سے پچاس قدم ادھر ادھر ملن اور
دوسرے ہمراہی ساتھ تھے -
لفٹنٹ ٹمپل کسیقدر اچھی طرح سے پوشیدہ اپنا پیچ
اپنے پاس رکھے ہوئے گاڑیان بنا - ان بیلون سے
اوسکو نہایت تکلیف دی ایسی کہ جیسے گھوڑے جب
مین تھین دیتے تھے -
جیسے ہی کہ گاڑی گیہون - گنون - روئی - جوار کے
کھیتون سے جو جنوب جانب سردھنا کے جو دس کوس
دہلی سے ہی گذرے ایک سوار اونکے قریب سے نکل کر
جنگل مین گھوڑا بھگا کر گم ہو گیا -
ملن نے اوس راستہ سے اپنے ہمراہیان کو دوسری
طرف لیجا کر کہا کہ معلوم ہوتا ہی کہ یہ بدمعاشون کا
آگاہ کرنے گیا ہی - رات ابھی بہت نہین گذری تھی -

کاڑی سڑک پر روکی گئی کہ جو شخص گذرے پوشیدہ
نہ جا سکے - اور ٹمپل کی پارٹی سے . دو قدم پر ملن نے
پنے تئین چھپا لیا تھا -
یہان پر کوئی اسوقت نہ تھا - نزدیک ایک بانس کا
نکان بارہ فٹ اونچا تھا جسمین ایک سُرخ جھنڈا لگا
س امر کے ظاہر کرنے کو لگی تھی کہ یہان ایک شخص
شکار شیر کے نذر ہوا ہے - یہ کسیقدر خوفناک خیال تھا
علاوہ پنڈارون کے جو کھنی سے سہنی پر جا رہے تھے
جانب بھی سڑک پر نظر پڑتے تھے - یہان کمپنی پنڈارون
جانب سے چھیڑ چھاڑ کے واسطے ٹھہری رہی جسمین
یہ بہت سے دیسی سپاہی شامل ہو گئے تھے - اسکے
ند سپاہیون نے آپس مین گفتگو کی کہ کسقدر بدنامیان
نھون نے ہندو اور عیسائی آبادی دیہ کے ساتھ
بن بالیان کان سے گھسیٹ لیں - اور عورتون کے
یور کے واسطے ہاتھ پیر کاٹ ڈالے - ایک گھنٹہ شب
زری - بھیڑیون کتون اور سیارون کی آواز کے سوا
ر کوئی آواز نہین آئی - بعض آوازین عجیب غریب
ی تھین - ملن کا خیال تھا کہ یہ بدمعاش جانورون
ی آوازین اس غرض سے بول رہے ہین کہ اپنے ساتھیون کو
ع کرین -
راہیان اب ندی کے کنارے جا کر بیٹھے - ٹمپل کو کسیقدر
ے صبری بھی معلوم ہوئی -
ن نے پوچھا " ڈائل کیا کچھ تم بیمار ہو کہ اسقدر
موش بیٹھے ہو ؟ "
نہین چلنے کے قبل مینے کچھ ایسا گوشت کھا لیا تھا
جسکے ہضم کرنے کے واسطے ایک بہت بڑا اور سخت
رہ چاہیے "
لیکن شاید پنڈارون کی گولیان اور دشوار ہضم
نا ہو گی "

غارت ہون پنڈارو - مجھے امید نہ تھی کہ تم استے
ظالمون مین پھنسو گے "
" کیون ؟ "
" کیونکہ تمھاری اعلی اغراض کے واسطے دہلی مین
ضرورت ہے نہ کہ یہان حولدارون اور کانسٹبلون
کے کام کرنے کو "
" لیکن مین عمداً تو اپنی زندگی . . . خطرہ مین ڈالونگا
افلاطون نے کیا کہا تھا "
" مین نہین جانتا کہ کیا کہا "
" انسان اپنی زندگی مین مثل ایک سپاہی کے بنایا گیا
ہے جس سے وہ ہٹ نہین سکتا جا ہے جو کچھ ہو جبتک
کہ کمانیر اوسکو نہ بلائے "
ڈائل نے ٹھہر کر کہا " افواہ ہے کہ پانچسو تعداد مین
پنڈارے ہین - اور تمھارے ساتھ صرف اتنے ہی سپاہی
ہین "
" ہش - اگر پہلے سے مجھکو معلوم ہو جاویگا کہ خطرہ
ہے تو مین خاموشی کے ساتھ چلا جاؤنگا - لیکن ابھی
اطلاع سپاہیون کو کہین نہو "
" میرے ملک مین ہوشیاری کا کوئی رواج نہین ہے "
" شاید تم میرا مطلب نہین سمجھے "
" روبی تم بالکل بدل گئے ہو اور ہندوستانی مصائب کے
تم نے برداشت نکئین : کچھ قصور تمھارا نہین ہے
غریب پرور مین جب اونکے سپاہیون کی وردی
دیکھتا ہون میرا کلیجہ بھر آتا ہے - نہین معلوم کہ اونسے
کیونکر یہ آفت برداشت کی ہو "
ملن نے اپنے نیچے کے ہونٹھ چبا کر آہ کھینچی اوسکے دل مین
خیال گذرا یہ کسطرح سے اوسکے دوسرے نازک سُکّا
نے برداشت کی ہو گی "
" اوسکی سیاہ مونچھین اور سفید چہرہ ابھی تک

میری نگاہ کے سامنے ہے"

"کیون اور کیونکر۔ ڈوائیلی ؟"

"وہ ایسا جوانمرد تھا۔ اسقدر اسقدر"

"اسے خوب دلیفا بھی اوسکے ساتھ تھی"

"ہان اوسکے ساتھ ہے"

"ٹھیک ہے آگے کہو"

"بہت اچھا"

"مین خداسے دلی دعا مانگتا ہون کہ یہ جو تم صیغہ ماضی استعمال کر رہے ہو وہ آخر مین غلط نکلے"

"یہی مین بھی دل سے چاہتا ہون"

ملن (آہستہ سے) "پچاس گز کے فاصلہ پر طیار رہو" ہر ایک شخص نے اپنی بندوق اوٹھالی اور داہنے ہاتھ کی بیچ کی اونگلی اوسکے گھوڑے پر رکھی دہلی کی لڑائی کو یاد کیا۔

یکبارگی کسیقدر شور معلوم ہوا کہ جو شاخون سے نکلا۔ اور بہت سے وحشی غضبناک آدمی طرائے تلوار سے لوگ مرزئی پہنے ہوے تھے۔ بہت سے پیرون سے ننگے تھے۔ صرف سر پر پگڑی اور میلا کمربند تھا۔ تلوارین سنگین چاندنی رات مین چمکاتے ہوے جھاڑیون سے نکل پڑے۔ درخت سے اوترے کہ عورتون کو لوٹ لین او گرفتار کرلین۔ کیونکہ اونکو یقین تھا کہ گاڑیون مین عورتین ہین۔ اور خیال کرتے تھے کہ گاڑیبان اونکا راستہ بھول گیا ہے۔ ورنہ اسقدر کیون دیر لگاتا۔ لیکن اونکو بہت خوف معلوم ہوا جب ایک وحشیہ مرہٹہ مارا گیا۔ ایک لحظہ بعد تین آدمی ٹمپل کے تپنچہ سے مارے گئے قبل اسکے یہ لوگ ایک گولی چلا یا

ایک گھونسا ارسکین یا سنبھل سنگین پچاس گز کے فاصلہ پر سے کئی گولیان سر ہوئین اور ملن نے چلا کر کہا جوانو آگے بڑھو سنگین نکالو۔ یاد کرو دہلی کے واقعہ کو یاد کرو

بچون اور عورتون کو یاد کرو"

ایک زور سے نعرہ بلند ہوا اور بلا سخت مقابلہ کے پنڈارون نے سخت بازو ہاتھی کے قریب لاشین چھوڑ بھاگ گئے۔ جو سب ظالم بدمعاش اور اپنی جانون سے بے خبر تھے۔

ایک بھی انگریزی سپاہی زخمی نہین ہوا۔ پنڈارون کے پرانے سب ہتیار اور بہت سے کیمپنی کے مقتول جو پنڈارے اپنے پاس رکھتے تھے بیل گاڑی مین لادے گئے۔ شالی کپڑون اور کوتون مین مرے ہون گی بہت سی اشرفیان بازوبند۔ پالسیان۔ بھری ہوئی نکلین۔

ملن "سپاہیو یہ ہمارا پہلا کام تھا۔ ہمارا پہلا بدلا"

ڈوائیلی "اور ہمارا ایک بھی آدمی نہین مارا گیا"

یہ لوگ لاشون کو چھوڑ کر چلے گئے کہ جنگلی جانور چیتے ان کے عزیز ہین۔ ایسا ہی ایک واقعہ گوالیار مین ہوا کہ ایک سپاہی لفٹننٹ کالبرن اور بیالیس سپاہیون سے ہوا کہ اونھون نے پانچسو باغیون کو ہاتھرس کے قریب مارکر بھگا دیا۔

۳۵
پنتسوان باب

باپ اور بیٹی

پولی کو جب باغ محل مین بابو بلی سنگھ نے ڈالدیا وہ تھوڑے عرصہ تک اس وہم مین رہی کہ وہان اس غرض سے لائی گئی ہے کہ اپنے باپ کی مدد کرے اور اس سے بالکل بے خبر تھی کہ شہر مین اوسکے پیچھے کیا ہو رہا ہے۔ غریب لڑکی آگاہ نہ تھی کہ ان خاموش ہندوستانیون کا لانے سے کیا مطلب ہے۔

بدقسمت پادری کا چہرہ اور سیاہ کوٹ بالکل خون سے آلودہ تھا اپنے رومال سے پونچھا اور اپنے سایہ سے کہ ایکبارگی

اوسنے خنجر پیر رکھا۔ وہ عرصہ تک بول نہ سکا۔ اس باعث
اچھی طرح نسمجھ نہ سکی کہ کسنے پادری پر حملہ کرکے اوسکو
زخمی کیا۔

اوسکا سر اپنی چھاتی پر رکھ کے کہا "میرے پاپا۔
میرے پیارے پاپا۔ مین پیرون پر گر کے اون سے عاجزی
کرونگی"

"اونکے سامنے دو زانو نہ ہو بلکہ خدا کے سامنے ہو اور سے
عاجزی نہ کر کیونکہ وہ جاہل بت پرست ہین۔ بلکہ
خدا پر بھروسہ کر تیری مدد پر یہ لوگ زود جست نہ پا سکینگے"

"اے پاپا تمھارا کیا مطلب ہے مین سمجھتی نہین کیا
ہونے والا ہے؟"

"یہ رحم کرنے والے بیرحم ہین کیونکہ اونپر رحم ہوگا۔
بیٹا ایکیشا کہان ہین"

"وہ گھر مین پاپا"

"اور طلسن"

"وہ اپنے سپاہیون کے پاس یا شاید گھر مین"

"ہاتھ ملکر۔ "افسوس افسوس"

"اگر جہان تمکو میرے ساتھ چلنا ہوگا۔ مین تمھاری
مدد کرونگی کہ کھڑے ہو۔ کسقدر تم کمزور ہو کوشش
کیجیے اے میرے پاپا۔ یہ تمکو کسنے مارا کسکو جرات ہوئی"

"ایک ہندوستانی درویش نے کہ جسکے ہاتھون مین
مجھکو میرے ناشکرے خدمتگار عاصم علی نے چھوڑا"

"آہ جیک ہمارے ساتھ ہے۔ وہ بہت جلدی
سمجھ لین گے"

پھاٹک کہ جس سے یہ باغ محل مین بند کی گئی تھی بند ہوگیا
تھا۔ ایک جانب ۳۰ فٹ اونچی دیوار تھی کہ جو کل محل
کے گرد گھری ہوئی تھی مینارین حفاظت کے واسطے
تھین۔ اور باغ ایک میل لمبا اور پاؤ میل سے زیادہ چوڑا
منہ قلعہ سلنگ کے تھا۔ جنوب جانب محل تھا جسمین

چمکتی ہوئے مینارین اور سونے اور تانبے
کے گنبد دیوارین سنگ مرمر کی زمین پر سنگ موسٰی
اور بڑے بڑے دروازے سبز رنگ گوٹے سے لیس
پردے پڑے ہوئے تھے۔ چار توپین چارون بڑے
پھاٹکون پر تھین۔ لیکن سب سے بڑی توپ پرانے
پھاٹک پر تھی۔ جہان دو پتھر کے ہاتھی تھے کہ جنپر راجہ
چیتور اور اونکے بھائی کی تصویرین لگی تھین۔
اوس کھڑکی اور محل کے درمیان کہ جہان پولی کا دل
دھڑک رہا ہے مع ایشیائی آراستگی کے ایک باغ تھا
کہ جو شاہجہان نے بنوایا تھا۔
اپنے سایہ کو سنبھال کر پولی نے پوچھا "او پاپا پھاٹک
کو نہ کھولنا چاہیے۔ اون لوگون کو تمھارے جہان
قید کرنے سے کیا فائدہ ہے؟"

"پولی کیا تمکو معلوم ہے کہ تم کہان ہے"

"باغ محل مین یہ ایک عجیب مقام ہے کہ جہان یورپین
لوگ بالکل نہین آتے جاتے۔ ایسا ہی کپتان ڈگلس
بیان کرتے تھے اور وہ اس سے اچھی طرح سے بجا ہی ہوکہ
واقف تھے"

"میری غریب لڑکی"

"وہ پھر بیہودہ آدمی یہان آتا ہے!"

"کون پولی؟"

"وہی صوبہ دار بلی سنگھ جسکی وضع پر ہم لوگ
ہنسا کرتے تھے"

"پیاری پولی وہ کسی عمدہ مطلب کے لیے نہین آتا ہوگا
مین اوس ملعون درویش کی انسے شکایت کرونگی
جسنے آپ کو مارا۔ اور اوس عاصم علی کی بھی کہ جو
قابل پھانسی ہے جیسے اور قید کرنے کے لیے"

بلی سنگھ نے یہ آخری الفاظ سن لیے۔
وہ بالکل سفید کپڑے پہنے ہوئے تھا ایک ہیرا اور ایک

چڑیا نگری مین لگائے۔ بھالا پستول لئے جسمین
جواہرات جڑے ہوے تھے۔ پادشاہ کے چار آدمی شہزادی
پوشاک پہنے اوسکے ساتھ تھے۔ اوسکی آنکھین خوشی
اور مسرت مین چمک رہی تھین۔ اوسکا میلا چہرہ
بالکل خون سا سرخ تھا۔ لیکن ظاہرداری مین وہ بالکل
شریف اور نیک بنا ہوا تھا۔ وضع ہر ایک مسلمان کی
اوسکی چہرہ نئی ہو بنا لیتا ہے۔ پادری صاحب نے بہت عاجزی سے
کہا کہ اے صاحب میری لڑکی کو آزاد کرو اگر چاہو مجھ
جان لو مین بڈھا ہوگیا ہون اور مین بالکل ہرج نہین
کہ مین آج مرون یا دس برس بعد لیکن اوسکو آزاد کرو
اور مین خوشی سے اپنی گردن تلوار کے واسطے کھول دونگا
پولی نے وحشت مین کہا کہ پاپا پاپا یون آپ کیونکر گفتگو
کرتے ہین۔

وہ بابو بلی سنگھ نے ہندوستانی مین جواب دیا کہ تمھاری
لڑکی یہان رہیگی۔ کیونکہ تمھاری نقصان رسان جان
نہ لیجاویگی۔ پرانا جعل ساز اور خراب مذہب کا
پھیلانے والا۔ چاہیے وقت آوے کہ جب تمھاری ایک
کی جگہ ہزار جان ہون اور تلوار انصاف اوسے قتل
کرے۔

شہر مین زور شور اور کبھی کبھی توپ کی آوازین بڑھتی
جاتی تھین۔ کیونکہ بہت سے بدقسمت یوروپین خاک
اور خون مین آلودہ اپنے کپڑے پھاڑے مایوسی کے
عالم مین جو باغ کے اندر اس غفلت مین کو خاندان
مغلیہ شریک بغاوت نہین ہے محل کو پناہ کے واسطے آئے
تھے۔ مسلح آدمی اونکو مارنے کے واسطے چارون طرف
سے آگئے۔ باغیون نے پکڑا بالکل ننگا کیا اور کھجور یا
کسی اور درخت کے تنہ مین باندھ دیا کہ جہان
بہادر شاہ کے حکم کا انتظار کیا جاتا تھا۔
پولی ان خوفناک حالات کو نہ برداشت کر سکی اور چیخ

پادری کے سینہ مین چھپا لیا اس طرح سے ایک کو دو
نے سنبھال کر چلتی لیتی دھوپ مین ٹھہر گیا اور بلی
اور اوسکے ہمراہیان یہ تماشہ دیکھتے رہے۔ ان
پادری نے اپنے خدمتگار محمد علی کو پہچانا کہ جو غصہ
گستاخ کپتان ڈنگاس کی تلوار گھسیٹتا ہوا آیا جو شا
بابو بلی سنگھ کے حکم سے [illegible]
تو تھا۔ [illegible]
[illegible]
ہو آئے اور جسکو لندن سے پادری لائے تھے جہان
گلیون مین نہایت مصیبت کے ساتھ تھوڑی
کت مین بچا یا لگا بچا کر روزی پیدا کرتا۔ پادری
صاحب نے کہا کہ اے آدمی اگر تم انسان ہو
تو بتاؤ کہ کیا تمھارا پیغمبر محمد اجازت دیتا ہے کہ
بے مدد عورتون اور بچون کو مارو اور ایسے
مظالم پیدا کرو۔

وہ تو نہین ہمارے پاک امام اور درویش لکھ
ہین کہ اون لوگون کو مارو کہ جو مسلمان نہین ہو
وہ کیا پیغمبر یہ نہین کہتا کہ ان افعال کی اس د
اور آنے والی دنیا مین پوری سزا ہوگی۔

وہ یہ مین نہین جانتا کہ قرآن مین کیا لکھا ہے
مین نے عیسائیون کے ساتھ ہی اوسکو بھی
پڑھا ہے۔

وہ پس تمکو جو قرآن کو جانتے ہو اور پڑھے ہو
اپنی بائبل کو آگ مین پھینکنا اور قرآن کی پیر
کرنا چاہیے۔ قسم خدا کی دیکھو یہ فرنگی
کسطرح سے قرآن اور پیغمبر کی نسبت گفتگو کرتا
کیا تمھین بالکل شک نہین ہے اور بس نمک اور روٹی
بدلے مین جو پانچ سال تم نے میری کمائی کھ
[illegible] بدلہ [illegible]

"کوئی نہین" (تلوار ٹیک کر)

"کیونکہ ہم ایسے ہی کے تمھارے ہاتھون مستحق تھے"

"اپنی قسمت کے موافق کرو۔ ایسا ہی اوسوقت خدا نے لکھا تھا کہ جب ستارے بنائے تھے اور ہم لوگ کسطرح اوسکو مٹا سکتے ہین"

"یہ سب جوش جنون پاگل پنا ہی"

"یہ کچھ جنون اور پاگل پنا نہین ہی۔ تم خدا کی اوسیطرح سے عزت کرتے جسطرح سے کہ ہندو شیو کی کرتے ہین۔ اور اوسوقت قتل کرتے ہین جب وقت موافق ہوتا ہی۔ تب سب ناپاک فرنگی ہمارے رحم پر ہو۔ اس باعث اب تمھارا وقت آگیا ہی"

پولی بالکل اس گفتگو کو نہین سمجھی کیونکہ یہ سب اردو مین ہورہی تھی۔ اوسنے ایک آہ ٹھنڈی کی۔ ادھر علی سنگھ نے درمیان مین پڑکر کہا "بس ہوگیا وسٹن صاحب آپ کی لڑکی شاہ کی اب قید مین ہی اور اونکے روبرو پیش ہوگی"

پادری صاحب نے نہایت اطمینان سے کہا "صوبہ دار شکریہ۔ پولی ہم سب بچ گئے کیونکہ شاہ دہلی ملکہ وکٹوریہ کی ایک وفادار رعایا سے ہی۔ اور ہمکو بچائے گا۔ لیکن لینا اور کیٹ پاپا"

"افسوس لینا اور کیٹ (ہاتھ ملکر) وہ شہر مین ہین خدا اونکی مدد کرے"

دم کے نکل جانے سے زمین پر گرنے والا ہی تھا کہ پولی نے گلے لگایا اور سنبھال لیا۔

رسالدار عاصم علی کیطرف دیکھکر پولی نے کہا "میرا پاپا معلوم ہوتا ہی کہ مر رہا ہی۔ اگر تم نے کبھی اوس سے محبت کی ہو تو مدد کرو۔ اونھون نے تمھارے اوپر ہمیشہ مہربانی کی ہی"

رسالدار نے ٹوٹی پھوٹی انگریزی مین جواب دیا "وہ سب پولی بہت بیمار ہین۔ لیکن وہ جلد صحیح ہوجائینگے"

محفوظ اور امن مین ہی اگر تم ضدی نہ ثابت ہو"

"کیونکر اور کس سے؟"

"مرزا ابوبکر سے"

اپنے بھالے کو اوسکی پیٹھ پر لگا کر ابو نے کہا "چپ چپ جاو شہر کو جلو وہان تمھارے واسطے سب کام ہی (دو سپاہیون سے کہا) تم سلیم گڈھ کے میناروں مین ان صاحب کو لیجاو اور وہان دوسرے حکم کا انتظار کرو (دوسرے سپاہی سے) اور تم لوگ اس لڑکی کو دوسرے محل مین لیجاو کہ جہان مرزا ابوبکر کے روبرو کل شب کو پیش ہوگی کیونکہ ہم لوگ سب اپنے سرون کو بچانا چاہتے ہین"

اب باپ اور بیٹی علحدہ علحدہ ہوے پادری صاحب چاہتے تھے کہ اپنے تئین ان دو شخصون کے پنجون سے چھڑا دین لیکن نہ چھڑا سکے۔ وہ اوپر عاجزی سے دعا مانگنے کو ہاتھ نہ اوٹھا سکے کسیقدر پسینا جسم پر آیا اور کہا۔ "اے باپ جو آسمان پر ہی میری غریب لڑکی کو بچا۔ میری پاک اور بے دھبہ بیٹیون کو ان بیرحم بدلا لینے والون بھیڑیون اور بت پرستون سے بچا۔ اون لوگون کو بچا جو اپنے تئین نہین بچا سکتے۔"

پولی غریب لڑکی نے جسکی عمر ابھی سولہ ہی سال کی تھی آسمان کیطرف ہاتھ اپنے باپ کے واسطے دعا مانگنے کو ہاتھ اوٹھا بے قصور پاک بے گناہ یہ انگریز لڑکی اپنے واسطے بالکل خوف نہ کھاتی تھی۔ لیکن اوسکا دل دھڑک رہا تھا اوسکی آنکھون سے کیفیت انتظار معلوم ہوتی تھی۔ اوسکے لب علحدہ علحدہ تھے لیکن آواز منہ سے نہین نکلتی تھی ایک دوسرے سے علحدہ کیا گیا اور ہر ایک نے مایوسی اور افسوس کی نگاہ ایک دوسرے کیطرف کی۔

اگر پادری وسٹن اپنی لڑکیون مین کسی سے زیادہ محبت کرتے تھے تو یہ سنبھلے ہوئی والی پولی اوسکی سب سے چھوٹی

لڑکی تھی - کیا یہ وہ نازک تھیں دل پھر ملینگے کہ جو بمقدار آفت اور رنج مین خوف کھاتے ہین - ؟

ہم دیکھینگے -

وہ محل کو گئی اور اوسکا باپ اوس دیوار سے گنبد کے کہ جو دریا کے سامنے ہے شاہ برج اور راج گھاٹ دروازے کے بیچ مین ایک کوٹھری مین لایا گیا - بس ٹھیک دریا جمنا کے سامنے کہ جہان پرانے زمانہ مین ہاتھی اور دوسرے جنگلی جانور لڑا کرتے تھے -

اوسکا افسوس اور رنج خیال کیا جا سکتا ہے کہ جہان وہ تنہا غور کرنے کو چھوڑ دیا گیا اوسکی لڑکیان اوسکو معلوم تھا شہر مین ہین - اور تیسری شاہ مغل کے محل مین ہمیشہ کے واسطے قید -

اچھا ہوتا اگر تینون قبر مین ہوتین - اونکی مان کا خیال آتا - بیدا ہوسکے - عا... ... - کبھی کبھی اوسکا دل پھر ادھر آتا اور وہ اپنے تئین کوسنے لگا کہ جب اپنی مری ہوئی کی یاد آجاتی -

اوس بعد ازان پھر اور کچھ عرصہ دوسرے دن تک گولون اور گولیون کی برابر آواز آتی اور اسکو بجانے کے اوڑ جانے کی آوازنے تو گویا محل کی بنیاد تک ہلادی تھی -

گویا وڑی صاحب نے اپنے پیر ایک چارپائی پر پھیلائے لیکن کیٹ اور لینا کی تصویرین سامنے برابر آتی تھین - لینا ہرور کے ساتھ تھی اور کیٹ ایک میل کے فاصلہ پر چاندنی چوک مین اور پولی زنانہ مین بطور ایک قیدی کے رکھی گئی - اور ہوشیاری سے اوسکی نگہبانی ایک آیا کرتی تھی کہ کہین کھڑکی سے کود نہ پڑے -

اوسکے عاشق مرزا ابوبکر کو اوس سے ملاقات کی فرصت نہ تھی - ہر گھر کے باغیان اور دوسرے شہر مین آتے تھے اور وہ انہین مشغول تھا -

پس جب دوسری صبح دہلی مین ہوئی وہ نون باپ

اور بیٹی نے خیال کیا کہ وہ ایک رات جدا جدا کرکے اور نیچے لیکن ایک سے دو دن سامنے ہے جسکے خاتمہ کا حال وہ ابھی دریافت نہین کر سکتے تھے -

چھتیسوان باب

مرزا ابوبکر

ہمکو بہت کچھ افسوس اور بے مثل رنج کا حال نہ بیچ جوش و خروش - مشرقی مظالم کہ جو ایسے وقت ہونے مین بیان کرتے ہین کہ جب ہم لوگ جنھون نے راجپوتون سکھون - گورکھون اور مرہٹون کو مطیع کیا تھا گذر والے تھے - جب ہر ایک قصہ موت ہر ایک انگریز دل کو صدمہ پہونچاتا تھا - جب ہماری نازک لیڈیون کو اچھی طرح سے معلوم ہو گیا تھا - کہ کس طرح سے بندوق بھرنا اور چھوڑنا چاہیے - جب با امن سوتیلین اپنے تکیہ کے نیچے تپنچہ لیکر سوتے اور اپنی بغل ہی مین بارود بھرتے - اور جب غریب خوبصورت لڑکیان سوتیلی ماؤن والی ناسمجھی ہی مین گولون پر مثل کھلونے کے ہاتھ رکھ دیتین کہ جب ماہیگیر روتی اور نگہبانی کرتین - اور اونکے باپ سر جیمس اور بڑے مرد کے احکام کا خوف ناک سے خوفناک راتون کو عالم یاس مین انتظار کرتی تھین -

دوسری صبح کو وہ آیا جو پولی کی نگہبان تھی اوس دعا کہ جو یہ رو رو کر مانگ رہی تھی حاصل ہوئی وہ خدا تو میرے بابا کیٹ اور لینا اور کل دوستون کی محافظت کر کہ جو اوس سے محبت کرتین یا اوسکی حفاظت کرتین " آیا بالکل نابینا نیلے کپڑے پہنے تھی کہ جسکو حکم ہوا تھا کہ پولی کو بلی سنگھ کے حوالہ کرے - اس باعث جب وہ آئی تو دیکھا کہ چہرہ بالکل زرد ہو گیا ہے اور رنج اور افسوس سے بھرا ہوا آنکھ کے گرد حلقہ مین گیا تھا -

کیا یہ پولی تھی - جو معلوم ہوا تھا کہ جھٹنے ہی کے واسطے

پیدا ہوئی ہی ؟ ۔
اب اوسکو ہر ایک قسم کا خوف وحشت سے پیدا ہوا تھا
جسکا انگلستان مین پر امن لوگون نے حلون سے کبھی وجود
نہین تھا ۔
بابو بلی سنگھ اور ایک سپاہی کو دیکھکر وہ خوف سے پیچھے ہٹی
اور اوسکے پیرون پر گر پڑی ۔ لیکن یہ خاکی صوبہ دار تمام
دن کی سڑکون مین مار پیٹ اور تمام شب عیاشی کے
بعد اس قابل نہ تھا کہ اوس سے اس طرح سے سلوک
کیا جاوے ایک خوفناک سرخی اوسکی سیاہ آنکھون
سے گذری اور اوسکے لب زرد اور خوفناک ہوگئے ۔
جیسے ہی کہ وہ ہاتھ پیرون تک لے گئی اوسنے اوسکا
کندھا پکڑ لیا اور اطلس کا کپڑا پھاڑ ڈالا جس سے پولی
بالکل کمر تک ننگی ہوگئی تھی ۔ اور اوسکے سنہلے بال کندھے
تک پڑے ہوے تھے ۔ بلی سنگھ نے نہایت تلملا عشق
اور وحشت سے اوسپر نظر کی ۔
بلی سنگھ دل مین سوچا ۔ قسم روح محمد کی سفید چمڑے
کی فرنگن لڑکی کو اسطرح سے دیکھنا کہ اوسکے سنہلے بال
کندھے تک لٹکتے ہون بہت بیہودہ خیالات پیدا کرتا ہی
مین نہ اسکو اپنے واسطے کیون نہ رکھون ؟ ۔
لیکن لوگ اس ماجرے سے بخوبی واقف ہین ۔ اور
اس باعث اور لوگون کے ساتھ پیش کیجاویگی ! ۔
پولی سوچی تھی کیا اسقدر اوسکو خدا نے چھوڑ دیا ہی اور
بے مدد کر دیا ہی کہ وہ بابو بلی سنگھ کے رحم پر ہو جسپر وہ
مع دوسرے دوستون کے اوس وقت حقارت سے
جبکہ سامنے ہوگی تھا ہنستی تھی ۔
اوسکا قدرتی غصہ پھر پیدا ہوا کہ الٹتے مین دیوار
چھجے کے نیچے شور معلوم ہوا ۔ اوسکو اودھر دیکھنا پڑا
اور پولی کو آگے گھسیٹ کر کہا " دیکھو مس بابا اگر تم
ہمارے احکام کی تعمیل نہ کروگی یا مرزا ابوبکر کو خوش نکروگی

کیا تمھاری گت ہوگی " ۔
صبح کا آفتاب اپنی معمولی حشمت سے چاندنی چوک مین
چمک رہا تھا کہ جسکی پوری سڑک لاہوری دروازہ تک
نظر پڑتی تھی اور یہان سے معلوم ہوسکتا تھا کہ کیا
سڑک پر ہورہا ہی ۔ پولی نے اپنی افسوس بھری
آنکھین اوس مکان کیطرف کین کہ جو کوتوالی کے مقابل
مین ہی اور جسمین دوہرے دروازے اور سبز جھلملین چڑہی
ہوئی ہین ۔ اور قریب مسجد کے ایک مکان تھا جہان
چھت پر بیٹھکر ۱۷۳۹ء مین خاموشی کے ساتھ نادر شاہ نے
پچاس ہزار آدمیون کو دہلی کی سڑک پر قتل کرایا تھا ۔ یہ
وہ مکان تھا جسمین روبلی ملن پارسی سوداگر حسن جمشید جی
کے ساتھ آرہا تھا ۔ لیکن غریب پولی کو یہ مشکل معلوم
ہوسکتا تھا کہ اسوقت کیٹ ملن نے پلنے کوچ مین
غلبہ غنودگی کے باعث نہین بلکہ تھکاوٹ سے سو رہی ہی
ایک خوفناک شور اب نیچے سڑکون مین بلند ہوا اور اسکے بعد
اب گاڑیون کی آواز معلوم ہوئی کہ ہزارون لوگ ننگے
ہوجاتے ہین ۔ چارون جانب ایک ایسے مجمع سے گھرے ہوے
کہ جو کمربند لگاے پگڑیان دیے ہوے تھے جو بالکل ننگی
میمین تھین اور اونکے ہاتھ ڈوریون مین بندھے ہوے
تھے اور یہ بازار مین لائی جاتی تھین ۔ بدمعاش قلی اور
ہندو ہر ایک درجہ کے قہقہہ لگاتے تھے ۔ یہ خوفناک
واقعہ جب آنکھون کے روبرو سے گذرا پولی مرجھا سی گئی
بابو بلی سنگھ نے کہا " دو ننگی لیڈیون مین ایک تمھاری صاحب
جج مسلی کی بھتیجی ہی "
افسوس ان مالدار لیڈیون مین سے ایک ! کیا پھر انگلستان
تبادلہ ہی ؟ ۔ دوسرا کون ہی ؟ لیکن وہ خود ہی سمجھ نہین
سکتی تھی اور تھوڑی تھوڑی ہی دیر کے بعد ایک وحشی دل
شکن سے بلند ہوئی تھی جیسے ہی کہ شب ہوئی ان دو لیڈیون
کی لاشین کتون اور بھیڑیون کے واسطے شہر کے باہر پھینکدی گئین

اس افسوسناک ماجرے کے بعد پولی نے بالکل ضد نہین کی اور داخل دیوانخانہ ہوئی۔

بڑی اونچی کھڑکیون سے اوس سنگ مرمر کے کمرے مین آفتاب اون رنگین میناروں مین چمک رہا تھا سونیکی کارنسین اور بہت سے جواہرات چمک رہے تھے۔ گو یہی روشنی اون بیدست و پا معصوم لڑکیون پر بھی گر رہی تھی کہ جسمین بہت سے بد تماخون خرابے سے کر دیے گئے تھے بال پریشان تھے اور کپڑے پھاڑ ڈالے گئے تھے۔

یہ دیسی سپاہیون کی نگہبانی مین بڑی ملاقات کے کمرے مین ٹھہرائی گئی تھی۔ اس مجمع مین وہ چہک والی خوبصورت ولیتی لیڈیان نظر آئین جو تازہ ولایت سے آئی تھین۔ اور جنھون نے کلکتہ کے لوگون کی آنکھون کو فریفتہ کر دیا تھا۔ اونکی پوشاکین جنپر عرصہ تک لوگون نے اپنا وقت صرف کیا۔ اب کہان وہ سیٹھی صورتی چہل چہلاہٹ اور چہک والی مہذب لیڈیون کی تھی محبت و سادگی۔ غرور و ہمت۔ طرحداری اور خاموشی عقلمندی۔ محبت سے بھرے ہوے دل یہ سب اس مصیبت مین بالکل مٹے ہوئے تھے۔

بابو بلی سنگھ جو قدآور اور لمبا آدمی بالکل کالی وردی پہنے ہوے تھا۔ اور شمس الدین رسالدار ان غریب لڑکیون کے مجمع پر اسطرح سے دیکھ رہا تھا جسطرح سے کہ ایک بھیڑیا بھوکے ہوے دنبہ کو دیکھتا ہے لیکن اب یہ ایوان سے نکال دیے گئے اور آگے اب اونکی قسمتون کا خاتمہ تھا۔

آخری آدمی جو شاہزادے کی نظرون سے سبا فقیر گنگارا سے تھا کہ جسکے منھ مین پانی بھرا ہوا تھا۔ اور عاصم علی اور فرخ پانڈے تھے آخر الذکر جیک ہرور کی دونالی بندوق لیے ہوئے تھا جو اوسکے واسطے اور جریدے جسم کے واسطے کسی دوسرے وقت مناسب معلوم ہوتی۔

ایک چھوٹے سے بچہ کی اوس مجمع سے جو باہر جاتا تھا آواز آئی " او بہن پولی۔ پیاری پیاری پولی بہنا مجھکو گھر لیچل گھر کو بہن لیناکے پاس مین بہت بھوکی اور خوف زدہ ہون " یہ آواز غریب چھوٹی ولی کی تھی جسکی عمر صرف چھ سال تھی جسکی آنکھین اودی نیلی رخسارے مثل سیب کے اور بال بالکل سنہلے تھے۔ لیکن جیسے ہی کہ پولی نے آواز دی اسکا کہین پتہ نہ معلوم ہوا۔

اب پولی ایک ملمع کی ہوئی کرسی کے روبرو لائی گئی کہ جہان بلیتھی ہارے ابوبکر بیٹھا ہوا بہت خوشی کے ساتھ کیفیت دیکھ رہا تھا۔ بلی سنگھ نے قالین کے کونے سے بارہ مرتبہ سلام کیے جسمین ہر دفعہ اوسکا سر زمین سے لگ جاتا تھا۔

شاہزادہ بے رعب سست اور عیاش آدمی تھا۔ اور اوسکے زرد بدن سے معلوم ہوتا تھا کہ اوسمین چربی زیادہ ہے جس سے پولی کسیقدر جھجکی۔ جیسے ہی کہ یہ ایک بہت بڑی سڑک کے واسطے ہے اسکا حصہ کسیقدر چھپا رکھا تھا۔ پولی بہت پریشان خیال تھی۔ اوسکی پوشاک ایک عجب مرکب شال اور زیورات سے تھی۔

اس تخت کے کونے پر سنہلے حرفون مین شاہ عالم کے حکم سے لکھا گیا تھا۔

شعر

اگر فردوس بر روے زمین ست
ہمین ست وہمین ست وہمین ست

آج مرزا ابوبکر تنہا دیوانخانہ مین تھا۔ بڈھا ظالم بادشاہ ابھی تک محل (زنانہ) سے نہ نکلا تھا۔ مرزا مغل کمانڈر انچیف باغی کی کمانیری کا پورا کام کرتا اور محنت کے ساتھ اس فرض کو ادا کرتا تھا۔

مرزا ابوبکر نے سماعت کے بعد کہا " یہ بہشت کے لائق تر

"مس وسٹن خوف مت کھاؤ۔ تمکو تکلیف نہ دیجاویگی۔
نہین ایک بال کو بھی تکلیف نہوگی۔ تم یقین ہو مجھے
بخوبی جانتی ہو۔"

"میرے حاکم تم میرے بڈھے باپ سے واقف ہو
تمنے میری بہنون اور مجھپر ایکبار بڑی مہربانی کی تھی
ایکمرتبہ ہمکو کشمیری شال اور طوق تحفہ مین دیا تھا جو بیچ
لارڈ تمکو یاد ہوگا۔"

"ہان اچھی طرح سے بخوبی۔"

"تمنے ہمکو عزت۔"

مرزا ابوبکر نے کسیقدر سنبھل کر جس سے اونکے چہرے کی
رنگت بدل گئی کہا۔ "اب عزت اور بھی تمھاری کیا چاہتا
ہون۔"

(ہاتھ جوڑکر) "اے میرے حاکم میرے اوپر رحم کر۔"

"اس کمسن فرنگن کی ایسی بھلی آواز ہے کہ سانپ
بھی جنگل کا مست ہو جاسے۔"

"مین آپ سے شکایت کرونگی کہ میرے پیارے باپکے
ساتھ کل بہت بدسلوکی آپ کے آدمیون نے کی۔ آپ
میرے حاکم انگریز ہیے بخوبی واقف ہین۔ اگر وہ ابھی
زندہ ہے تو اوسکو بچائیے اور مجھکو دیکھنے دیجیے۔ ہمیشہ
تمھارے واسطے ہملوگ دعائین مانگین گے۔"

"کافرون کی دعا گالی کی برابر ہے۔ لیکن دیکھیے کیوہ۔"

"ہان میرے لارڈ مجھے وہان لے چلیے۔"

"اب بالکل غیر ممکن ہے۔"

"کیا وہ مرگئے۔ کیا وہ مرگئے۔"

"وہ زندہ ہین اپنے باپ شاہ کی قسم کھاتا ہون
وہ زندہ ہین۔ لیکن بات یہ ہے کہ کسی دوسرے مرد کی
آنکھ آج سے مس وسٹن نہین دیکھے گی۔"

"اوسکی جان بچاؤ اور آزاد کرو۔"

"اوسکی جان بچالی جاسے گی بشرطیکہ ممکن ہوگا۔"

"کیا ان سب حرموات کا اسے میرے لارڈ آپ کو کوئی
خوف نہین ہے۔ تمکو یاد رکھنا چاہیئے ایک خوفناک سزا
تمھاری اور تمھارے لوگون کی ہونے والی ہے۔"

(ہنسکر) "دیکھو یہ چھوٹی لڑکی یا ملکہ ہمکو دہمکی دیتی ہے
لیکن تمکو خود نہین معلوم۔ کیا تم کہتی ہو۔ سلطان اور
شاہ وحاکم ہمر آیندہ سے اجازت نہ دینگے کہ تمھارے
آدمیون سے کوئی ہندوستان کو آوے اور اگر برگیڈیر
نپولین نے مدد کی تو لوگون سے بحر قلزم ہی ہے
جسکو تم ریڈسی کہتے ہو خاتمہ کردیا جاویگا۔"

"اے نہین شاہزادہ وقت پر رحم کر۔ تم ہمارا مقابلہ کسی
بات مین نہین کرسکتے ہو۔"

"مس بولی تم بڑی بہادر و دلیر معلوم ہوتی ہو لیکن
باوجود یہ اچھا نہین کوئی دوسرا بدلنا چاہیے۔"

"جہان پناہ اگر ہمکو اجازت دین۔"

"اگر دین تو کیا ہو؟"

"آمنہ؟ نہین وہ پیغمبر کی مان نہین۔ فاطمہ تھین
وہ اونکی لڑکی اور چار پاک عورتین ہین تھی۔ ایک
کافرہ کا نام ایسا رکھنا مناسب نہین۔ اچھا نور محل
رکھو۔ ایک دہلی کی ملکہ اس نام کی ہوگئی ہے۔ لیکن
وہ کافرہ تھی۔ اور نہ کسی سفید منہہ غلام کی لڑکی۔"

"جہان پناہ یہی اچھا ہے۔"

"اچھا نور محل سہی۔ آیا سے کہدو۔"

"یہ مثل ہزارہی گلاب کے خوبصورت ہے۔"

"اچھا اسکو زنانہ کے اوس حصہ مین رکھو جو پھاٹک
کیطرف ہے۔"

"جہان پناہ اس انتظام سے راحت نہ ملیگی۔"

"کیون۔"

"کیونکہ وہان شاہ برج سے پانی دیوار کے قریب
ہوکر گذرتا ہے۔"

"اس سے بحث نہین وہ سب سے علیحدہ ہے۔ اور تمکو اپنی جان کی قیمت پر دیکھنا چاہیے کہ کوئی اوسکے قریب نجاوے۔"

(پولی کیطرف مخاطب ہوکر) "مس وسٹن وہان تمھاری پوری خبرگیری ہوگی۔ اور جب تمھارے خیالات یکجا ہونگے مین تمھارے پاس خود آؤنگا اوسوقت تک تم سے کچھ کہنا بیکار ہے۔"

"میرا غریب پاپا!"

"اطمینان رکھو وہ ابھی تک محفوظ ہے"

"لیکن مائی لارڈ کہان ہے؟"

"ابھی چہار دیواری کے اندر۔"

"محفوظ۔ شکریہ! اور تم؟"

"قسم روح اور چادر حضرت محمدی کی یہ تو مجھے پریشان کیئے دیتی ہے" ایک آیا اور وہ حبشیون کے سے غلام جنکے جسم پر سفید پوشاک اور سر پر لال جبہ پگڑی تھی اسکو لے چلے مگر نہین معلوم تھا کہ وہ کہان ہے۔ قبل سپہر کے اوسکو زور شور سے بخار چڑھ آیا۔

مرزا ابوبکر بانک چادر کی قسم اکثر کھاتا تھا کہ جو ایک مشہور یادگار رکھنے والا جیتھڑہ قندھار مین رکھا ہوا ہے۔ جہان شاہ شجاع نے ایک بیتہ انگریزی گارڈ کے ساتھ پرستش کی تھی اب یہ ہمراہیان اپنے دل مین کچھری بچاتے تھے۔ ایک نے کہا۔ "کیا ایک کمبخت چھوٹی فرنگن لڑکی ہم اتنے لوگون کو پریشان کر رہی ہے دیکھو خراب کرتی ہے۔ ایک شاہزادہ دہلی جسکے ہی واسطے آفتاب نکلتا ہے۔ اڑکا تھا بہادر شاہ کا جو اگر نیم شب کو صبح کہدے تو بالکل تارے گم ہوجاوین اور آفتاب نکل آوے۔"

جیسے ہی بابو بلی سنگھ نے شاہزادہ کی مدد کی کہ وہ اپنی آرام کرسی سے اوٹھے۔ اوسنے کہا معلوم ہوتا ہے

یہ بہت جلد دن نکلے گی۔ اور علاوہ اسکے ایک کمبخت یہ ہے کہ اسکی شکل سے ثابت ہوتا ہے کہ بہت جلد بیمار ہونیوالی ہے۔ اور ہم لوگ ان فرنگیون کے علاج سے واقف نہین ہین"

"ایک حکیم علاج کرسکتا ہے"

"لیکن اوسکے بعد نہین جب وہ مجھ سے ملاقات کرچکی ہو اوسوقت مجھے عزیزن کی حسد وجلن کا خوف ہے" لیکن عزیزن جسکا ذکر کیا گیا ہے خاص محل تھی جو بہت سے ظلمون اور جرائم کی بانی تھی کہ جن حالات مظالم سے آنے والی جنوری مین کورٹ مارشل کے وقت ہم لوگ آگاہ ہونگے۔

"اور مین اوس بڈھے فرنگی ملا کو اوسکی آنکھون کے روبرو ایک گولی سے اوڑادونگا"

"کیون"

"مس پولی اطاعت کا سبق لیگی"

"اس تم بہت کم فائدہ اوٹھاؤگے۔ بڈھے بجت سنگھ شاہ لاہور کے سایہ پر ٹیک لگاکر"

"تو پھر جہان پناہ کسطرح آپ اوس فرنگن لڑکی پر دخل پاوینگے"

"مین مشکل سے جانتا ہون"

"تو پھر مین ایک تدبیر بتلاتا ہون"

"ہان فوراً بتلاؤ"

"پادری وسٹن کو اسیجگہ قید رکھیے اور اوسکی زندگی ہروقت خطرہ مین رکھیے جسکی جان بچانے کو وہ بخوشی متابعت کریگی"

شاہزادہ نے اس خیال کو پسند کیا اور مسکرایا۔

"ایسا ہی ہو پھر سنگ اسود کعبہ کی قسم یہ پورا خیال نہین ہے! اور اب مین گھوڑے پر سوار ہوتا ہون مجھکو شمس الدین خان اور اپنے وفادار رسالہ کے

سواروں سے شالامار باغ کے میدان میں پڑ بیٹھے ملنا ہے
اسواسطے ہمکو اب چلنا چاہیے"
شاہزادہ بے خبر تھا۔ شاہی رسالے کے جنرل کے
فرائض ادا کرے۔ لیکن بابو ٹلی سنگھ کے ظالم مشورہ
کی پابندی کی گئی۔ اور کچھ عرصہ تک بدقسمت پاڈری
وسٹن کی زندگی برقرار رہی کس غرض سے کہ نتیجا اوسکو
بالکل نہیں معلوم تھی۔

سیتیسواں باب

تین مندروں کے باغیں

اسطرح سے جب پاڈری وسٹن اور اوسکی دو لڑکیاں
اور نیز یتیم لڑکی ولی بالکل علیحدہ علیحدہ قیدی شہر دہلی
میں ہیں۔ جیک ہرور توپخانہ کے گھوڑے کی لگام پکڑے
کہ جسپر اوسنے لینا کو سوار کیا تھا میرٹھ کی سڑک کی تلاش
میں بڑھا۔ جو راستہ پریشانی اور جلدی میں بھول
گیا۔ اور اس باعث اوسکو کوئی کشتی نہیں ملا کہ تیر
دو داب کے اوسجانب جائے۔ باغیوں نے محض شرارت
سے یا اس غرض سے کہ بھاگنے والے پناہ نہ پاویں
دونوں پلوں کو توڑ ڈالا تھا۔

جیسے ہی کہ ہرور نے اس خوبصورت شہر کیجانب نگاہ
اوٹھائی جسمیں سے دو مقاموں سے آگ نکل رہی تھی
کہا کہ "افسوس ہزار پانسو آدمی ہی میرے ساتھ ہوتے
پانسو یا اگر اوسکے پاس اپنی بہادر رجمنٹ کے صرف
نصف آدمی ہوتے یا وہ ہمیں سے کہ جنہوں نے سل
نکلنس کیمبل اور ہولاک کے زیر کمان بدلا لینے کیواسطے
چڑھائی کی تو وہ ضرور اوس شب کو بہت کچھ ان قیمت
ان پانڈیوں اور خاندان مغلیہ کے واسطے کر دیتا لیکن
اب تو وہ بھاگنے والوں سے تھا۔ اور اس باعث موجودہ
حالت میں یہ خواہش فضول تھی۔

اگرچہ غصہ میں بھرا ہوا تھا تو لینا کے خیالات افسوس
سے بھرے ہوئے اور ملائم تھے۔
"ہرور کیسیقدر اب مشکل اون حالات غضبناک پر
خیال ہی کا دوڑاتا ہے خون خرابہ مار پیٹ ہم نے دیکھا اور یقین
کرتے ہیں کہ یہ اوس حصہ دنیا سے ہے کہ جو خدا نے بدی
کے واسطے بنایا ہے"
لینا "خدا نے ملک بنایا لیکن پانڈیوں نے قصبہ"
یہ جواب ہرور کی جانب سے تھا کہ جسنے افسوس سے زبان
کھولی۔ کیونکہ اوسکو معلوم نہ تھا کون شخص مرا اور کون
نہیں؟ یہ آگے وقت پر بتلایا جائیگا۔

اونکو معلوم نہ تھا کہ بھاگنے کے وقت ایک پاؤ میل کے
فاصلہ پر جہاں سے وہ خوف اور گھبراہٹ میں بھاگ رہے
ہیں۔ اوسکی کمپنی کے سپاہی اور پلٹن کے لوگ اور
عورتیں میرٹھ کیجانب بھاگ رہی تھیں۔ بہادر
ڈو مائل مثل دوسروں کے ایک بچہ کو گردن پر لادے
تھا جو نہیں معلوم کسکا تھا۔

ہرور اور لینا خاموش آگے بڑھے کبھی کبھی آپس میں
گفتگو کرتے۔ جیک نے اپنے دل میں کہا "کیا مجھکو
کچھ حق حاصل ہے کہ اوسکو اطمینان دوں یا اسکے لیونگا
بوسہ لوں"
لینا کو صرف اپنے کھوئے ہوئے خاندان کا خیال
تھا کہ جو کبھی اب پھر ملنے والا نہ تھا
اوسنے صدق دل سے افسوس اونچ ظاہر کیا۔
مگر اوسکی اصلی خواہش تھی کہ بخیریت وہ اور اوسکا
خاندان کسی مکان تک پہونچ جاوے۔ رات کی شبنم
اور اوسکے نتائج بخار وغیرہ کا خوف تھا۔ وحشی جانوروں
کا خوف تھا جو جنگل میں بھرے ہوئے تھے آگ وہ
روشن کر نہیں سکتا تھا۔ سور۔ ریچھ بھیڑیے۔ شیر
اور انسے بڑھکر ایک جماعت کے مجنون وحشی ہندوستانی تھی۔

گھڑی گھڑی کے بعد آہٹ پاتے ہی جبک اپنے ہاتھ مین تپنچہ اوٹھا لیتا جسکی صرف یہ خوشی تھی کہ قسمت نے لینا کو اوسکے سپرد کیا۔ اور اس بارہ خاص مین اوسکا ستارہ بلا شک بلندی پر تھا۔

ایک ہاتھ گھوڑے پر اور دوسرا اوسکے بازو پر رکھکر اوسنے کہا "پیاری لینا کوشش کرو کہ تمھارا رنج زیادہ نہو۔ امید کرو کہ کم سے کم سب ہاتھ تھک گئے ہین اور یہ تم اون سے جلد بلونگے کیونکہ ہم نہین جانتے کہ آگے کیا ہو۔

اپنے تئین خیال کرتا ہون کہ کسیقدر الھڑ ہون اور نہین جانتا کہ کسطرح سے اطمینان دون۔ لیکن یہ مجھے معلوم ہوتا ہی کہ تمھارے اقربا ایسے نیک اور اچھے ہین کہ خدا اونکی حفاظت کریگا"

"یہ سچ ہی سچ ہی لیکن مین کسطرح سے امید کر سکتی ہون خصوصً جب مین خوف کرتی ہون کہ وہی امید تمھارے دل سے نکل گئی ہی لیکن مین کوشش کرونگی کہ آنسو روکون شاید تم ان سے پریشان ہوتے ہو اور مجھے خود نہین معلوم کہ کہان تک ابھی مصیبت برداشت کرنی پڑیگی"

ایسی تکلیف کے وقت مین "تم" کا لفظ جبک کو بہت پیارا معلوم ہوا لینا کی آواز ایسی بھلی اور پیاری تھی کہ اندھا آدمی بھی اوسپر عاشق ہو جاتا اور چونکہ اب دونون تنہا تھے اس باعث اس جنگل مین اوس پرانے زمانہ کی بار بار یاد آتی تھی۔

جبک تجربہ نے سکھلا دیا ہی لینا برداشت سب سے عمدہ شے ہی"

"کیونکہ اس سے دوسرے روکے جاتے ہین"

"صحیح ہی اور اس باعث ایسی طاقت جو حاصل کرنے کے قابل ہی"

"جبک تم مضبوط آدمی ہو۔ مین ایک کمزور ٹوٹے ہوے دل جوش سے بجھی ہوئی اور خالی تکلیف دہ ہون"

"لینا اب تمھاری زبان سے وہ نہین نکلتا جو دل مین ہی۔ لیکن مین خدا کی قسم نہین جانتا کہ ہم کہان ہین"

"ہم لوگون نے میرٹھ کی سڑک چھوڑ دی ہی۔ بہت عرصہ ہوا مین اوس سڑک پر پاپا کے۔ پیارے پاپا کے ساتھ گئی تھی اور اس باعث بخوبی جانتی ہون"

"اور ہم لوگ نہر دواب سے نکل آئے ہین۔ وہ جو آواز ہم لوگ سن رہے تھے اوسنے مجھکو بھگا دیا"

اور اب ہمکو کوئی جگہہ تلاش کرنا چاہیے کہ جہان شب کو رہین۔ اور مین صبح تک نگہبانی کرونگا"

چاند پھر اسایہ بادل کا جو آیا تھا وہ ہٹ گیا تھا وہ چمک رہا تھا اور جوار اور روئی کے کھیتون سے گذر کر انھون نے ایک باغ دیکھا کہ جسمین بالکل خاموشی اور سناٹا دیکھکر بیٹھ گئے۔

اس باغ کے درمیان مین ایک ٹکڑا زمین کا بالکل صاف تھا جسپر چاند چمک رہا تھا درخت بہت خوبصورت عمدہ املی اور انبہ کے تھے انمین جگنو ادھر ادھر چمک رہے تھے۔ وسط مین ایک بہت بڑا تالاب تھا کہ جو بالکل سنگ مرمر کا بنا ہوا تھا کہ جسمین سفید خوبصورت کنول کے پھول لہرا رہے تھے۔ اسکے تین جانب تین چھوٹے چھوٹے شوالے تھے۔ تینون یکسان دیوارین انکی سنگ مرمر کی تھین اور زینہ کہ جسپر چینی کا کام تھا۔ ہر ایک مین ہر ایک رنگ کی شمع روشن تھی کہ جنکی روشنی ایک جھلملے ہوے بہت سی دریا مین گرتی تھی۔ جہان چاندکی روشنی کے باعث یہ حباب سی معلوم ہوتی تھی۔ یہ تین مندر بیچ جانشین مہیش کے تھے۔ اوس مقام پر سوائے پوجاریون کے اور کوئی شخص نہین آسکتا۔ اور جہان بہروپئے اوسی مایوسی اور امید تین

جسطرح سے کہ کیٹ نے جامع مسجد شاہ جہان مین
صرف کی اپنی سب یہ صرف کیا جاتا تھا اوسنے
ایسا مقام پسند کیا کہ جہان گھاس زیادہ تھی اور
اپنا گھوڑا کھول دیا اور وہان سے تالاب کو پانی پلانے
لے گیا۔ اوسنے گھوڑے پر نظر شفقت کی کہ اوسکی
مدد سے وہ لینا کو بچائے رہا۔ گو لینا کو فوجی کاٹھی
کے باعث کسیقدر تکلیف تھی مگر اس گھوڑے کی بدولت
غریب بچ سکی۔

جیسے ہی کہ جیک نے گھوڑا پانی مین ڈالا کہ کسیقدر
گھبرا کر پیچھے ہٹا کیونکہ بہت سے گھڑیالون کو یکبارگی حرکت
ہوئی کہ جو ادھر اودھر جا رہے تھے۔ جیک نے اپنے دل
مین کہا " قابل نفرت شیاطین اگر مین اسمین غوطہ
لگاتا تو یہ میرے گوشت کو کھا ہی گئے تھے"

بہت سے اسمین ۲۰ فٹ کے لمبے تھے۔

اپنے بڑے چغہ سے کہ جو وہ توپ سے لے آیا تھا اوسنے
ایک کوچ ایسے مقام پر بنایا جہان گھاس نرم اور
خشک تھی اور لینا کو سلا کر اوسپر کپڑا ڈال دیا کہ شبنم
سے بچی رہے۔

" اگر ممکن ہو پیاری لینا ایک نیند سو لو۔ اور مین بہت
ہوشیاری سے تمہاری نگہبانی کرونگا۔ اس باعث
خوف نہ کھاؤ"

" پیارے جیک تم اپنا ہاتھ مجھے دو"
اسنے دوڑ کر ہنسکر اپنا ہاتھ دیا"

جیسے ہی کہ لینا نے اوسکو دبا کر اپنے لبون کے قریب
لگایا کہ ہربرٹ نے آنسو بہ رخسارون پر معلوم کرکے
کہا۔

" نہین نہین! اسکو اب یہ نکرنا چاہیے"

" اس دنیا مین جیک اب تم ہی میرے دوست ہو
اور مین بخوبی جانتی ہون کہ تمہارا اس نجات دہ
محبت کے قابل نہین"

دونون ہاتھون پر بوسہ لیکر اوسنے اپنا چہرہ اودھر ہٹا کر کہا
" لینا سو رہو سو رہو"

یہ اپنی پستول لیکر ایک انبہ کے درخت کی جڑ پر بیٹھ گیا۔
کچھ عرصہ بعد سوائے لینا کے خراٹے کی آواز کے اور
کچھ نہ معلوم ہوا۔ وہ سو رہی۔ اور ہربرٹ کو اس سے
بخوبی اطمینان ہو گیا۔ لیکن اسکا یا مانند رحمتی کی آنکھ
مین نیند نہ آئی۔ اوسکو معلوم ہوتا تھا کہ گویا کہ
اوس دلہن کی شادی کو ایک سال کا عرصہ گذر گیا ایک
بڑے کھجور کے درخت نے لینا کو شبنم سے بچایا لیکن
ہربرٹ اپنی اس خواہش کو نہ بچا سکا کہ ایکبار اوسکی
طرف نگاہ رہے۔ یہ ادھر اسطرح سے خراٹے مین
سو رہی تھی کہ بالکل خبر نہین رہی۔ ہربرٹ نے اپنے
دل مین کہا " شکر خدا کا اگر شبنم نے اوسپر زیادہ اثر
نہ کیا ہو تو آیندہ سفر کے واسطے وہ کافی طاقت حاصل
کریگی۔ بال کی لٹین اوسکے چہرہ پر سے ہربرٹ نے ہٹا دیا
جسکے بعد خوبصورت زرد چہرہ نظر آیا کہ جیسے
کپڑا کھسک گیا تھا کیونکہ اسنے ایک خواب دیکھتی ہوئی
کروٹ بدلی تھی۔ جیسے ہی کہ سیاہ [illegible] اوسکے
سیاہ بالون پر آکر بیٹھ گئے کہ جنکی چمک سے [illegible]
پہ ہی سی معلوم ہوتی تھی۔ لیکن اب اپنا چہرہ کو اوسکے
چہرہ پر سے ڈالکر وہ تنہا سنتری کے طور پر علحدہ
بیٹھ گیا۔

اوسنے ایک عجیب غمناک خوشی سے اس بے تعصب
نرم چہرہ کو دیکھا کہ جس سے شان اور خاندانی
شرافت ظاہر ہوتی تھی۔

جرٹ اور بے شرائے سپاہی کا خیال کرتا کہ جو اوسکو
آرام دینے والی تھی۔ لیکن انقلاب وجود کہان
جیک نے یہ خیال کیا کہ کسیقدر یہ عجیب ماجرا

عجیب — فنا دنیا کی ہے کسقدر مین نے خواہش کی
تھی کہ ایک — بیٹے پر کہ مرجھایا ہوا پھول ایک
اوتارا ہوا دستانہ لینا کا اون دنون کے بعد کا جب
سے کہ اوسنے رد کئے کے باعث مجھے چھوڑا پایا تہا اور
اب مین یہان تنہا اوسکے پاس ہون اس نشان
کو تکل مین پیاری لینا اپنے نشان میری حفاظت مین
چھوڑ گئی ہے اور اگر میری بلا سے [illegible] باقی ہے تو ضرور
حفاظت ہوگی لیکن مجھے معاوضہ مین کیا ملیگا — خاص
کر جبکہ یہ جیسا کہ اگر کسی دوسری عورت کے ساتھ
سلوک کیا جاتا وہ اوسکو اگر تی یہ اوس شخص کے واسطے
دشوار ہے کہ جو ابھی تک پیشتر کیطرح سے اوس سے محبت
کرتا ہے — یہ ایک عجیب بات ہے — مین چاہتا تھا کہ ہماری
مدد کو وہی تین آدمی کارنس [illegible] کے ہوتے —
جبکہ اس معاملہ کی سچائی دریافت کرتا جاتا تھا —
عشق کا پہلا اور آخری منزل عاشق و معشوق کی
حفاظت ہے —

وہ سو نسکا — لیکن کسیقدر یہ نہین چھپاؤنگی جھکاوٹ
اور ماندگی سے جھپٹا تھا کہ ایک شخص کی آہٹ پاکر اوٹھا
اوسنے ایک ہندوستانی کی تھی جو قریب کھڑا ہوا تھا اور
جو چاندنی مین اوسکو اور سونے والی لیڈی کو آنکھین
گاڑے دیکھ رہا ہے

۴۸

اڑتیسوان باب

ایک ہندو کاشتکار

بہت سہم کر ہیرا اپنی بندوق لیکر کھڑا ہوا لیکن یہ آدمی
چونکا اور اسنے سلام کیا — ہیرا نے خیال کیا کہ یہ بالکل
غیر مسلح ہے یا شاید شکوہ جاوے اور دوسرے لوگ مدد
کو آجاوین اور اسطرح سے خوفناک ثابت ہو —
ہیرا ایک لمحہ بھر کے واسطے اس سوچ میں بیٹھا گیا
خود وہ تلوار سے اسکے سر کو تن سے جدا کرنے پاتھ کہ
دیکھا ایک غریب مین ہے شکل ہے یا شاید [illegible]
ہوا — ایک اوسنے کا [illegible] ہندوستان کے بہت
حصص میں پایا جاتا ہے اپنی پوشاک پہنے تھا کہ جسطرح
سے تمام دنیا مین ہر ایک خیالات اور طرز کے لوگ نے
ہین — اسکی پوشاک مین صرف وہ دھوتیا تھین
کمر کے نیچے گھٹنون تک لٹکی ہوئی تھی اور دوپٹہ
گلے کے گرد تھا — اوسکی بڑی بڑی آنکھین جسمین نا
بالکل کھال نظر آتی تھی چمکتی تھین [illegible]
صرف ایک زیر پائی [illegible] بالیان تھین اور
گلے مین کنٹھا جو قیمتی معلوم ہوتا تھا اور بھی سفید
داڑھی مین بالکل پوشیدہ تھا کہ جسپر نہ تو نیل لگا
تھا اور نہ سیاہ — اوسنے کہا سلام صاحب خوف
نہ کھاوین ایک یا اس بوڑھا آدمی ہون اور تم کو
دوست ہے

"سلام — لیکن یہ کیسے معلوم ہو کہ تم انگریزون کے
دشمنون مین سے ہون جو نہ تو کو نقصان پہنچا سکتے
اور نہ اونکا ایسا ارادہ ہے"

"بہت اچھا ہے تم جسطرح سے دیکھتے ہو ہم بھی
ہین لیکن تم ہو کون ہا"

"میرا نام [illegible] ہے ایک ہندو کاشتکار [illegible]
کنسو [illegible] کا ہون — مین خیال کرتا ہون کہ آپ [illegible]
بھاگتے ہوالون مین [illegible] کا [illegible] خوفناک [illegible]
جان بچانے بھیجے ہین"

"ہان ایسا ہی ہے — اور مین امید کرتا ہون کہ [illegible]
ہمارا حال ذرا اپنے لوگون سے کہدیگے اور
بہادر شاہ کے آدمیون سے چھپنے [illegible] کی ہے"

"خدا نہ کرے — مین نے تم لوگون سے [illegible]
چاول اور [illegible] کی تجارت کی ہے [illegible] کہ چھپا [illegible]

…کی جنگ میں سید حیا کو شکست دی تھی کام کرتا
…پچاس برس ہوئے جب میں بچہ تھا - اور میری
…لڑکی پادری صاحب کے یہاں آیا ہے کہ جسکے ساتھ
…نے مثل اپنی لڑکی کی برتاؤ کیا - اور جسکے باعث
…اپنے ملک کا سچا رہونگا - اور اوس قوم کے
…آدمی سے محبت کرونگا "

…تھا سفیہ کے باپ ہو جسکو میں نے پادری صاحب
…یہاں پر کئی بار دیکھا ہے "

…نے یہ سب حال لینا سے کہا جو گفتگو سنکر
…رہی تھی - کہنے چونک کر پوچھا " خدا بخش ؟ "
…نے سر جھکا کر جیسے ہی پیہا جھک کر سلام کیا
…اپنے ٹھیکے کے کام پر جب کنٹونمنٹ جاتا ضرور
…صاحب کے یہاں اپنی لڑکی سے ملنے جاتا تھا -
…پادری ولسن صاحب کی بڑی لڑکی مس لینا ہے
…افسوسناک ماجرا ہو - پادری صاحب اور دوسری
…یں اور کہاں ہیں "

…مس خدا بخش میں خود نہیں جانتی کہ وہ کہاں
…شاید موت میں سوتے ہیں "

…یا شفقہ - بڑھیا کی نظر زمین پر رہے میں اوس
…سوچا کرتا تھا - یہ میرا دستور ہے
…آج میرا گھر ادھر ہوا - میرا گھر نزدیک
…لینا وہاں ٹھہر نہیں سکتی - شبہ اونکی جان
…جلد میں تمکو اپنی جان خطرہ میں ڈالکر
…نیک پادری ولسن صاحب کی لڑکی کو
…لیا ہو گئی - جو ہمیشہ میرے اوپر مہربان رہے - "
…نزدیک بیٹھ کر لینا کے کان میں کہا
…پوچھا کیا ہم اس بڈھے کا اعتبار کرسکتی ہیں "
…کان میں کہا اور نیک خدا بخش کو اچھی طرح سے
…مجھکو شبہ نہیں وہ ضرور اپنے ملک کا سچا ہوگا

تین یہ ابھی نہیں بھولا ہوں کہ کس طرح وفادار
سپاہی رہے - لیکن وفاداری کے بیلے ہی نشان پر اسکا
خاتمہ ہوگا (لینا کو گھوڑے پر سوار کرکے ہندوستانی نے
کہا) ۔ ہاں بڈھے دوست چلو میں امید کرتا ہوں تمہارا
گھر نزدیک ہے کیونکہ سڑک اون لوگوں سے بھری ہے
جنسے میں ملا نہیں چاہتا ہوں "

ہندو کاشتکار نے پھر سلام کیا اور شمال کیجانب ہاتھ
سے بتلایا - جہاں اپنے گیہوں اور جوار کے کھیتوں تک
وہ لیچلا - اس باغ سے مکان نصف میل صوبہ پرگاو
میں تھا جو چھ میل دہلی سے خوش قسمتی سے بالکل علحدہ تھا
بڈھے خدا بخش اور اوسکے گھر کے لوگوں نے نہایت
وفاداری سے ان … کی مہمانداری کی تین روز
تک یہ لوگ بخیریت اور پوشیدہ رہے - لینا کو اس عرصہ
میں کچھ طاقت بھی آگئی - جو بہت ہی مناسب تھی کیونکہ
ابھی اوسکو بہت سے مصائب برداشت کرنے ہیں -
اس قدرتی امید سے کہ سفیہ جو اوسکے گھر کی آیا ہے اپنے گھر
واپس آویگی - اور اوسکے بچھڑے ہوؤں کا حال بتلاویگی
لینا عرصہ تک خدا بخش کے یہاں قانع رہی اور بڈھا
بعض اوقات حوصلہ کے بڑھانے کے واسطے اپنے طور پر
یہ کہا کرتا " شاباش لینا اپنی ہمت کو برابر قائم رکھو
تم جیسی کہ ہمیشہ سے ہو اب بھی خوش قسمت لڑکی ہو "
بجز اسکے جبکہ … کو مکان کے اندر رہنا پڑتا اس باعث
ناقابل برداشت تھا کیونکہ خدا بخش کا مکان دوسری
… کیطرح چھوٹا تھا بالکل صاف ہوا کی جگہ نہ تھی - گوبر
… مویشی اور بچے سب ایک ہی جگہ - لیکن اس سے خدا بخش اور
اوسکے لڑکوں کو کوئی نقصان نہ پہنچتا تھا - کیونکہ زیادہ تر
حفاظت کے واسطے اپنے بچوں کے کھیتوں میں یہ لوگ تمام
وقت صرف کرتے - لیکن وہ دن شروع ہوتے وقت دعا
مانگتا - اور پھر جیا کو سونگھتا - اوسکی بیوی اوسکے سامنے

کھانا پروستی۔ اور جو کچھ پس ماندہ بچتا خود کھاتی اور گو
بہت کم واقفیت تھی کہ ہرور اور لیلا میں کیا تعلقات ہیں
مگر ایک دفعہ اشارہ کیا کہ لیلا کو اوسوقت کھانا چاہیے کہ جب
